5277CH01

# 1
# سرمایہ حصص کا حسابی عمل
# (Accounting for Share Capital)

## مقاصد آموزش

**اس باب کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ:**

- ایک کاروباری تنظیمی شکل کے طور پر مشترک سرمایہ کمپنی کی بنیادی نوعیت اور مختلف قسم کی کمپنیاں جو اپنے ممبران کی ذمہ داری پر منحصر ہیں، کے بارے میں بتا سکیں گے۔
- کسی کمپنی کے ذریعہ جاری کردہ مختلف اقسام کے حصص کے بارے میں بیان کرسکیں گے۔
- تناسب پر، پریمیم پر اور بٹہ پر جاری کردہ، حصص مع زائد اعانت (چندہ) کے حسابی عمل کی وضاحت کرسکیں گے۔
- تغیر پذیر حالات میں ضبطی حصص اور ضبط شدہ حصص کے مکر اجرا کے حسابی عمل کا خاکہ بنا سکیں گے۔
- حصص کے ضبط کر لیے جانے کے بعد سرمایہ ریزو (ذخیرہ) میں منتقل کی جانے والی رقوم کا حساب لگا سکیں گے۔ حصص کے مکرر اجرا کے بارے میں وضاحت کر پائیں گے۔ اور ضبطی حصص کھاتہ تیار کرسکیں گے۔

کمپنی، پیکر تنظیم کی ارتقائی اشکال تنظیم میں تیسرا مرحلہ ہوتی ہے اس کے سرمائے کے لیے بڑی تعداد میں لوگ اعانت کرتے ہیں جو حصہ دار کہلاتے ہیں نیز یہ کمپنی کے حقیقی مالک بھی ہوتے ہیں۔ لیکن تمام لوگوں کا کمپنی کی انتظامیہ میں حصہ لینا ممکن نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی یہ پسندیدہ امر تصور کیا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ کمپنی امور کے نظم میں اپنے نمائندوں کے طور پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کا انتخاب کرتی ہے۔ فی الحقیقت کسی کمپنی کے تمام امور کمپنی ایکٹ 2013 کے قوانین کی زیر نگرانی ہوتے ہیں۔ کمپنی سے مراد وہ کمپنی ہوتی ہے جو کمپنیز ایکٹ 2013 کے تحت تشکیل دی گئی ہو یا پھر اس سے قبل کے کسی کمپنی ایکٹ کے تحت درج فہرست ہو۔ چیف جسٹس مارشل کے مطابق ”کمپنی ایک شخص ہے، مصنوعی، غیر محسوس غیر مرئی اور صرف قانون کی نظر میں اس کا وجود ہوتا ہے۔ محض قانون کی تخلیق ہوتے ہوئے یہ صرف ان جائیدادوں کی مالک ہوتی ہے جسے اس کی تخلیق کا چارٹر (قانون) عطا کرتا ہے“۔ یا تو بیانیہ طور پر یا اس کے حقیقی وجود کے لیے واقعاتی طور پر کمپنی عام طور پر اپنا سرمایہ حصص (جو حصہ سرمایہ کہلاتا ہے) قرض نامے (ڈبینچرز) کی شکل میں اکٹھا کرتی ہے۔ اس باب میں آپ کمپنی کے حصہ سرمایہ کے حسابی عمل کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

## 1.1 کمپنی کی خصوصیات (ہیئت)

کمپنی کو افراد کی ایک انجمن کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے جو مشترک اسٹاک کے لیے زر فراہم کرتی ہے اور اسے مشترک مقصد کے لیے استعمال کرتی ہے۔ یہ ایک مصنوعی

© NCERT not to be republished

فرد اور ایک منظم قانونی ہستی ہوتی ہے جو اپنے ممبران (حصہ دار) سے ممتاز اور مشترک علامت رکھتی ہے جو اس کے دستخط کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ لہٰذا اس کی کچھ مخصوص خصوصیات ہوتی ہیں جو اسے دوسری تنظیموں سے ممتاز کرتی ہیں۔ یہ خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

- کمپنی ڈھانچہ: ایک کمپنی کی تشکیل کچھ قانونی دفعات کے تحت کی جاتی ہے جنہیں وقتاً فوقتاً نافذ کیا جاتا ہے۔ عام طور سے ہندوستان میں کمپنیوں کی تشکیل اور رجسٹریشن کمپنیز قانون کے تحت ہوتی ہے۔ صرف بینک اور انشورنس کمپنیوں کے لیے علاحدہ قانون میں ہیں۔
- علاحدہ قانونی ہستی: ایک کمپنی کی اپنی علاحدہ ہستی ہوتی ہے جو اس کے ممبران سے ممتاز اور جدا ہوتی ہے اور یہ کسی بھی قسم کی جائیداد رکھ سکتی ہے اور کاروبار کر سکتی ہے۔ یہ معاہدہ کر سکتی ہے اور اپنے نام کا بینک میں کھاتہ بھی کھول سکتی ہے۔ یہ لوگوں پر مقدمہ دائر کر سکتی ہے اور اسی طرح لوگ بھی اس پر استغاثہ دائر کر سکتے ہیں۔
- محدود واجبات: کمپنی کے ممبران کی ذمہ داری ان کے غیر ادا شدہ حصص تک محدود ہوتی ہے۔ بذریعہ گارنٹی کمپنی کے لمیٹڈ ہونے کی صورت میں اس کے ممبران کی ذمہ داری ان کے ذریعے دی گئی گارنٹی کی حد تک محدود ہوتی ہے اور یہ کمپنی کے بند ہونے کی صورت میں ہوتا ہے۔
- دائمی تسلسل: قانوناً تشکیل شدہ کمپنی بحیثیت ایک مصنوعی فرد اس کے وجود کا سلسلہ جاری رہتا ہے بھلے ہی اس کے اراکین تبدیل ہوتے رہیں۔ کسی بھی کمپنی کا خاتمہ قانون کے ذریعے ہی ہوسکتا ہے کمپنی کے کسی ممبر کے انتقال، پاگل یا دیوالیہ ہوجانے کی صورت میں کمپنی کا وجود متاثر نہیں ہوتا۔ اراکین آتے جاتے رہتے ہیں اور کمپنی چلتی رہتی ہے۔
- مشترک مہر: کمپنی ایک مصنوعی فرد ہوتے ہوئے بھی اپنے نام کے دستخط نہیں کر سکتی ہے۔ لہٰذا ہر کمپنی کو اپنی ایک سیل (مہر) درکار ہوتی ہے جو کمپنی کے سرکاری دستخط کے طور پر کام کرتی ہے کوئی بھی دستاویز جس پر کمپنی کی مہر نہ ہو اس کی ذمہ داری کمپنی پر عائد نہیں ہوتی ہے۔
- حصص کی منتقلی: پبلک لمیٹڈ کمپنی کے حصص آزادانہ طور پر منتقل ہو سکتے ہیں۔ ان حصص کی منتقلی کے لیے کمپنی کی اجازت یا کسی ممبر کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہوتی۔ لیکن کمپنی کا آرٹیکل حصص کی منتقلی کے سلسلے میں ایک طریقۂ کار متعین کر سکتا ہے جس کے ذریعے حصص کی منتقلی ہوتی ہے۔
- مقدمہ دائر کر سکتی ہے یا اس پر بھی مقدمہ دائر ہو سکتا ہے: کمپنی ایک قانونی فرد ہونے کی وجہ سے معاہدہ کر سکتی ہے اور دوسروں کے خلاف حق معاہدہ نافذ کر سکتی ہے۔ اگر کمپنی کے معاہدہ کی خلاف ورزی ہو تو یہ مقدمہ دائر کر سکتی ہے اور اس پر بھی مقدمہ دائر کیا جا سکتا ہے۔

## 1.2 کمپنی کی اقسام

کمپنیوں کی درجہ بندی یا تو ان کے ممبران کے واجبات کی بنیاد پر یا پھر کمپنی کے اراکین کی تعداد کے لحاظ سے کی جاسکتی ہے۔ اپنے ممبران کی ذمہ داریوں کی بنیاد پر کمپنی کی درجہ بندی مندرجہ ذیل تین طریقوں سے کی جاسکتی ہے۔

(i) حصص کے ذریعے محدود کمپنیاں: اس معاملے میں ممبران کی ذمہ داری ان کے پاس موجود حصص کی عمومی قیمت کی حد تک ہوتی ہے۔ اگر ممبر نے اپنے حصص کی پوری رقم ادا کر دی ہے تو اس پر کوئی بھی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی، چاہے کمپنی پر قرضہ ہو۔ اس پر اپنی ذاتی جائیداد سے ایک پیسہ بھی ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ہاں اگر کوئی ذمہ داری ہوتی ہے تو کمپنی اپنے قیام کے دوران یا کمپنی کے خاتمہ پر عمل درآمد کرا سکتی ہے۔

(ii) ضمانت کے ذریعے محدود کمپنیاں: اس سلسلے میں کمپنی کے ختم ہونے کی صورت میں اس کے ممبران کی ذمہ داری جتنی رقم کی اعانت کے لیے وہ ضامن ہے تک محدود ہوتی ہے۔

(iii) غیر محدود کمپنیاں: جب کمپنی کے ممبران کی ذمہ داری کی کوئی حد نہیں ہوتی تو اس صورت میں کمپنی غیر محدود کہلاتی ہے۔ جب کمپنی کی جائیداد اس کے قرضوں کی ادائیگی کے لیے ناکافی ثابت ہو تو اس کے ممبران کی ذاتی جائیداد قرضوں کی ادائیگی کے لیے استعمال کی جاسکتی ہے۔ بالفاظ دیگر قرض خواہ اس کے ممبران پر اپنے واجبات کی ادائیگی کے لیے دعویٰ کر سکتے ہیں۔ اس طرح کی کمپنیاں ہندوستان میں نہیں پائی جاتی ہیں حالانکہ کمپنیز ایکٹ کے تحت اس کی اجازت ہے۔

ممبران کی تعداد کی بنیاد پر کمپنی کو تین مندرجہ ذیل زمروں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

(i) عوامی کمپنی: عوامی کمپنی سے مراد ایک ایسی کمپنی (a) جو نجی کمپنی نہ ہو (b) وہ کسی نجی کمپنی کی ضمنی کمپنی نہ ہو

(ii) نجی کمپنی: ایک نجی کمپنی وہ کمپنی کہلاتی ہے جو اپنی دفعات کے تحت:

(a) حصص کی منتقلی پر پابندی عائد کرتی ہے؛

(b) ایک شخصی کمپنی کے ماسوا اس کے ممبران کی تعداد کو 200 تک محدود کرتی ہے (اس کے ملازمین کے علاوہ)؛

(c) کمپنی کسی بھی سیکیورٹی میں عوام کو چندہ کے لیے مدعو کیے جانے کی ممانعت کرتی ہے۔ ایک پرائیویٹ کمپنی میں کم از کم دو ممبر ہونا ضروری ہے۔

(iii) فرد واحد کی کمپنی: کمپنیز ایکٹ 2013 کے سیکشن 2(62) کی اور سے فرد واحد کی کمپنی کا تعلق ہے، ''ایسی کمپنی جس کا ممبر ایک ہی شخص ہو''۔ کمپنیز رولس (برائے تشکیل) 2014 کے رول 3 کے مطابق:

(a) صرف ہندوستان میں پیدا ہوا واحد ہندوستانی رشہری ہی فرد واحد کمپنی کی تشکیل کرسکتا ہے۔

(b) یہ غیر بینکی مالی سرمایہ کاری سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے سکتی۔
(c) اس کے اداشدہ سرمایہ کے حصص 50 لاکھ سے زیادہ نہیں ہوسکتے ہیں۔
(d) اس کے تین سال کے کاروبار کا سالانہ اوسط 2 کروڑ سے تجاوز نہ کرتا ہو۔

## 1.3 کمپنی کا حصہ سرمایہ اصل

کمپنی ایک مصنوعی فرد ہوتے ہوئے اپنے خود کے سرمایہ کی تخلیق نہیں کرسکتی جو اسے لازمی طور پر بہت سے لوگوں سے سرمایہ اکٹھا کرنا ہوتا ہے۔ یہ لوگ حصہ دار کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں اور ان کے ذریعے جو رقم بطور اعانت دی جاتی ہے اسے سرمایہ حصص کہتے ہیں۔ چونکہ حصہ داروں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے اس لیے اس سلسلے میں ایک علاحدہ سے سرمایہ کھاتہ ہر ایک حصہ دار کے لیے نہیں کھولا جاسکتا لہٰذا سرمایہ حصص اعانت کے ان گنت چشمے ایک مشترک سرمایہ کھاتہ میں مدغم کردیے جاتے ہیں جسے شیئر کیپٹل اکاؤنٹ یا 'سرمایۂ حصہ کھاتہ' کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے۔

### 1.3.1 شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کی قسمیں شیئر


اکاؤنٹنگ (حسابی عمل) کے نقطۂ نظر سے کسی کمپنی کے شیئر کیپٹل کی درجہ بندی مندرجہ ذیل طریقہ پر کی جاسکتی ہے:

- منظور اصل سرمایہ: منظور سرمایہ شیئر کیپٹل کی رقم ہوتی ہے۔ جسے کمپنی اپنے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن (کمپنی کے اغراض ومقاصد) کے ذریعے جاری کرنے کی منظوری دیتی ہے۔ کمپنی اپنے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں بتائے گئے سرمایہ کی رقم سے زیادہ جاری نہیں کرسکتی۔ یہ جاری اصل یا رجسٹرڈ سرمایہ بھی کہلاتا ہے۔ منظور سرمایہ کمپنی ایکٹ میں مقررہ ضابطہ کے تحت بڑھایا اور گھٹایا بھی جاسکتا ہے۔ یہ بھی قابل ذکر ہے کہ کمپنی تمام منظور سرمایہ کو بیک وقت عوام کو خریداری کے لیے جاری کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے بلکہ حسب ضرورت یہ شیئر کیپٹل کا اجرا کرسکتی ہے لیکن کسی بھی حالت میں یہ کمپنی کے منظور سرمایہ کی رقم سے زائد نہیں ہونے چاہئیں۔
- اجرائی سرمایہ: یہ منظور سرمایہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جو حقیقتاً عوام کی قبولیت کے لیے جاری کیا جاتا ہے جس میں وہ حصص بھی شامل ہوتے ہیں جو بیوپاریوں اور کمپنی کے میمورنڈم کے دستخط کنندگان کو جاری کیے جاتے ہیں۔ منظور سرمایہ جو عوام کو چندہ کے لیے پیش نہیں کیا جاتا اسے ''غیر اجرائی سرمایہ'' کہا جاتا ہے۔ غیر اجرائی سرمایہ بعد میں کسی بھی وقت عوام میں قبولیت کے لیے پیش کیا جاسکتا ہے۔
- وصول شدہ سرمایہ: یہ اجرائی سرمایہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جو فی الحقیقت عوام کے ذریعے قبول کرلیا گیا ہوتا ہے۔ جب شیئرز عوامی چندے کے لیے پیش کیے جاتے ہیں اور عوام کے ذریعے مکمل طور پر قبول کرلیے

جاتے ہیں تو وصول شدہ سرمایہ اور اجرائی سرمایہ یکساں ہوگا اور یہ ذہن نشین رہے کہ بنیادی طور پر وصول شدہ سرمایہ اور اجرائی سرمایہ ایک ہی ہوتے ہیں کیونکہ اگر وصول شدہ حصص کی تعداد پیش کیے گئے حصص سے کم ہے تو کمپنی صرف وہی حصص تفویض کرے گی جن کا چندہ اسے موصول ہوا ہے اگر کسی صورت میں حصص سے زیادہ ہے تو تفویض پیش کیے گئے شیئرز کے مساوی ہوگا بہ الفاظ دیگر زائد چندہ کتابوں میں درج نہیں کیا جاتا ہے۔

- طلب کردہ اصل سرمایہ: یہ وصول شدہ سرمایہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جو شیئرز (حصص) پر طلب کرلیا گیا ہو۔ اس کے بارے میں کمپنی طے کرتی ہے کہ وہ تمام رقم یا پھر شیئرز کے ظاہری قدر یا قیمت کا ایک حصہ طلب کرلے۔ مثلاً اگر تفویض کیے گئے شیئرز کی ظاہری قیمت یا قدر (علامتی قیمت بھی کہلاتی ہے) 10 روپے ہے اور کمپنی نے محض 7 روپے فی شیئر طلب کیے ہیں تو اس صورت میں طلب کردہ سرمایہ 7 روپے فی شیئر ہوگا۔ باقی 3 روپے حصہ داروں سے حسب ضرورت طلب کیے جائیں گے۔
- ادا شدہ سرمایہ : یہ طلب کردہ سرمایہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جو حقیقت میں حصہ داروں سے وصول کیا جاتا ہے۔ جب حصہ دار تمام طلب کردہ رقم ادا کردیتے ہیں تو طلب کردہ اور ادا کردہ سرمایہ ایک ہی ہوجاتا ہے۔ اگر کوئی بھی حصہ دار طلب کرنے پر کالس کی رقم ادا نہیں کرتا ایسی رقم کالس۔ان۔ایریرس (بقایا اقساط طالبی) کہلاتی ہے۔ لہٰذا ادا کردہ سرمایہ برابر ہوتا ہے طلب کردہ سرمایہ کے، لیکن اس میں نفی ہوگی بقایا اقساط طالبی کے۔
- ناطلبیدہ سرمایہ: وصول شدہ سرمایہ کا وہ حصہ جو ابھی تک طلب نہیں کیا گیا ہے ناطلبیدہ سرمایہ کہلاتا ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ کمپنی یہ رقم سرمایہ کی ضرورت پڑنے پر کسی بھی وقت وصول کرسکتی ہے۔
- ذخیرہ سرمایہ: کمپنی اپنے ناطلبیدہ سرمایہ کا ایک حصہ ریزرو کرسکتی ہے جسے کمپنی کے بند ہونے کی صورت میں طلب کرنا ہوتا ہے اس طرح کی ناطلبیدہ رقم کمپنی کا ریزرو سرمایہ کہلاتی ہے۔ یہ کمپنی کے ختم ہونے کی صورت میں قرض خواہوں کے لیے دستیاب ہوتا ہے۔

آیئے مندرجہ ذیل مثال کے ذریعے سے پتہ لگائیں کہ شیئر بیلنس شیٹ (Balance Sheet) میں کس طرح سے ظاہر کیا جائے گا۔ سن رائز کمپنی لمیٹڈ نے 4,00,000 روپے سرمایہ رجسٹرڈ کرایا جو 10 روپے فی شیئر کے حساب سے 4,00,000 شیئرز پر منقسم تھا۔ کمپنی نے 2,00,000 شیئرز فی حصہ 10 روپے کے حساب 2 روپے کی درخواست پر، 3 روپیہ الاٹمنٹ (تفویض) پر 3 روپے فرسٹ کال (قسط طالبی اول) پر اور باقی فائنل کال (قسط طالبی آخر) پر عوام کو چندہ کے لیے پیش کیے کمپنی کو 2,50,000 شیئرز کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ کمپنی نے 2,00,000 شیئرز کی تفویض منظور کرکے باقی




تصویر 1.1 : حصہ سرمایہ کی قسمیں

50,000 درخواستیں مسترد کر دیں۔ کمپنی نے فائنل کال طلب نہیں کی۔ کمپنی کو تمام رقم موصول ہوئی سوائے 2,000 شیئرز کی رقم کے جس کی کال کی رقم موصول نہیں ہوئی۔ مندرجہ بالا رقوم سن رائز کمپنی لمیٹیڈ کی بیلنس شیٹ میں درج ذیل طریقے سے ظاہر کی جائیں گی۔

## کھاتے پر نوٹ

| شیئر کیپٹل | | (روپے) |
|---|---|---|
| **منظور یا رجسٹرڈ یا علامتی سرمایہ** | | |
| 4,00,000 شیئرز 10 روپے فی شیئر | | 40 ,00,000 |
| **اجرائی سرمایہ** | | |
| 2,00,000 شیئرز 10 روپے فی شیئر | | 20,00,000 |
| **وصول شدہ سرمایہ** | | |
| وصول ہوئے لیکن پوری ادائیگی نہیں ہوئی | | |
| 10 فی شیئر والے 2,00,000 شیئرز، 8 طلب کردہ | 16,00,000 | |
| منہا : کالس-ان-ایریرس (بقایا قسط طالبی) | (6,000) | 15,94,000 |

© NCERT not to be republished

## 1.4 شیئرز (حصص) کی نوعیت اور درجات

شیئرز سے مراد وہ اکائیاں ہیں جس میں کمپنی کا تمام شیئر کیپٹل تقسیم ہوتا ہے، لہٰذا شیئرز، شیئر کیپٹل کا جزوی حصہ ہوتا ہے اور کمپنی کی ملکیت میں رغبت کی بنیاد قائم کرتا ہے۔ وہ افراد جو شیئرز کی شکل میں سرمایہ فراہم کرتے ہیں انھیں حصہ دار کہا جاتا ہے۔

منظور سرمایہ کی رقم اور شیئرز کی مقدار جس میں وہ منقسم ہے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں درج ہوتا ہے۔ لیکن شیئرز کے درجات جن میں کمپنی کا سرمایہ منقسم ہوتا ہے مع ان کے حقوق و ذمہ داری آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے ذریعے تجویز کیے جاتے ہیں۔ کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 86 کے مطابق کمپنی دو قسم کے شیئرز جاری کرسکتی ہے۔ (1) ترجیحی شیئرز اور (2) اکیوٹی شیئرز (جو عام حصص بھی کہلاتے ہیں۔)

### 1.4.1 ترجیحی شیئرز

کمپنی ایکٹ 2013 کے سیکشن 43 کے مطابق ترجیحی شیئرز وہ شیئر ہوتے ہیں جو درج ذیل شرائط پوری کریں۔

(a) یہ منافع کی ادائیگی کے لیے ترجیحی حصہ داروں کو ایک مقررہ رقم کی ادائیگی یا ہر ایک شیئر کی عمومی قیمت کی مقررہ شرح کے اعتبار سے اکیوٹی حصہ داروں سے قبل ادائیگی کا حق رکھتے ہیں۔

(b) یہ سرمایہ کے معاملے میں کمپنی کے بند ہونے پر اکیوٹی شیئرز کے حصہ داروں کو کسی بھی چیز کی ادائیگی سے قبل ادائیگی کا ترجیحی حق رکھتے ہیں۔

تاہم مندرجہ بالا دو شرائط کے باوجود ترجیحی شیئر رکھنے والا حصہ دار پورے طور پر یا ایک محدود حد تک کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن (اغراض و مقاصد) میں مقرر کردہ کمپنی کے 'فاضلات' (Surpluses) میں شرکت کا حق رکھ سکتا ہے۔ لہٰذا ترجیحی شیئرز شرکتی اور غیر شرکتی دونوں ہی ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح یہ شیئرز متزاید (Cumulative) غیر متزاید (Non-Cumulative) اور قابل واپسی یا نا قابل واپسی بھی ہو سکتے ہیں۔

### 1.4.2 اکیوٹی شیئر

کمپنی ایکٹ 2013 کے سیکشن 43 کے مطابق اکیوٹی شیئر وہ شیئر ہوتا ہے جو ترجیحی شیئر کے زمرے میں نہیں آتا بالفاظ دیگر وہ شیئرز جو سرمایہ کی مکرر ادائیگی یا منافع کی ادائیگی میں کسی بھی قسم کے ترجیحی حق سے استفادہ نہیں کرتے، ان کو اصطلاحاً اکیوٹی شیئر کہتے ہیں۔ اکیوٹی حصہ دار کمپنی کے قابل تقسیم نفع میں ترجیحی حصہ داروں کے منافع کے حقوق کی تسکین کے بعد شرکت کے مستحق ہوتے ہیں۔ اکیوٹی شیئرز پر منافع مقرر نہیں ہوتا اور سال بہ سال کم اور زیادہ ہوسکتا ہے اور یہ تقسیم کے لیے دستیاب منافع کی رقم پر منحصر ہوتا ہے۔ اکیوٹی شیئر کیپٹل (i) حق رائے شماری کے ساتھ یا (ii) رائے شماری کے لیے تفریقی حق کے ساتھ، منافع یا بصورت دیگر ایسے قوانین کی مطابقت اور تجویز کردہ حالات کے ساتھ ہوسکتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—I

نیچے دیے گئے بیانات میں کون سے درست ہیں:

(a) کمپنی ایک مصنوعی فرد ہے۔

(b) کمپنی کے حصہ دار کمپنی کے عمل کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

(c) کمپنی کا ہر ممبر کمپنی انتظامیہ میں حصہ لینے کا حق دار ہوتا ہے۔

(d) کمپنی کے شیئرز عام طور پر منتقل ہونے کے قابل ہوتے ہیں۔

(e) شیئر درخواست کھاتہ ایک ذاتی کھاتہ ہوتا ہے۔

(f) کمپنی کا ڈائریکٹر لازمی طور پر کمپنی کا حصہ دار ہونا چاہیے۔

(g) اداشدہ سرمایہ طلب کردہ سرمایے سے تجاوز کرسکتا ہے۔

(h) کیپٹل ریزرو سرمایہ منافع سے پیدا ہوتا ہے۔

(i) شیئرز کے اجرا کے وقت سیکورٹیز پریمیم کی زیادہ سے زیادہ شرح 10 فی صد ہوتی ہے۔

(j) سرمایہ کا وہ حصہ جو کمپنی کے بند ہونے پر طلب کیا جاتا ہے اسے سرمایہ ریزرو کہتے ہیں۔

## 1.5 شیئرز (حصص) کا اجرا

کسی بھی کمپنی کے سرمایے کی مخفی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ اس کے شیئرز (حصص) کی رقم رفتہ رفتہ آسان قسطوں میں ایک وقفہ مدت میں اکٹھا کیا جاسکتا ہے جو کمپنی کی بڑھتی ہوئی ضروریات پر منحصر ہوتا ہے۔ پہلی قسط درخواست کے ساتھ وصول کی جاتی ہے اور اس طرح اسے زیر درخواست کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے۔ دوسری الاٹمنٹ پر (جسے زیر تفویض رقم کہتے ہیں) اور بقیہ اقساط کو فہرست کال، سیکنڈ کال وغیرہ اور آخری قسط کو فائنل کال کے نام سے جانا جاتا ہے تاہم اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کمپنی حصص کی تمام رقم وقت درخواست طلب کرنے کا حق نہیں رکھتی ہے۔

**اجرا حصص کے طریقۂ کار میں اہم اقدامات:**

- پراسپیکٹس کا اجرا: **کمپنی سب سے پہلے عوام کے لیے پراسپیکٹس جاری کرتی ہے۔ پراسپیکٹس دراصل عوام کے لیے ایک دعوت نامہ ہوتا ہے کہ ایک نئی کمپنی معرض وجود میں آئی ہے اور اسے کاروبار کرنے کے لیے سرمایہ درکار ہے۔ یہ**

© NCERT not to be republished

کمپنی کے بارے میں مکمل معلومات پر مشتمل ہوتا ہے اور ممکنہ سرمایہ کاروں سے رقم اکٹھا کرنے کے طریقوں پر مبنی ہوتا ہے۔

- درخواستوں کی وصولیابی: عوام کو پراسپیکٹس جاری کرنے کے بعد حصہ سرمایہ (شیئر کیپٹل) میں چندہ دینے کا ارادہ رکھنے والے ممکنہ سرمایہ کار زر درخواست کے ساتھ پراسپیکٹس میں بتائے گئے کسی شیڈولڈ بینک میں عرضی داخل کرتے ہیں۔ کمپنی کو پراسپیکٹس جاری کرنے کے 120 دن کے اندر (دیکھیے باکس نمبر 1) خفیف ترین چندہ حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اگر کمپنی دیے گئے وقفے میں سرمایہ حاصل کرنے میں ناکام ہوتی ہے تو کمپنی حصص کے الاٹمنٹ کا کام جاری نہیں رکھ سکتی اور زر درخواست پراسپیکٹس کے جاری ہونے کے 130 دن کے اندر واپس کرنا پڑے گا۔
- حصص کی تفویض: اگر کم ترین چندہ موصول ہو گیا ہے تو کمپنی دوسری قانونی کاروائی پوری کرنے کے بعد حصص تفویض کرنے کے لیے اقدام کر سکتی ہے۔ جن لوگوں کو حصص تفویض کر دیے جاتے ہیں انھیں خط تفویض بھیج

**خفیف ترین چندہ**

ڈائریکٹرز کی نظر میں خفیف ترین چندہ سے مراد وہ کم ترین رقم ہے جو کمپنی کے کاروباری عمل میں آنے والی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے حاصل کی جاتی ہے جو ان سے متعلق ہوتی ہے:

- خریدی گئی یا خریدی جانے والی کسی جائیداد کی قیمت جو بالکل یا جزوی طور پر اجرا کے حاصلات سے ضروریات پوری کرنے سے متعلق ہوتی ہے۔
- شیئرز کے اجرا سے متعلق کمپنی کے ذریعے ادا کیے گئے ابتدائی اخراجات یا قابل ادا کمیشن۔
- اوپر دیے گئے دو معاملات میں کمپنی کے ذریعے لی گئی رقم کی ادائیگی۔
- رواں سرمایہ (ورکنگ کیپٹل)
- کاروبار کو حسب معمول چلانے کے لیے دوسرے مطلوبہ اخراجات۔

سیبی (SEBI) سرمایہ کا تحفظ اور انکشاف (Disclosure & Investor Protection) ہدایت نامہ 2000 (6:3:8:1 اور 6:3:8:2) سرمایہ کا تحفظ، ہدایت نامہ اور اعلان کے مطابق یہ قابل غور بات ہے کہ سرمایے کا خفیف ترین چندہ جاری کردہ رقم کے 90 فی صد سے کم نہیں ہونا چاہیے۔ اگر یہ شرط پوری نہیں ہوتی تو کمپنی تمام موصول شدہ چندہ واپس کردے گی۔ اگر فہرست چندہ بند ہونے کی تاریخ کے 8 دن کی تاخیر سے ہوتی تو کمپنی تمام رقم 15 فی صد سود کی شرح سے ادائیگی کے لیے قانوناً ذمہ دار ہوتی ہے۔ (دیکھیے دفعہ (2) 73)

© NCERT not to be republished

دیا جاتا ہے اور تفویض سے محروم افراد کو رقعہ معذرت بھیجا جاتا ہے۔ تفویض کا عمل ہوجانے کے بعد کمپنی اور ان لوگوں کے درمیان جنھیں حصص جاری کیے گئے ہیں، ایک جائز اور باضابطہ معاہدہ ہوجاتا ہے۔

کمپنی کے شیئرز مساوات پر یا پریمیم پر جاری کیے جاتے ہیں اجرا کی شرائط کے مطابق حصص مساوات (At Par) پر جاری کردہ تب ہی کہلائے جاتے ہیں جب ان کی اجرائی قیمت ظاہری یا علامتی قیمت کے بالکل مساوی ہو جب کمپنی کے شیئرز اس کی ظاہری قیمت سے زیادہ پر جاری کیے جاتے ہیں تو یہ زائد رقم پریمیم کہلاتی ہے۔

اس حقیقت سے قطع نظر کہ شیئر مساوات پر پریمیم پر جاری کیے جاتے ہیں جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ کسی کمپنی کا شیئر کیپٹل مختلف مراحل پر قسطوں کے ذریعہ اکٹھا کیا جاتا ہے۔

## 1.6 اکاؤنٹنگ کا عمل

**درخواست پر:** زر کی رقم جو مختلف قسطوں میں ادا کی جاتی ہے وہ شیئر کیپٹل کی علامت تصور کی جاتی ہے اور اسے لازمی طور پر شیئر کیپٹل کھاتے میں جمع کرنا چاہیے۔ تاہم حسب سہولت بنیادی طور پر ہر ایک قسط کے لیے انفرادی کھاتے کھولے جاتے ہیں درخواست کے ساتھ تمام موصولہ رقم اس مقصد کے لیے کسی شیڈولڈ بینک میں کھولے گئے کھاتے میں جمع کردی جاتی ہیں اور اس روزنامچہ میں مندرجہ ذیل اندراج ہوگا:

بینک کھاتہ ڈیبٹ

حصہ درخواست کھاتہ سے

(درخواست پر رقم موصول کرنے کے لیے- روپے فی شیئر- فی شیئر)

تفویض پر: جب خفیف ترین چندہ کی رقم موصول ہوجاتی ہے اور شیئر تفویض کی مخصوص قانونی کاروائی (چارہ جوئی) کی مناسب طور پر تعمیل ہونے کے بعد کمپنی کے ڈائریکٹرز شیئر تفویض کرنے کی کاروائی کا آغاز کرتے ہیں۔

شیئر تفویض سے مراد کمپنی اور درخواست دہندگان جو اب حصہ دار بن جاتے ہیں یا ممبر کی حیثیت اختیار کرلیتے ہیں، کے درمیان ایک معاہدہ ہوتا ہے:

## حسابی عمل تفویض حصص کے نقطۂ نظر سے

- دستور کے مطابق جیسے ہی حصص تفویض ہوجاتے ہیں۔ حصہ دار حضرات سے تفویض کیے گئے حصص پر کچھ رقم طلب کی جاتی ہے جسے زرتفویض کہتے ہیں۔
- درخواست دہندگان کے ذریعے پیشکش کی قبولیت کے ساتھ موصولہ زردرخواست کوشیئر کیپٹل کھاتے میں منتقل کرنا ہوتا ہے کیونکہ حسب قاعدہ یہ اسی کا حصہ بن جاتا ہے۔
- مسترد کردہ درخواستوں سے موصول رقم پر اسپیکٹس کے جاری ہونے کے 130 دن کے اندر مذکورہ افراد کولوٹا دی جانی چاہیے۔
- اگر کم تعداد میں حصص تفویض کیے جاتے ہیں تو جنھوں نے زیادہ حصص کے لیے درخواست دی ہے وہ رقم حصہ داروں کے واجب الادا الاٹمنٹ میں لازمی طور پر اَیڈجسٹ ہونی چاہیے۔
- آخرالذکر دو اقدامات کے نتیجہ شیئر درخواست کھاتہ بند کرنا ہوتا ہے جوشیئر کیپٹل لین دین کے لیے ایک عارضی کھاتہ ہوتا ہے۔

حصص کی تفویض کے سلسلے میں روزنامچہ میں اندراجات درج ذیل ہیں۔

1۔ برائے منتقلی زردرخواست

شیئر درخواست (حصہ درخواست) کھاتہ ڈیبٹ

شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے

تفویض کردہ حصص پر زردرخواست/شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) میں منتقل

2۔ مسترد کردہ درخواست پر رقم کی واپسی کے لیے

شیئر درخواست (حصہ درخواست) کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

(مسترد کردہ حصص کی زردرخواست واپس کی گئیں)

3۔ تفویض پر واجب رقم کے لیے

شیئر الاٹمنٹ (حصہ تفویض) کھاتہ ڈیبٹ
شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے

4۔ زائد زر درخواست کی تطبیق کے لیے
شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ
شیئر الاٹمنٹ (حصہ تفویض) کھاتہ سے
(— شیئرز (حصص) پر بحساب — فی شیئر (حصہ) الاٹمنٹ (تفویض) پر واجب رقم ایڈ جسٹ کی گئی۔)

5۔ زر الاٹمنٹ (تفویض) کی وصولیابی کے لیے
بینک کھاتہ ڈیبٹ
شیئر الاٹمنٹ (حصہ تفویض) کھاتہ سے

نوٹ: روزنامچے کے اندراجات (2) اور (4) کو درج ذیل طریقہ پر یکجا کیا جاسکتا ہے۔
شیئر درخواست کھاتہ
شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے
بینک کھاتے سے
(زائد زر درخواست کو شیئر الاٹمنٹ میں ایڈ جسٹ کیا جائے گا اور بقایا کو واپس کر دیا جائے گا۔)

کبھی کبھی کمپنی کی کتابوں میں شیئر درخواست (حصہ درخواست) شیئر الاٹمنٹ (حصہ تفویض) کھاتہ کھولا جاتا ہے جسے شیئر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ کہتے ہیں۔ اصل مشترک کھاتہ کھولنے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ بغیر درخواست کے الاٹمنٹ ناممکن ہے جب کہ درخواست بغیر الاٹمنٹ بے سود ہے۔ شیئر کیپٹل کے یہ دو مراحل باہم مربوط ہیں۔ جب ایک مشترک کھاتہ قائم کیا جاتا ہے تو روزنامچہ میں اندراج درج ذیل طور پر کیا جائے گا۔

1۔ درخواست اور الاٹمنٹ (تفویض) کی وصولیابی کے لیے
بینک کھاتہ ڈیبٹ
شیئر (حصہ) درخواست اور الاٹمنٹ (تفویض) کھاتہ سے
(— شیئرز پر فی حصہ کے حساب سے زر موصول)

2۔ واجب زر درخواست اور زر الاٹمنٹ کی منتقلی کے لیے
شیئر (حصہ) درخواست اور الاٹمنٹ (تفویض) کھاتہ ڈیبٹ

(— شیئرز (حصص) — روپیے فی شیئر (حصہ) الاٹمنٹ (تفویض) پرواجب زردرخواست شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ میں منتقل)

3۔ مسترد درخواستوں پرزر کی واپسی کے لیے

شیئر (حصص) درخواست اور الاٹمنٹ (تفویض) کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

(— شیئرز حصص کی مسترد کردہ درخواستوں کی رقم واپس کردی گئی)

4۔ زر الاٹمنٹ (تفویض) کی وصولیابی پر

بینک کھاتہ ڈیبٹ

شیئر (حصہ) درخواست اور الاٹمنٹ (تفویض) کھاتہ سے

(زر الاٹمنٹ (تفویض) کا باقی موصول ہوا)

مسدود رقم کے توسط والی درخواستیں

سیکوریٹیز کے ابتدائی پبلک آفسر اور رائٹس ایشوز وغیرہ (حصص، ڈبینچرز یا دیگر مالیاتی عناصر) کے لیے بینک کاری کے کسی وسیلے (چیک پے آڈر/ ڈرافٹ، ڈیبٹ ٹو بینک اکاؤنٹ یا مسدود رقم کے توسط والی درخواستوں (اے ایس بی اے) کے ذریعے درخواست کی رقم کی ادائیگی کر کے سبسکرائب کیا جا سکتا ہے۔ اے ایس بی اے، درخواست کی رقم کی ادائیگی کے لیے طریقہ کار میں سے ایک طریقہ ہے۔ اے ایس بی اے ایک ایسا طریقہ کار ہے جسے ہندوستان کے سیکورٹیز اور ایکسچینج بورڈ (ایس ای بی آئی) نے تیار کیا ہے جسے سیکورٹیز کے آئی پی اوز اور رائٹس ایشوز وغیرہ خریدنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس طریقہ کار کے تحت، درخواست کنندہ ایشوز خریدنے کے لیے بینک کو درخواست کی رقم کے لیے بینک اکاؤنٹ کو مسدود کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ بینک درخواست کی رقم درخواست کنندہ کے کھاتے سے اس صورت میں ہی رقم کاٹ لیتا ہے اگر اسے سیکورٹیز کا الاٹمنٹ (حصص/ ڈبینچرز وغیرہ) ہو گیا ہو۔ یہ رقم اتنی ہوتی ہے جو جاری کردہ سیکورٹیز کے لیے ادا کرنی ہوتی ہے، اگر سیکورٹیز کا الاٹمنٹ نہیں ہوتا تو بینک رقم پر لگی پابندی ہٹا دیتا ہے۔ اے ایس بی اے پر مبنی درخواستوں کے تحت بینک کے ذریعے، سیکورٹیز کے لیے اپلائی کردہ قدر کی درخواست کی رقم کو مسدود کر دیا جاتا ہے یعنی اپلائی شدہ سیکورٹیز سے متعلق درخواست کی رقم کی ادائیگی پر پابندی لگا دی جاتی ہے۔ کمپنی کے ذریعے سیکورٹیز کے الاٹمنٹ کے بعد بینک درخواست کنندہ کے بینک کھاتے سے الاٹ شدہ سیکورٹیز کی قدر کی رقم کاٹ لیتا ہے اور باقی ماندہ رقم سے پابندی ختم کر دیتا ہے۔

© NCERT not to be republished

قسط طالبی پر : اقساط طالبی حصص کو پوری طرح ادا شدہ بنانے اور حصہ داروں سے حصص کا کل زرموصول کرنے میں مرکزی کردار ادا کرتی ہے۔تفویض کے مکمل ہونے تک حصص پورے طور پر طلب کردہ نہ ہونے کی صورت میں ڈائریکٹرز حصص کی باقی رقم طے شدہ طور پر جب اور جیسے طلب کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ حصہ داروں کے ذریعے اقساط طالبی کی ادائیگی کے اوقات اجرا حصص کے وقت متعین کردیے جاتے ہیں اور جس کا ذکر پراسپیکٹس میں کردیا جاتا ہے۔

اقساط طالبی حصص کے بارے میں دو نکات بڑے اہم ہیں۔اول کسی بھی قسط طالبی کی رقم حصص کی ظاہری قیمت کے 25 فی صد سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ دوم یہ کہ دو اقساط طالبی کے درمیان کم از کم ایک ماہ کا وقفہ لازمی طور پر ہونا چاہیے۔

جب قسط طالبی طلب کی جاتی ہے اور اس کی رقم موصول ہوجاتی ہے تو روزنامچہ میں درج ذیل اندراج کیا جاتا ہے۔

1۔ واجب الاداز رقسط طالبی کے لیے

شیئر کال (حصہ قسط طالبی) کھاتہ ڈیبٹ

شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے

(— حصص پر بحساب-فی حصہ قسط طالبی واجب)

2۔ کال (قسط طالبی) کی رقم وصول ہونے پر

بینک کھاتہ ڈیبٹ

شیئر کال (حصہ قسط طالبی) کھاتہ سے

(قسط طالبی کی رقم موصول)

طلب کی گئی اقساط طالبی کی شناخت کے لیے الفاظ اول، دوم، سوم 'حصص' اور 'قسط طالبی' کے ساتھ شیئر کال اکاؤنٹ کے درمیان لازمی طور پر جوڑنا چاہیے۔مثال کے طور پر پہلی قسط طالبی کی صورت میں 'شیئر فرسٹ کال اکاؤنٹ'، دوسری قسط طالبی کے معاملے میں 'شیئر سیکنڈ کال اکاؤنٹ'، وغیرہ ہونا چاہیے۔ دوسرا قابل غور نکتہ یہ ہے کہ آخری قسط طالبی کے ساتھ لفظ 'اور آخری' بھی جوڑا جائے گا۔

عوامی چندہ کے لیے حصہ سرمایہ اجرا کے معاملے میں مندرجہ ذیل نکات کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔

1۔ زردرخواست شیئر کی ظاہری قیمت کی کم از کم 5 فی صد ہونی چاہیے۔

2۔ قسط طالبی آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شرائط کے مطابق طلب کی جانی چاہیے۔

3۔ جہاں اپنا خود کا آرٹیکل آف ایسوسی ایشن نہ ہو وہاں پر ٹیبل A (جدول الف) کے مندرجہ ذیل قوانین نافذ ہوں گے۔

(a) دو اقساط طالبی کے درمیان ایک ماہ کا وقت ہونا چاہیے۔

(b) قسط طالبی کی رقم شیئرز کی ظاہری قیمت 25 فی صد سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

(c) رقم کی ادائیگی کے لیے حصہ داروں کو کم سے کم 14 دن کا وقفہ دیا جاتا ہے۔

(d) تمام شیئرز پر اقساط طالبی یکسانیت کی بنیاد پر اسی زمرے (درجہ) میں طلب کی جانی چاہیے۔

4۔ حسابی عمل کا طریقہ دونوں طرح کے شیئرز یعنی ایکوٹی شیئرز اور ترجیحی شیئرز کے لیے یکساں ہونا چاہیے۔دونوں کے درمیان امتیاز کرنے کے لیے ہر ایک قسط سے قبل ایکوٹی اور ترجیحی ،لفظ کا لاحقہ جوڑ دینا چاہیے۔

فرض کیجیے اگر دوسری قسط طالبی آخری ہے تو اسے 'سیکنڈ اور فائنل کال' (دوم اور آخری قسط طالبی) کی اصطلاح دی جائے گی اور اگر یہ تیسری قسط طالبی جو کہ آخری بھی ہے تو اسے 'تھرڈ اینڈ فائنل کال' (تیسری اور آخری) کہیں گے یہ بھی ممکن ہے کہ تفویض کے بعد تمام بیلنس محض ایک کال ہی میں وصول کیا جاسکتا ہے۔اس معاملے میں پہلی قسط طالبی ہی 'فرسٹ اینڈ فائنل کال' کے (اول و آخر قسط طالبی) کہلائے گی۔

## مثال 1

موناارتھ موور لمیٹڈ نے 12,000 شیئرز 100 روپیہ فی شیئر کے حساب سے 30 روپیہ درخواست پر، 40 روپیہ الاٹمنٹ پر، 20, روپیے قسط طالبی اول اور بقایا اول اور آخری قسط طالبی پر جاری کرنے کا فیصلہ کیا۔اس کے لیے 13,000 درخواستیں موصول ہوئیں۔ڈائریکٹرز نے 1,000 درخواستوں کو مسترد کرنے کا فیصلہ کیا اور کل زردرخواست واپس کردیا گیا۔تمام شیئرز کا زرالاٹمنٹ موصول ہوا اور اقساط طالبی پر تمام واجب رقم سوائے 100 حصص کے موصول ہوگئی۔اس لین دین کا اندراج موناارتھ موور کی کتابوں میں درج کیجیے۔

**حل:**

## موناارتھ موور لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر (حصہ) درخواست کھاتہ سے<br>(13,000 حصص پر 30 روپے فی حصہ کے حساب سے زر درخواست موصول) | | 3,90,000 | 3,90,000 |
| | زر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے<br>(زر درخواست کی حصہ سرمایہ میں منتقلی) | | 3,60,000 | 3,60,000 |
| | حصہ درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>بینک کھاتے سے<br>(1,000 حصص کا زر درخواست واپس) | | 30,000 | 30,000 |
| | شیئر (حصہ) الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے<br>(12,000 حصص پر 40 روپے فی حصہ کے حساب سے الاٹمنٹ پر واجب الادا رقم) | | 4,80,000 | 4,80,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے<br>(12,000 حصص پر 40 روپے فی حصہ کے حساب سے زر الاٹمنٹ موصول ہوا) | | 4,80,000 | 4,80,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 2,40,000 | | شیئر فرسٹ کال (قسط طالبی اول) کھاتہ ڈیبٹ | |
| 2,40,000 | | | شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے | |
| | | | (12,000 حصص پر 20 روپے فی حصہ کے حساب سے واجب قسط طالبی اول) | |
| | 2,38,000 | | بینک کھاتہ ڈیبٹ | |
| 2,38,000 | | | شیئر فرسٹ کال (قسط طالبی اول) کھاتہ سے | |
| | | | (100 حصص کے علاوہ زر قسط طالبی اول موصول) | |
| | 1,20,000 | | شیئر سیکنڈ وفائنل کال (اقساط طالبی اول وآخر) کھاتہ ڈیبٹ | |
| 1,20,000 | | | شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے | |
| | | | (12,000 حصص پر 10 روپے فی حصہ کے حساب سے اول وآخر قسط طالبی پر رقم واجب) | |
| | 1,19,000 | | بینک کھاتہ ڈیبٹ | |
| 1,19,000 | | | شیئر سیکنڈ وفائنل کال کھاتہ سے | |
| | | | (زر دوم وآخری قسط طالبی سوائے 100 حصص کے موصول) | |

## مثال 2

ایسٹرن کمپنی لمیٹڈ نے عوام کو اپنے شیئرز کی خریداری کے لیے 40,000 شیئرز 10 روپیہ فی شیئر جاری کیے جو درخواست پر 4 روپے فی شیئر الاٹمنٹ پر 3 روپے اور باقی فرسٹ وسیکنڈ کالس (اقساط طالبی اول اور دوم) پر قابل ادا تھے۔ 40,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ کمپنی نے تمام درخواست دہندگان کو پورے حصص تفویض کر دیے۔ تفویض اول ودوم قسط طالبی پر تمام واجب الادا رقم موصول ہوئی۔

کمپنی کی کتابوں میں جنرل اندراج کیجیے۔

© NCERT not to be republished

حل:

## ایسٹرن کمپنی لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>(شیئر درخواست کھاتہ سے)<br>(40,000 حصص کا 4 روپے فی حصہ کے حساب سے زر درخواست موصول) | | 1,60,000 | 1,60,000 |
| | شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(زر درخواست حصہ سرمایہ میں منتقل) | | 1,60,000 | 1,60,000 |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے<br>(40,000 حصص پر 3 روپے فی حصہ کے حساب سے الاٹمنٹ پر زر واجب الادا) | | 1,20,000 | 1,20,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے<br>(40,000 حصص پر 3 روپے فی حصہ کے حساب سے الاٹمنٹ پر رقم موصول) | | 1,20,000 | 1,20,000 |
| | شیئر فرسٹ و فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ<br>حصہ سرمایہ کھاتہ سے<br>(40,000 حصص پر 3 روپے فی حصہ کے حساب سے اول و دوم اقساط طالبی پر زر واجب) | | 1,20,000 | 1,20,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر فرسٹ و فائنل کال کھاتہ سے<br>(اقساط طالبی پر رقم موصول) | | 1,20,000 | 1,20,000 |

© NCERT not to be republished

**آپ اسے خود کیجیے**

1. یکم اپریل 2019 کو ایک لمیٹڈ کمپنی 40,000 منظور سرمایہ حصص 10 روپے فی حصہ کے حساب سے تشکیل دی گئی۔ اس نے عوام کو 3,000 حصص کی مندرجہ ذیل طریقے سے چندہ کی پیشکش کی۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 3روپے فی حصہ |
| تفویض پر | 2روپے فی حصہ |
| فرسٹ کال پر (الاٹمنٹ کے ایک ماہ بعد) | 2.50روپے فی حصہ |
| سیکنڈ و فائنل کال پر | 2.50روپے فی حصہ |

حصص عوام کے ذریعے پورے طور پر خرید لیے گئے اور 15 اپریل 2019 کو تمام زرموصول ہوگیا۔ ڈائریکٹرز نے یکم مئی 2019 کو حصص کا الاٹمنٹ کردیا۔

آپ کمپنی کے کھاتوں میں سرمایہ حصص کے لین دین کا اندراج کس طرح کریں گے کہ اگر تمام زر مناسب طور پر وصول ہوگیا ہو اور کمپنی درخواست و الاٹمنٹ کے لیے مشترک کھاتہ قائم کرتی ہے۔

2. ہرش لمیٹڈ کو 25,00,000 روپے کے اختیاری سرمائے کے ساتھ رجسٹر کیا گیا تھا۔ جس میں 10 روپے فی ایکوٹی حصص کے 25,00,000 ایکوٹی حصص وضع کیئے گئے تھے۔ جب کمپنی قائم ہوئی تو کمپنی کے پروموٹرس نے 10 روپے فی کس کے 25,000 ایکوٹی حصص خرید لئے تھے۔ رقم کی ادائیگی خریداروں نے کی تھی اور یہ رقم کمپنی کو موصول ہوگئی تھی۔

بعد میں کمپنی نے عام خریداری کے لیے 2,00,000 حصص جاری کئے۔ اسے 1,80,000 ایکوٹی حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ یہ حصص اے ایس بی اے موڈ اور فزیکل موڈ، دونوں طریقوں سے، پورے طور پر درخواست کنندگان کو الاٹ کر دیے گئے تھے۔

ہرش لمیٹڈ کے اختیاری حصص سرمایہ، اجراء شدہ حصص سرمایہ اور خریدے ہوئے حصص کے سرمائے کا تعین کیجئے۔

### 1.6.1 اقساط طالبی بقایا

ایسا اکثر ہوجاتا ہے کہ حصہ دار مقررہ وقت پر قسط طالبی کی رقم ادا نہیں کرتے ہیں جب کوئی حصہ دار الاٹمنٹ پر یا دوسری اقساط پر رقم ادا کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو ایسی رقم قسط طالبی بقایا یا غیر ادا کردہ قسط طالبی کے نام سے جانی جاتی ہے۔ بقایا قسط طالبی تمام اقساط طالبی کھاتے میں بقایا قرض (ڈیبٹ بیلنس) کی نمائندگی کرتی ہے اور بیلنس شیٹ کی Liabilities کی جانب ادا کردہ سرمایہ سے کٹوتی کے

© NCERT not to be republished

طور پر ظاہر کی جاتی ہے تاہم جب کوئی کمپنی بقایا قسط طالبی کھاتہ رکھتی ہے تو مندرجہ ذیل زائد اندراج روزنامچہ میں ظاہر کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ حالانکہ ایسا کرنا ضروری تصور نہیں کیا جاتا ہے۔

کالس ان ایریرس (غیر ادا کردہ قسط) کھاتہ ڈیبٹ
شیئر فرسٹ کال (حصہ سرمایہ قسط طالبی اول) کھاتہ سے
شیئر سیکنڈ و فائنل کال (اقساط طالبی اول و دوم) کھاتہ سے
(غیر ادا کردہ اقساط طالبی)

کمپنی کا آرٹیکل آف ایسوسی ایشن عام طور پر ڈائریکٹرز کو غیر ادا کردہ اقساط طالبی پر ایک مخصوص شرح سود وصول کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ اگر آرٹیکل اس معاملے میں خاموش ہے تو اس پر جدول F میں درج قانون لاگو ہوگا جس میں بتایا گیا ہے کہ 10 فی صد سالانہ کی شرح سے زیادہ غیر ادا کردہ رقم پر سود وصول نہیں کیا جائے گا۔ یہ سود ادائیگی کے لیے متعین دن اور جس دن حقیقتاً رقم ادا کی گئی ہے، کی درمیانی مدت تک قابل وصول ہوگا۔

زر قسط طالبی پر سود کے ساتھ وصولیابی کے بعد سود کی رقم سود کھاتہ میں اور زر قسط طالبی متعلقہ قسط طالبی کھاتہ یا غیر ادا کردہ قسط طالبی کھاتے میں کریڈٹ کردی جاتی ہے۔ جب حصہ دار زر غیر ادا کردہ اقساط مع سود ادا کر دیتے ہیں تو اس کا اندراج مندرجہ ذیل طریقہ سے ہوگا۔

بینک کھاتہ ڈیبٹ
کالس ان ایریرس (غیر ادا کردہ قسط طالبی) کھاتہ سے
کالس ان ایریرس سود کھاتہ سے
(غیر ادا کردہ قسط طالبی مع سود موصول)

نوٹ: اگر کوئی بھی چیز متعین نہیں کی گئی ہے تو غیر ادا کردہ اقساط طالبی پر لینے اور اس کا مندرجہ بالا اندراج کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

## مثال 3

کرونک لمیٹڈ نے 10 روپے فی حصہ کے حساب سے 10,000 ا کیوٹی حصص جاری کیے جو درخواست پر 2.50 روپے، الاٹمنٹ پر 3 روپے، قسط طالبی اول پر 2 روپے اور باقی آخری قسط طالبی پر قابل ادا تھے۔ تمام حصص پوری طرح سے خریدے گئے سوائے 100 حصہ داروں کے جو آخری قسط طالبی ادا نہیں کر سکے۔ اس لین دین کے ریکارڈ کا اندراج روزنامچہ میں کیجیے۔

**حل:**

## کرونک لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر درخواست کھاتہ سے<br>(10,000 حصص پر 2.50 روپے فی حصہ کے حساب سے درخواست موصول) | | 25,000 | 25,000 |
| | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتے سے<br>(10,000 حصص کا زر درخواست، سرمایہ حصص میں منتقل) | | 25,000 | 25,000 |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(10,000 حصص کا 3 روپے فی حصہ کے حساب سے زر الاٹمنٹ واجب الادا) | | 30,000 | 30,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>(زر الاٹمنٹ موصول) | | 30,000 | 30,000 |
| | شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(10,000 حصص پر 2 روپے فی حصہ کے حساب سے زر قسط اول واجب الادا) | | 20,000 | 20,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 20,000 | |
| | شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے | | | 20,000 |
| | (زرقسط طالبی اول موصول) | | | |
| | شیئر سیکنڈ وفائنل کال کھاتہ ڈیبٹ | | 25,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 25,000 |
| | (قسط طالبی آخری کی رقم واجب) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 24,750 | |
| | کالس ان ایریرس (غیر ادا کردہ قسط طالبی) کھاتہ | | 250 | |
| | شیئر سیکنڈر اور فائل کال کھاتہ سے | | | 25,000 |
| | 100 حصص کے علاوہ اقساط طالبی آخری کی رقم موصول | | | |

## 1.6.2 پیشگی اقساط طالبی

کبھی کبھی کچھ حصہ دار اقساط طلبی کی رقم جزوی یا پوری طور پر بغیر مانگے ہی ادا کر دیتے ہیں۔ حصہ داروں سے اس طرح کا موصول زر پیشگی اقساط طالبی کے نام سے جانا جاتا ہے۔ پیشگی کے طور پر حاصل شدہ رقم کے بارے میں کمپنی کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ اس کو 'پیشگی اقساط طالبی کھاتے' میں کریڈٹ کرے۔ یہ پیشگی وصول شدہ رقم مانگی جانے والی واجب الادا اقساط طالبی کے ساتھ ایڈجسٹ کردی جاتی ہے۔ کمپنی ایکٹ کے جدول F میں اس طرح کی پیشگی احتیاط طالبی پر 12 فی صد شرح سے زائد سود کی ادائیگی فراہم نہیں کراتی۔

پیشگی طور پر موصولہ اقساط طالبی کا مندرجہ ذیل طریقے پر روزنامچہ میں اندراج کیا جاتا ہے۔

بینک کھاتہ ڈیبٹ

کالس-ان -ایڈوانس (پیشگی اقساط طالبی) کھاتہ سے

(قسط طالبی پر پیشگی رقم موصول)

جب اقساط طالبی واقعی واجب ہوجاتی ہیں تو کالس ان ایڈوانس کھاتہ، میں تطبیق ناگزیر ہوجاتی ہے لہٰذا اس کے لیے روزنامچہ اندراج مندرجہ ذیل ہوگا۔

کالس-ان-ایڈوانس (پیشگی اقساط طالبی) کھاتہ ڈیبٹ

مخصوص قسط طالبی کھاتہ سے

(واجب زرقسط طالبی میں پیشگی رقم ایڈجسٹ کی گئی)

کالس ان ایڈوانس کا بیلنس کمپنی کے تختۂ توازن کے واجبات والے کالم میں حصہ سرمایہ کے عنوان کے تحت الگ ظاہر کیا جاتا ہے مگر ادا کردہ سرمایہ کی رقم کے ساتھ منسلک نہیں کیا جاتا ہے۔

چونکہ کالس-ان -ایڈوانس، کسی بھی کمپنی کی ذمہ داری ہوتی ہے لہٰذا اس حاصل شدہ پیشگی رقم پر وصولیابی کی تاریخ سے جس تاریخ تک یہ رقم واجب ہوتی ہے، سود ادا کیا جانا چاہیے بشرطیکہ یہ سہولت آرٹیکل کے ذریعے فراہم کرائی گئی ہو۔ عام طور پر آرٹیکل کی شرط کے مطابق اس رقم پر سود کی ادائیگی کی جاتی ہے تاہم اگر آرٹیکل اس سلسلے میں خاموشی اختیار کرتا ہے تو اس پر جدول F کا اطلاق ہوتا ہے جس میں 12 فی صد سالانہ کی شرح سے زیادہ ایڈوانس پر سود ادا نہیں کیا جا سکتا۔

کالس ان ایڈوانس پر سود کے سلسلے میں حسابی عمل درج ذیل ہوگا :

1۔ برائے ادائیگی سود

| | |
|---|---|
| کالس ان ایڈوانس سود کھاتہ | ڈیبٹ |
| بینک کھاتہ سے | |
| (کالس ان ایڈوانس پر سود ادا کیا گیا) | |

یا

2۔ (a) برائے واجب سود

| | |
|---|---|
| کالس ان ایڈوانس سود کھاتہ | ڈیبٹ |
| متفرق حصہ دار کے کھاتہ سے | |
| (کالس ان ایڈوانس پر سود ادا کیا گیا) | |

(b) برائے واجب الادا سود

| | |
|---|---|
| متفرق حصہ دار کا کھاتہ | ڈیبٹ |
| بینک کھاتہ سے | |

## مثال 4

کونیکا لمیٹڈ نے 2,00,000 روپے کے منظور شدہ ایکوٹی سرمایہ جو 2,000 حصص پر 100 روپے فی حصہ کے طور پر رجسٹرڈ ہوئی۔ کمپنی نے چندہ کے لیے 1,000 حصص جاری کیے جو 25 روپے فی حصہ درخواست پر، 30 روپیہ فی حصہ تفویض پر، 20 روپے فی حصہ پہلی کال پر اور باقی ضرورت پڑنے پر قابل ادا تھے۔

1,000 حصص کا زر درخواست موصول ہوا اور ان کا الاٹمنٹ کر دیا گیا زر الاٹمنٹ پورا وصول ہوا۔ لیکن جب پہلی کال کی گئی تو ایک

حصہ دار 100 حصص کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہا اور دوسرے حصہ دار نے اپنے 50 حصص کی تمام رقم ادا کر دی۔
کمپنی نے اس کے بعد کوئی بھی کال نہیں کی کمپنی کے کھاتوں شیئر کیپٹل لین دین سے متعلق ضروری اندراج کیجیے۔

**حل:**

## کونیکا کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ سے<br>1,000 حصص پر 25 روپے فی حصہ کے حساب سے زر درخواست موصول | | 25,000 | 25,000 |
| | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(1000 حصص کا زر درخواست شیئر کیپٹل میں منتقل) | | 25,000 | 25,000 |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(1000 حصص پر 30 روپے فی حصہ کے حساب سے واجب زر الاٹمنٹ) | | 30,000 | 30,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>(زر الاٹمنٹ موصول ہوا)<br>اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ | | 30,000 | 30,000 |
| | ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(1,000 حصص پر پہلی قسط طالبی 20 روپے فی حصہ کے حساب سے واجب) | | 20,000 | 20,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 19,250 | |
| | کالس ان ایریرس کھاتہ | | 2,000 | |
| | اکیوٹی شیئر پہلی کال کھاتہ سے | | | 20,000 |
| | کالس ان ایڈوانس کھاتہ سے | | | 1,250 |
| | (900 حصص پر زرقسط طالبی اول اور 50 حصص پر 25 روپے فی حصہ کے حساب سے زرپیشگی اقساط طالبی موصول ہوا) | | | |

عملاً حاصل شدہ رقم کو کیش بک میں لکھا جاتا ہے نہ کہ جرنل میں۔(مثال 5 دیکھیے)

## مثال 5

یونک پکچرس لمیٹڈ 5,00,000 روپے کے منظور اصل (سرمایہ) کے ساتھ رجسٹرڈ ہوئی تھی جو 20,000 فی صد ترجیحی شیئرز 10 روپے فی حصہ والے اور 10 روپے فی کس والے 30,000 اکیوٹی شیئرز پر منقسم تھا۔ کمپنی نے 10,000 ترجیحی شیئرز اور 15,000 اکیوٹی شیئرز عوام کو اعانت (چندہ) کے لیے پیش کیے۔ اقساط طالبی مندرجہ ذیل طریقے سے طلب کی گئیں۔

| | اکیوٹی شیئرز | ترجیحی شیئرز |
|---|---|---|
| | روپیہ | روپیہ |
| درخواست | 2 | 2 |
| الاٹمنٹ | 3 | 3 |
| فرسٹ کال | 2.50 | 2.50 |
| سیکنڈ اور آخری کال | 2.50 | 2.50 |

عام حصص مکمل طور پر قبول کر لیے گئے۔ تمام واجبات سوائے 100 اکیوٹی شیئرز اور 200 ترجیحی شیئرز کی سیکنڈ اور فائنل کال کے موصول ہوئے۔ روزنامچہ میں ان لین دین کا اندراج کریں۔ آپ کیش بک (نقد کھاتہ) اور تختہ توازن بھی تیار کریں۔

© NCERT not to be republished

حل:

## یونک پکچرز لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 30,000 | |
| | 5% ترجیحی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 20,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 30,000 |
| | 5% ترجیحی شیئر کیپٹل کھاتہ سے (زر درخواست کی منتقلی) | | | 20,000 |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 45,000 | |
| | 5% ترجیحی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 30,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 45,000 |
| | 5% ترجیحی شیئر کیپٹل کھاتہ سے (الاٹمنٹ پر واجب رقم) | | | 30,000 |
| | اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ ڈیبٹ | | 37,500 | |
| | 5% ترجیحی شیئر فرسٹ کال کھاتہ | | 25,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 37,500 |
| | 5% ترجیحی شیئر کیپٹل کھاتہ سے (قسط طالبی اول واجب) | | | 25,000 |
| | اکیوٹی شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ | | 37,500 | |
| | 5% ترجیحی شیئر سیکنڈ اور فائنل کھاتہ ڈیبٹ | | 25,000 | |
| | اکیوٹی شیئر سرمایہ کھاتہ سے | | | 37,500 |
| | 5% ترجیحی شیئر سرمایہ کھاتہ سے (قسط طالبی اول پر) | | | 25,000 |
| | کالس–ان–ایریرس کھاتہ ڈیبٹ | | 750 | |
| | اکیوٹی شیئر فائنل کال کھاتہ سے | | | 250 |
| | 5% ترجیحی شیئر فائنل کال کھاتہ سے | | | 500 |

© NCERT not to be republished

## نقد کھاتہ (بینک کالم)

| مؤرخہ | تفصیلات | LF | (رقم) روپیہ میں | مئورخہ | تفصیلات | LF | (رقم) روپیہ میں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | اکیوٹی شیئر درخواست | | 30,000 | | برسابق باقی | | 2,49,250 |
| | 5% ترجیحی شیئر درخواست | | 20,000 | | | | |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ | | 45,000 | | | | |
| | 5% ترجیحی شیئر الاٹمنٹ | | 30,000 | | | | |
| | اکیوٹی شیئر فرسٹ کال | | 37,500 | | | | |
| | 5% شیئر فرسٹ کال | | 25,000 | | | | |
| | اکیوٹی شیئر سیکنڈ وفائنل کال | | 37,250 | | | | |
| | 5% ترجیحی شیئر سیکنڈ وفائنل کال | | 24,500 | | | | |
| | | | 2,49,250 | | | | 2,49,250 |

## یونک پکچرز کی بیلنس شیٹ

| تفصیلات | نوٹ نمبر | (رقم) روپیہ میں |
|---|---|---|
| **I. اکیوٹی اور واجبات** | | |
| I. حصص داران کے فنڈ | | |
| a) شیئر سرمایہ | 1 | 2,49,250 |
| | | **2,49,250** |
| **II. اثاثے** | | |
| I. جاری (Current) اثاثے | | |
| a) نقد ار، مساوی نقد | 2 | 2,49,250 |
| | | **2,49,250** |

## کھاتوں کے بارے میں یادداشتیں

| | | |
|---|---|---|
| 1. شیئر سرمایہ | | |
| اتھرائزڈ (Authorised) سرمایہ | | |
| 30,000 ایکوٹی شیئر، ہر ایک 10 روپیہ کے حساب سے | | 3,00,000 |
| 20,000 پانچ فیصد ترجیحی شیئرز، ہر ایک 10 روپیہ کا | | 2,00,000 |
| | | **5,00,000** |
| جاری کردہ سرمایہ | | |
| 15,000 ایکوٹی شیئر، ہر ایک 10 روپیہ کا | | 1,50,000 |
| 10,000 پانچ فیصد ترجیحی شیئر، 10 روپیہ کا ایک | | 1,00,000 |
| شیئر سرمایہ کی حسابداری | | **2,50,000** |
| وصول شدہ سرمایہ | | |
| وصول شدہ اور پورے طور پر ادا شدہ | | |
| 10 روپیہ فی شیئر کے حساب سے 14,900 ایکوٹی شیئر | 1,49,000 | |
| 10 روپیہ فی شیئر کے حساب سے 9,800 ترجیحی شیئر | 98,000 | **2,47,000** |
| وصول شدہ مگر پورے طور پر ادا شدہ نہیں | | |
| 10 روپیہ فی شیئر کے حساب سے 100 ایکوٹی شیئر | 1,000 | |
| بقایا کی اقساط طالبی | -250 | 750 |
| 10 روپیہ کے حساب سے 5 % فیصدی 200 ترجیحی شیئر | 2,000 | |
| منہا (Less): بقایا کی اقساط طالبی | -500 | 1,500 |
| | | **2,49,250** |

## مثال 6

روہت اینڈ کمپنی نے 10 روپے فی شیئر کے حساب 30,000 شیئرز کا اجرا 3 روپے درخواست پر، 3 روپے الاٹمنٹ پر اور دو ماہ بعد قسط طالبی اول پر کیا۔ الاٹمنٹ پر تمام واجب الادا زر موصول ہو گیا لیکن قسط طالبی اول کے موقع پر ایک حصہ دار جس کے پاس 400 حصص تھے وہ کال اول کی ادائیگی نہ کر سکا اور ایک دوسرے 300 حصص کے حصہ دار نے دوم اور آخری کال بحساب 2 روپے کے ادا کر دی جب کہ اس سے مانگ بھی نہیں کی گئی تھی۔
کمپنی کے کھاتوں میں ضروری اندراج کیجیے۔

© NCERT not to be republished

حل:

## روہت اینڈ کمپنی کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر درخواست کھاتہ کے لیے<br>(30,000 شیئرز پر 3 روپے فی شیئر کے حساب سے زر درخواست موصول) | | 90,000 | 90,000 |
| | شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(زر درخواست کی شیئر کیپٹل کھاتہ میں منتقلی) | | 90,000 | 90,000 |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(30,000 شیئرز پر 3 روپے فی شیئر کے حساب سے زر الاٹمنٹ واجب) | | 90,000 | 90,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>(زر الاٹمنٹ موصول ہوا) | | 90,000 | 90,000 |
| | شیئر فرسٹ کال کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(30,000 حصص پر 2 روپے فی حصہ کے حساب سے قسط طالبی واجب) | | 60,000 | 60,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>کالس ان ایریرس کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے<br>کالس ان ایڈوانس کھاتہ سے<br>(400 حصص پر 2 روپے فی حصہ<br>کے 300 حصص پر 2 روپیے فی حصہ کے حساب سے کالس ان ایڈوانس) | | 59,000<br>800 | 60,000<br>600 |

© NCERT not to be republished

| | | | |
|---|---|---|---|
| بینک کھاتہ<br>کالس ان ایریرس کھاتہ کو<br>شیئر فرسٹ کال کھاتہ کو<br>(2 روپے فی شیئر کے حساب سے 400 روپیے کے لیے کالس ان ایریرس) | | 59,200<br>800 | 60,000 |
| بینک کھاتہ<br>کالس ان ایڈوانس کھاتہ سے<br>(2 روپے فی شیئر کے حساب سے 300 روپیے کے لیے شیئرس پر کالس ان ایڈونس) | | 600 | 600 |

## آپ اسے خود کیجیے

1۔ ایک کمپنی نے 20,000 ایکوٹی حصص 10 روپے فی حصہ کے حساب سے 3 روپے درخواست پر، 3 روپے الاٹمنٹ پر، 2 روپے کال اول اور 2 روپے کال دوم و آخر پر ادائیگی کے لیے جاری کیے۔ یکم مئی 2015 یا اس سے قبل زرالاٹمنٹ۔ قسط طالبی اول (فرسٹ کال) یکم اگست 2015 کو اور اقساط طالبی دوم و آخر یکم اکتوبر 2015 یا اس سے قبل قابل ادائیگی تھا 'X' جسے 1,000 حصص الاٹ کیے گئے تھے نے زرالاٹمنٹ ادا نہیں کیا۔ 'Y' جس کو 600 حصص تفویض کیے گئے تھے، نے دو اقساط طالبی ادا نہیں کیں اور 'Z' جسے کہ 40 حصص تفویض کیے گئے تھے نے آخری قسط طالبی ادا نہیں کی۔ روزنامچہ میں اندراج کر کے کمپنی کا تختہ توازن تیار کیجیے۔

2۔ الفا کمپنی لمیٹڈ نے 10,000 حصص 10 روپے فی حصہ کے حساب سے 3 روپیہ درخواست پر، 2 روپے تفویض پر اور بقیہ دو مساوی اقساط پر نقد ادائیگی کے لیے جاری کیے۔ زرتفویض 31 مارچ 2015 کو یا اس سے قبل، زر قسط طالبی اول (فرسٹ کال) 30 جون 2015 کو یا اس سے قبل اور زر قسط طالبی آخر 31 اگست 2015 کو یا اس سے قبل قابل ادائیگی تھا۔ مسٹر 'A' جنھیں 600 حصص تفویض کیے گئے تھے، نے حصص کی تمام باقی ظاہری قیمت الاٹمنٹ پر ہی ادا کر دی۔ کمپنی کے کھاتوں کا جنرل اندراج کیجیے اور اس تاریخ کا تختہ توازن بھی تیار کیجیے۔

© NCERT not to be republished

### 1.6.3 زائد چندہ (Over Subscription)

ایسی مثالیں بھی پائی جاتی ہیں کہ جب کسی کمپنی کے ذریعے عوام کو چندہ کے لیے پیش کیے گئے حصص سے زیادہ درخواستیں موصول ہوجاتی ہیں۔ ایسا عموماً اقتصادی طور پر مضبوط اور منظم کمپنیوں کے حصص کے امرا کے سلسلے میں ہوتا ہے اور یہ زائد چندہ کا معاملہ گردانا جاتا ہے۔

ایسی حالت میں، اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے ڈائریکٹرز کے پاس تین متبادل دستیاب ہوتے ہیں: (1) وہ کچھ درخواستوں کو مکمل طور پر منظور کرسکتے ہیں اور دوسری درخواستوں کو مکمل طور پر مسترد کرسکتے ہیں۔ (2) وہ سب کو تناسبی الاٹمنٹ (Pro–rate Allotment) دے سکتے ہیں اور (3) وہ مندرجہ بالا دونوں متبادلوں کی آمیزش کرسکتے ہیں جو کہ عام طور پر اپنایا جاتا ہے۔

زائد چندہ کا مسئلہ آخر کار حصص کے الاٹمنٹ پر حل کرلیا جاتا ہے۔ لہٰذا حسابی نقطۂ نظر سے یہ بہتر ہوتا ہے کہ زائد چندہ کی صورت حال کو درخواست اور الاٹمنٹ کے بالکل معینہ نظم کے اندر ہی رکھا جائے یعنی زر درخواست کی وصولیابی، الاٹمنٹ پر واجب زر اور حصہ داری سے اس کی وصولیابی اور اس کا مشاہدہ اندراجات کے طریقے سے ہوجائے۔

پہلا متبادل: جب ڈائریکٹرز کچھ درخواستوں کو کلیتاً منظور اور کچھ کو بالکل مسترد کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو حاصل شدہ زر درخواست مکمل طور پر لوٹا دیا جاتا ہے۔ مثلاً ایک کمپنی نے 20,000 حصص کے لیے عوام کو مدعو کیا اور کمپنی کو 25,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ ڈائریکٹرز نے 5,000 زائد حصص کی درخواستوں کو کلیتاً مسترد کردیا اور ان کا زر درخواست مکمل طور پر لوٹا دیا۔

اس معاملہ میں درخواست اور الاٹمنٹ کے لیے روزنامچہ میں اندراج مندرجہ ذیل طریقہ پر ہوگا۔

1۔ بینک کھاتہ ڈیبٹ
شیئر درخواست کھاتہ سے
(25,000 حصص کا -روپے فی حصہ زر درخواست موصول)

2۔ شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ
شیئر کیپٹل کھاتہ سے
بینک کھاتہ سے
(الاٹ کیے گئے 20,000 حصص کا زر منتقل اور مسترد کردہ درخواستوں کی رقم واپس)

3۔ شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ

شیئر کیپٹل کھاتہ سے

(20,000 حصص کا روپے فی حصہ زر الاٹمنٹ واجب)

4۔ بینک کھاتہ ڈیبٹ

شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے

(زر تفویض موصول)

**دوسرا متبادل:** جب ڈائریکٹرز تمام درخواست دہندگان کا متناسب الاٹمنٹ کے لیے انتخاب کرتے ہیں (جو تناسبی تفویض کہلاتا ہے) تو موصولہ زائد زر درخواست عام طور پر واجب الادا زر الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ کر دیا جاتا ہے اور اگر بصورت دیگر موصولہ رقم زر الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ کرنے کے بعد بھی بچ جاتی ہے تو اسے یا تو واپس کر دیا جاتا ہے یا پیشگی اقساط طلبی میں کریڈٹ کر دیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر: مدعو کی گئی 20,000 حصص کی درخواستوں کے جواب میں 25,000 درخواستیں موصول ہوئیں۔ یہ طے کیا گیا کہ درخواست دہندگان کو 4:5 کے تناسب سے حصص الاٹ کر دیے جائیں تو یہ تناسب تفویض معاملہ بنتا ہے اور 5,000 حصص کا فاضل موصولہ زر درخواست 20,000 حصص پر واجب الادا زر الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ ہوگا۔ اس معاملہ میں درخواست اور الاٹمنٹ کے لیے روزنامچہ اندراج مندرجہ ذیل طریقہ پر ہوگا۔

1۔ بینک کھاتہ ڈیبٹ

شیئر درخواست کھاتہ سے

(25,000 حصص کی —روپے فی حصہ زر درخواست موصول)

2۔ شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ

شیئر کیپٹل کھاتہ سے

شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے

(زر درخواست کی حصہ سرمایہ (شیئر کیپٹل) میں منتقلی اور فاضل زر درخواست حصہ تفویض (شیئر الاٹمنٹ) میں کریڈٹ کی گئی)

3۔ شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ
شیئر کیپٹل کھاتہ سے
(25,000 حصص بحساب —روپے فی حصہ زر تفویض واجب)

4۔ بینک کھاتہ ڈیبٹ
شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے
(فاضل زر درخواست کے طور پر موصول رقم کے ایڈ جسٹ کرنے کے بعد زر تفویض موصول ہوا)

تیسرا متبادل: جب کچھ حصص کی درخواستیں قطعی طور پر مسترد کر دی جاتی ہیں اور باقی درخواست دہندگان کو تناسب تفویض کر دی جاتی ہے تو اس صورت میں مسترد کردہ درخواستوں کی پوری رقم لوٹا دی جاتی ہے اور ان درخواست دہندگان کا موصولہ فاضل زر درخواست کہ جنھیں تناسبی الاٹمنٹ کیا گیا تھا ان کے واجب الادا الاٹمنٹ میں ایڈ جسٹ کر دیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر ایک کمپنی نے 10,000 حصص کے لیے درخواستیں طلب کیں اور اسے 15,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ ڈائریکٹرز نے 2,500 حصص کی درخواستیں یکسر مسترد کرنے کا فیصلہ کیا اور 10,000 حصص کا تناسبی الاٹمنٹ باقی بچے 12,500 حصہ داروں میں اس طرح کیا کہ ہر 5 حصص کی درخواست پر 4 حصص الاٹ کیے گئے۔ اس معاملہ میں 2,500 مسترد کردہ حصص کا تمام تر زر درخواست لوٹا دیا گیا اور یہ کہ باقی بچے 2,500 حصص (10,000–12,500 حصص) کا ایڈجسٹمنٹ 10,000 حصص کے واجب الادا الاٹمنٹ میں کر دیا گیا اور وہ رقم حصص الاٹمنٹ کھاتے میں کریڈٹ کر دی گئی۔ درخواست و الاٹمنٹ پر روزنامچہ اندراج درج ذیل ہوگا۔

1۔ بینک کھاتہ ڈیبٹ
شیئر درخواست کھاتہ سے
(15,000 حصص کے لیے فی حصہ زر درخواست موصول)

2۔ شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ
شیئر کیپٹل کھاتہ سے
شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے
بینک کھاتہ سے

© NCERT not to be republished

(زر درخواست حصہ سرمایہ میں منتقل- تناسبی حصہ (الاٹی) کا زائد زر درخواست حصص الاٹمنٹ میں کریڈٹ کیا گیا اور مسترد کردہ حصص کی رقم واپس کردی گئی)

3۔ شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ
شیئر کیپٹل کھاتہ سے
(10,000 حصص بحساب—فی حصہ الاٹمنٹ پر واجب)

4۔ بینک کھاتہ ڈیبٹ
شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے
(زائد زر درخواست کے طور پر پہلے سے موصولہ رقم کے ایڈجسٹمنٹ کے بعد زر الاٹمنٹ موصول ہوا)

## مثال 7

جنتا پیپرز لمیٹڈ نے 1,00,000 ایکویٹی حصص کے لیے 25 روپے فی حصہ کے حساب سے درخواستیں طلب کیں جو درج ذیل طور پر قابل ادائیگی تھا۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 5.00 روپے فی حصہ |
| الاٹمنٹ پر | 7.50 روپے فی حصہ |
| قسط طالبی اول (الاٹمنٹ کے 2 ماہ بعد واجب الادا) | 7.50 روپے فی حصہ |
| قسط طالبی دوم و آخر (قسط طالبی کے دو ماہ بعد واجب الادا) | 5.00 روپے فی حصہ |

یکم، جنوری 2017 کو 4,00,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں اور حصص کا الاٹمنٹ یکم فروری 2017 کیا گیا۔
کمپنی کی کتابوں میں روزنامچہ اندراجات کو ریکارڈ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل ہر ایک حالت میں شیئر کیپٹل لین دین کا اندراج کیجیے۔

1۔ ڈائریکٹرز 1,00,000 حصص منتخب امیدواروں کو الاٹ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ باقی 3,00,000 حصص کی درخواستوں کو یکسر مسترد کر دیتے ہیں۔

2۔ ڈائریکٹرز درخواست کرنے والے ایک امیدوار کو 25 فی صد حصص کا تناسبی الاٹمنٹ کرنے، باقی زر درخواست واجب الادا الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ کرنے اور اس کے بعد باقی بچی رقم واپس کرنے کا طے کرتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

3۔ ڈائریکٹرز 2,00,000 حصص کی درخواستیں قطعی مسترد کر دیتے ہیں، 80,000 حصص کی تمام درخواستیں منظور کرتے ہیں اور 20,000 حصص کے لیے باقی بچے امیدواروں کو تناسبی الاٹمنٹ کر کے زائد رقم درخواست الاٹمنٹ اور اقساط طالبی میں ایڈجسٹ کر دیتے ہیں۔

حل:

## جنتا پیپرز لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

**پہلا متبادل**

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2017 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 20,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ سے | | | 20,00,000 |
| | (4,00,000 حصص کی 5 روپے فی حصہ زر درخواست موصول ہوا) | | | |
| یکم فروری | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 20,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 5,00,000 |
| | بینک کھاتہ سے | | | 15,00,000 |
| | (1,00,000 حصص کا زر درخواست حصہ سرمایہ میں منتقل اور مسترد کردہ درخواستوں کی رقم واپس کی گئی) | | | |
| یکم فروری | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 7,50,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 7,50,000 |
| | (1,00,000 حصص بحساب 7.50 روپے فی حصہ زرتفویض واجب الادا) | | | |
| یکم فروری | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 7,50,000 | |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 7,50,000 |
| | (زرتفویض موصول) | | | |

© NCERT not to be republished

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| یکم اپریل | اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے ڈیبٹ<br>(1,00,000 حصص پر بحساب 7.50 روپے فی | | 7,50,000 | 7,50,000 |
| یکم اپریل | حصہ قسط طالبی اول واجب الادا)<br>بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے ڈیبٹ<br>اول قسط طالبی موصول | | 7,50,000 | 7,50,000 |
| یکم جون | اکیوٹی شیئر دوسرا اور آخری کال کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(1,00,000 حصص پر بحساب 5 روپے فی حصہ<br>زر قسط طالبی آخر واجب الادا) | | 5,00,000 | 5,00,000 |
| یکم جون | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر فرسٹ اور فائنل کال کھاتہ سے<br>(آخری قسط طالبی موصول) | | 5,00,000 | 5,00,000 |

**دوسر امتبادل**

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2017 | بینک کھاتہ<br>اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ سے<br>(4,00,000 حصص پر بحساب 5 روپے فی<br>شیئرز درخواست موصول ہوئی) | | 20,00,000 | 20,00,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یکم فروری | اکیوٹی شیئر درخواست ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتے سے<br>اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>بینک کھاتے سے<br>(الاٹ کیے گئے حصص کا زر درخواست حصہ سرمایہ میں منتقلی، فاضل زر درخواست الاٹمنٹ کھاتہ میں کریڈٹ کیا گیا اور مسترد کردہ درخواستوں کی رقم لوٹا دی گئی) | | 20,00,000 | <br>50,00,000<br>7,50,000<br>7,50,000 |
| یکم فروری | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(1,00,000 حصص کا بحساب 7.50 روپے فی حصہ زر تفویض واجب الادا) | | 7,50,000 | <br>7,50,000 |

نوٹ: دو اقساط طالبی سے متعلق اندراجات ویسے ہی ہوں گے جیسے اگلے والے طریقہ میں درج ہیں۔

**تیسرا متبادل**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2017 | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ سے<br>(4,00,000 حصص کی بحساب 5 روپے فی حصہ زر درخواست موصول ہوا) | | 20,00,000 | <br>20,00,000 |
| یکم فروری | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتے سے<br>اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے<br>کالس -ان -ایڈوانس کھاتے سے<br>بینک کھاتے سے<br>(حصہ درخواست کی رقم حصہ تفویض کی رقم اور پیشگی اقساط طالبی کی رقم حصہ سرمایہ میں بشمول مسترد درخواستوں کی رقم کے حصہ سرمایہ میں ایڈجسٹ کی گئی) | | 20,00,000 | <br>5,00,000<br>1,50,000<br>2,50,000<br>11,00,000 |

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| یکم فروری | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 7,50,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 7,50,000 |
| | (الاٹ کیے گئے حصص کا زردرخواست حصہ سرمایہ میں منتقلی اور 1,00,000 حصص کا بحساب 7.50 فی حصہ زرتفویض واجب الادا) | | | |
| یکم اپریل | بینک کھاتہ | | 6,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 6,00,000 |
| | (زرتفویض موصول ہوا) | | | |
| | اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ ڈیبٹ | | 7,50,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 7,50,000 |
| | (1,00,000 پر بحساب 7.50 روپے فی حصہ قسط طالبی اول واجب الادا) | | | |
| یکم اپریل | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 6,00,000 | |
| | کالس-ان-ایڈوانس کھاتہ | | 1,50,000 | |
| | اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے | | | 7,50,000 |
| | (پیشگی اقساط طالبی، قسط طالبی اول میں ایڈجسٹ اور قسط طالبی کی باقی رقم موصول ہوئی) | | | |
| یکم جون | اکیوٹی شیئر سیکنڈ اور فائنل کال ڈیبٹ | | 5,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ | | | 5,00,000 |
| | (1,00,000 حصص کی بحساب 5 روپے فی حصہ قسط طالبی آخر واجب الادا) | | | |
| یکم جون | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 4,00,000 | |
| | کالس ایڈوانس کھاتہ | | 1,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ سے | | | 5,00,000 |
| | (پیشگی اقساط طالبی بمقابلہ قسط طالبی آخر ایڈجسٹ کی گئی اور قسط طالبی کی بقایا رقم وصول پائی) | | | |

© NCERT not to be republished

نوٹ: اوپر دیے گئے جرنل 3 میں (Pro-Rata) پرو راٹا تقسیم کی وجہ سے ہونے والے مزید اپلیکشن پیسوں کی مقدار: حاصل شدہ حصوں کی مانگ پوری کرنے کے لیے کافی ہے۔ تقسیم کے عمل کے مطابق اور دو کال منی (Call Money) کے مطابق، اسی طرح ایک مقدار چھوڑنے کے لیے جس کو کہ واپس کیا جائے گا رد کی گئی درخواستوں کے ساتھ۔

بنیادی اشارے:

| | | |
|---|---|---|
| زائد زر درخواست | (روپے میں) | (روپے میں) |
| | | 15,00,000 |
| منہا/منہائی متبادلات: | | |
| حصص تفویض— | | |
| 20,000 حصص @ 7.50 روپے | 1,50,000 | |
| شیئر کالس (حصہ اقساط طالبی)—— | | |
| 20,000 حصص @12.50 روپے | 2,50,000 | 4,00,000 |
| واپس کی جانے والی رقم (مع مسترد کردہ درخواستیں) | | 11,00,000 |

## 1.6.4 کم چندہ

کم چندہ ایک ایسی حالت ہوتی ہے جہاں چندہ کے لیے مدعو کیے گئے حصص کے مقابلہ میں کم تعداد میں درخواستیں موصول ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر ایک کمپنی نے عوام کو چندہ کے لیے 2,00,000 حصص کی پیشکش کی لیکن درخواستیں محض 1,90,000 حصص کی موصول ہوئیں، ایسی حالت میں 1,90,000 حصص کے الاٹمنٹ کی توثیق کی جائے گی اور اسی کے مطابق اندراجات بھی درج ہوں گے۔ تاہم جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ اس بات کی یقین دہانی ہونی چاہیے کہ کمپنی کا خفیف ترین چندہ پیشکش کے 90 فی صد سے کم نہیں ہونا چاہیے ورنہ حصص کے اجرا کی کاروائی مزید آگے نہیں بڑھ سکتی ہے اور کمپنی کو وصول شدہ تمام چندہ واپس کرنا پڑے گا۔

## 1.6.5 پریمیم پر حصص کا اجرا

مالی طور پر مستحکم اور منظم کمپنیوں کا پریمیم پر اجرا بالکل عام بات ہے۔ یعنی حصص کی ظاہری قدر یا مساواتی قدر سے زیادہ قیمت یا رقم پر شیئرز کا جاری کرنا۔ لہٰذا جب ایک 100 روپے کی قیمت کا ایک شیئر 105 روپے کی قیمت پر جاری کیا جاتا ہے تو یہ پریمیم پر اجرا کہلاتا ہے۔

جب حصص کا اجرا پریمیم پر ہوتا ہے، تو پریمیم کی رقم تکنیکی طور پر اجرا حصص کے مرحلہ پر طلب کر لی جاتی ہے۔ تاہم پریمیم عام طور پر الاٹمنٹ کے واجب ہونے پر طلب کیا جاتا ہے اور زر درخواست کے ساتھ اور زر قسط طالبی کے ساتھ شاذ و نادر ہی طلب کیا جاتا ہے۔ پریمیم کی رقم ایک علاحدہ کھاتہ، جو سیکورٹی پریمیم کھاتہ کہلاتا ہے میں کریڈٹ کی جاتی ہے اور کمپنی کے تختہ توازن کے واجبات کی جانب ''ریزرو (محفوظ) اور زائد'' سرپلس'' کے عنوان کے تحت درج کی جاتی ہے۔ یہ محض مندرجہ ذیل 5 مقاصد

کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

(a) مکمل اداشدہ بونس شیئرز جاری کرنا جو کمپنی کے غیر جاری کردہ شیئرز کی حد سے تجاوز نہ کریں۔

(b) کمپنی کے ابتدائی اخراجات کو قلم زد کرنا۔

(c) کمپنی کے کسی بھی سیکورٹیز اخراجات یا اداکمیشن یا، منظور کردہ کٹوتی کو منسوخ کرنا اور

(d) کمپنی کے ترجیحی حصص یا ڈبنچرز کی واپسی، اپنے ہی شیئر کی خریداری (مثلاً اپنے شیئر کی واپسی خریداری) پر پریمیم ادا کرنا۔

(e) پریمیم پر جاری کردہ حصص کا روزنامچہ اندراج حسب ذیل ہوگا۔

1۔ زردرخواست کے ساتھ لی گئی پریمیم کی رقم کے لیے۔

(a) بینک کھاتہ ڈیبٹ

شیئر درخواست کھاتہ سے

(حصص بحساب— روپے فی حصہ بشمول پریمیم درخواست پر رقم موصول ہوئی)

(b) شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ

شیئر کیپٹل کھاتہ سے

سیکورٹی پریمیم ریزروکھاتہ سے

(زردرخواست حصہ سرمایہ اور سیکورٹیز پریمیم کھاتے میں منتقل)

2۔ پریمیم کی رقم زرالاٹمنٹ کے ساتھ طلب

(a) شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ

شیئر کیپٹل کھاتہ سے

سیکورٹیز اور پریمیم ریزروکھاتے سے

(حصص بحساب— روپے فی حصہ بشمول پریمیم الاٹمنٹ پر واجب الادا)

(b) بینک کھاتہ ڈیبٹ

شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے

(مع پریمیم زرالاٹمنٹ موصول ہوا)

3۔ پریمیم کی رقم زرالاٹمنٹ کے ساتھ طلب

© NCERT not to be republished

(a) شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ
شیئر کیپٹل کھاتہ سے
سیکورٹیز اور پریمیم ریزرو کھاتے سے
(زرواجب الادا پہلی، دوسری طلب بحساب ۔۔۔روپے فی شیئر کے بشمول پریمیم)
(b) بینک کھاتہ
شیئر طلب کھاتہ سے
(زرطلب موصول ہوا بشمول پریمیم کے)

## مثال 8

جوپیٹر کمپنی لمیٹڈ نے 35,000 اکیوٹی حصص بحساب 10 روپے فی حصہ 2 روپے کے پریمیم پر جاری کیے جو درج ذیل طریقہ پر قابل ادا تھے۔

درخواست پر 3 روپے
الاٹمنٹ پر 5 روپے (پریمیم شامل)
باقی پہلی وآخری اقساط طالبی پر۔

اجرا کی تمام رقم موصول ہوئی۔ کمپنی کی کتابوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے۔

**حل:**

### جوپیٹر کمپنی لمیٹڈ کی کتابیں

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبیٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ سے<br>(35,000 حصص پر 3 روپے فی حصہ درخواستوں پر زر کی وصولیابی) | | 1,05,000 | 1,05,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | اکیوٹی شیئر درخواست ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(زر درخواست کی حصہ سرمایہ میں الاٹمنٹ پر منتقلی) | | 1,05,000 | <br>1,05,000 |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>سیکورٹی ریزرو پریمیم کھاتہ سے<br>(35,000 حصص 5 روپے فی حصہ مع پریمیم الاٹمنٹ پر واجب الادا رقم) | | 1,75,000 | <br>1,05,000<br>70,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>(رقم موصول مع پریمیم) | | 1,75,000 | <br>1,75,000 |
| | اکیوٹی شیئر فرسٹ و فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(35,000 حصص پر 4 روپے فی حصہ کے حساب قسط طالبی اول و آخری واجب الادا) | | 1,40,000 | <br>1,40,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر فرسٹ و فائنل کال کھاتہ سے<br>(زر اول اور آخری اقساط طالبی موصول ہوا) | | 1,40,000 | <br>1,40,000 |

### 1.6.6 کٹوتی (بٹہ) پر شیئرز (حصص کا اجرا)

ایسی بہت سی مثالیں ملتی ہیں جب کوئی کمپنی کٹوتی (بٹہ) پر حصص کا اجرا کرتی ہے۔ یعنی ظاہری یا مساواتی قیمت سے کم قیمت پر جاری کرتی ہے۔ ظاہری قیمت اور اجرائی قیمت کے درمیان کا فرق اجرا حصص پر کٹوتی ظاہر کرتا ہے مثلاً جب 100 روپے کی ظاہری قیمت کا شیئر 98 روپے پر جاری کیا جائے تو اسے 2 فی صد کٹوتی پر جاری کرنا کہا جائے گا۔

اصولاً کوئی کمپنی عام طور پر کٹوتی پر حصص کا اجرا نہیں کر سکتی ہے۔ یہ ایسا صرف 'ضبط کردہ حصص کے مکرر اجرا' اور سویٹ اکیوٹی شیئر کے معاملے کے مطابق ہی کر سکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

## 1.6.7 نقد کے علاوہ حصص کے اجرا کی صورت میں ادائیگی

کئی مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ جب کوئی کمپنی کسی فروشندہ (Vendor) کے ساتھ سمجھوتہ کرتی ہے جس سے کہ اس نے اثاثہ جات خریدے ہوتے ہیں۔ اس کے تحت فروشندہ اپنے اثاثوں کی قیمت کمپنی کے جاری کردہ حصص کی شکل میں ادائیگی کے لیے منظور کر لیتا ہے۔ عام طور پر اس قسم کے اجرا میں نقد رقم وصول نہیں کی جاتی۔ ان حصص کا اجرا مساوات پر، پریمیم پر یا کٹوتی پر کیا جاتا ہے۔ اور جاری کیے جانے والے حصص کی تعداد کا انحصار جاری کیے گئے حصص کی قیمت پر اور فروشندہ کو قابل ادا رقم پر ہوتا ہے۔ لہٰذا فروشندہ کو جاری کیے جانے والے حصص کا حساب مندرجہ ذیل طریقے سے لگایا جاتا ہے۔

جاری کیے جانے والے حصص کی تعداد =

رقم واجب الادا

اجرائی قیمت

مثال کے طور پر راہل لمیٹڈ نے ہونڈا لمیٹڈ سے 5,40,000 روپے کی ایک عمارت خریدی اور اس کی ادائیگی 100 روپے فی حصہ والے حصص کے ذریعے کی جاتی ہے۔ جاری کیے جانے والے حصص کی تعداد کا تعین مندرجہ ذیل مختلف طریقوں سے کیا جائے گا:

(a) اس حصص کا اجرا مساوی قیمت پر ہو یعنی 100 روپے میں

جاری کیے جانے والے حصص کی تعداد = قابل ادا زر / اجرائی قیمت

= 5,40,000 روپے / 100 روپے

= 5,400 حصص

(b) جب حصص کا اجرائی قیمت 20 پریمیم پر ہو یعنی 120 روپے میں (100+20)

جاری کیے جانے والے حصص کی تعداد = قابل ادا زر / اجرائی قیمت

= 5,40,000 روپے / 120 روپے

= 4,500 حصص

جاری کیے گئے حصص کے لیے روزنامچہ میں اندراج برائے نقد زر کے متبادل کے طور پر درج ذیل ہوگی۔

© NCERT not to be republished

## راہل لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| (a) | بلڈنگ کھاتہ ڈیبٹ<br>ہونڈا لمیٹڈ کھاتے سے<br>(عمارت خریدی گئی) | | 5,40,000 | 5,40,000 |
| (b) | جب حصص مساوی قیمت پر جاری کیے گئے<br>ہونڈا لمیٹڈ کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(5,400 حصص مساوی قیمت پر جاری کیے گئے | | 5,40,000 | 5,40,000 |
| (c) | جب حصص 20 فی صد کے پریمیم پر جاری کیے گئے<br>ہونڈا لمیٹڈ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے<br>(4,500 حصص کا 120 روپے فی حصہ کے حساب سے اجرا) | | 5,40,000 | 4,50,000<br>90,000 |

### مثال 9

جندل اینڈ کمپنی نے ہائی لائف مشین لمیٹڈ 3,80,000 روپے کی ایک مشین خریدی۔ خریداری سمجھوتہ کے مطابق 20,000 روپے نقد زر اور باقی رقم اجرا حصص بحساب 100 روپے حصہ ادا کیا جانا طے پایا۔ کھاتوں میں کیا اندراج ہوگا اگر حصص کا اجرا:

(a) مساوی قیمت پر ہو

(b) 20 فی صد پریمیم پر ہو

## حل:

حصص کی تعداد کا حساب درج ذیل ہوگا :

(a) اجرا حصص مساوی قیمت پر ہونے پر

$$\frac{3,60,000 \text{ روپے}}{100 \text{ روپے}} = 3,600 \text{ حصص}$$

(b) جب حصص پریمیم پر جاری کیے گئے ہوں

$$\frac{3,60,000 \text{ روپے}}{120 \text{ روپے}} = 3,000 \text{ حصص}$$

## جندل اور کمپنی کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | مشین کھاتہ ڈیبٹ | | 3,80,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 20,000 |
| | ہائی لائف مشین لمیٹڈ کھاتہ سے | | | 3,60,000 |
| | (مشین خریدی گئی اور 20,000 روپے نقد زر اور باقی اجرا حصص کے ذریعے ادا کیا گیا) | | | |
| (a) | شیئرز مساوی قیمت پر جاری کرنے کی صورت میں ڈیبٹ | | 3,60,000 | |
| | ہائی لائف مشین لمیٹڈ | | | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 3,60,000 |
| | (3,600 حصص 100 روپے فی حصہ) | | | |
| (b) | حصص پریمیم پر جاری کرنے کی صورت میں ڈیبٹ | | 3,60,000 | |
| | ہائی لائف مشین لمیٹڈ کھاتہ | | | |
| | ہائی لائف مشین کھاتہ سے | | | 3,60,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | 60,000 |
| | (3,000 حصص 120 روپے فی حصہ کے حساب سے اجرا) | | | |

© NCERT not to be republished

## اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—II

درست جواب کا انتخاب کیجیے:

(a) اکیوٹی حصہ دار ہوتے ہیں:
(i) قرض خواہ (لین دار)
(ii) مالکان
(iii) کمپنی کے گراہک
(iv) ان میں سے کوئی نہیں

(b) ظاہری حصہ سرمایہ ہے:
(i) منظور شدہ سرمایہ کا وہ حصہ جس کا اجرا کمپنی کے ذریعے ہوتا ہے۔
(ii) وہ سرمایہ رقم جس کے لیے ممکنہ حصہ داروں نے درخواست دی ہو۔
(iii) حصہ سرمایہ کی وہ انتہائی رقم جسے جاری کرنے کا کمپنی کو اختیار ہوتا ہے۔
(iv) حصہ داروں کے ذریعے ادا کی گئی حقیقی رقم۔

(c) بقایا قسط طالبی پر سود ٹیبل 'F' کے مطابق وصول کیا جاتا ہے۔
(i) 10 فی صد
(ii) 6 فی صد
(iii) 8 فی صد
(iv) 11 فی صد

(d) ڈائریکٹرز کے طلب کرنے سے قبل حصہ داروں سے پیشگی حاصل شدہ رقم:
(i) پیشگی اقساط طالبی کھاتہ میں ڈیبٹ کی جاتی ہے۔
(ii) پیشگی اقساط طالبی کھاتہ میں کریڈٹ کی جاتی ہے۔
(iii) اقساط طالبی کھاتہ میں ڈیبٹ کی جاتی ہے۔
(iv) ان میں سے کوئی نہیں

© NCERT not to be republished

(e) حصص ضبط کیے جاسکتے ہیں:
(i) زرقسط طالبی کی عدم ادائیگی پر
(ii) میٹنگوں میں حصہ نہ لینے پر
(iii) بینک کو قرض کی ادائیگی نہ کرنے پر
(iv) بطور سیکورٹی حصص کے رہن رکھنے پر

(f) حصص ضبطی کھاتہ کا بقایا ضبط کردہ حصص کا مکرر اجرا بعد میں منتقل کردیا جاتا ہے:
(i) عام ذخیرہ (جنرل ریزرو)
(ii) سرمایہ بازادائیگی (واپسی) ذخیرہ(Capital Redemption Reserve)
(iii) سرمایہ ذخیرہ (کیپٹل ریزرو)
(iv) آمدنی ذخیرہ (ریوینیو ریزرو)

(g) حصہ ضبطی کھاتہ کا بقایا تختۂ توازن کی مد میں ظاہر کیا جاتا ہے۔
(i) چالو واجبات اور بندوبست(Provision)
(ii) ذخائر اور فاضلات(Reserve and Surplus)
(iii) حصہ سرمایہ کھاتہ
(iv) غیر محفوظ قرض

**حصص کا پرائیویٹ پلیسمنٹ**

کمپنی قانون 2013 (سیکشن 42) میں نجی پلیسمنٹ کو سیکورٹیز کی پیش کش نجی پلیسمنٹ آفر کے ذریعہ افراد کے منتخب گروپ کو سبسکرائب کرنے کی دعوت کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔

کوئی بھی کمپنی اپنے ملازمین اور ملازم ڈائریکٹروں کو کمپنی کے حصص، مارکیٹ کی قیمت سے کم قیمت پر یا مستقبل میں مناسب قیمت پر کمپنی کے حصص خریدنے کے اختیار کی پیش کش کرسکتی ہے۔ یہ ملازمین کے اسٹاک آپشن پلان (ای ایس پی او) کے طور پر جانا جاتا ہے۔ کمپنی کے ذریعہ عطا کردہ ایک اختیار ہونے کے ناطے اس کے تحت کوئی ملازم سبسکرائب کرنے کا حق استعمال بھی کرسکتا ہے اور نہیں بھی۔

© NCERT not to be republished

ملازمین کا اسٹاک آپشن پلان سُویٹ ایکوٹی کے زمرے میں آتا ہے۔ سُویٹ ایکوٹی وسیع تر زمرے کی ایک ایکوٹی ہوتی ہے۔

کسی بھی کمپنی کو اختیارات کے اجراء کے لیے درج ذیل بیان کردہ شرائط کو پورا کرنا ہوگا۔

(a) یہ حصص پہلے جاری کردہ حصص کے درجے کے ہی ہونے چاہئیں۔

(b) یہ ایک خصوصی قراردار کے مجاز ہوں جسے کمپنی نے منظوری دی ہو۔

(c) قرارداد میں حصص کی تعداد، موجودہ مارکیٹ قیمت، غور وخوض اگر کوئی ہے اور ڈائریکٹروں یا ملازمین کے درجے یا درجات کی وضاحت کی گئی ہو جن میں اس طرح کے ایکوٹی حصص جاری کئے جائیں گے۔

(d) کمپنی نے جب کاروبار شروع کیا تھا اس تاریخ سے اجراء کی تاریخ تک ایک سال سے کم مدت کا عرصہ نہ گزرا ہو اور

(e) اگر حصص فہرست میں شامل ہیں تو ان حصص کو ایس ای بی آئی کے ضابطوں کے مطابق جاری کیا گیا ہو۔

ای ایس او پی کی اہم شرائط:

گرانٹ: گرانٹ کا مطلب ہے کہ ملازمین کو یہ اختیار دینا کہ وہ پہلے سے طے شدہ قیمت پر کمپنی کے حصص خرید سکتے ہیں۔

گرانٹ تاریخ: یہ ملازمین کے اسٹاک آپشن پلان (ای ایس او پی) کے مطابق کمپنی اور اس کے ملازمین کے درمیان ہوئے سمجھوتے کی تاریخ ہے۔

ولیٹنگ: یہ ایک ایسا عمل ہے جو ملازمین کو کمپنی کے حصص خریدنے کا حق دیتا ہے۔

ولیٹنگ تاریخ: یہ وہ تاریخ ہے جب ملازمین ولیٹنگ کی شرائط سے مطمئن ہو کر حصص کے لیے درخواست کرنے کا اہل ہو جاتا ہے۔

ولیٹنگ کی مدت: گرانٹ تاریخ اور اس تاریخ کے درمیان کی مدت جس میں ملازمین کے اسٹاک آپشن پلان (ای ایس او پی) کی تمام مخصوص ولیٹنگ کی شرائط کے بارے میں مطمئن ہونے کی ضرورت ہوتی ہے۔

مشق: اس کا مطلب ملازم کے ذریعے اسے دیئے گئے اختیار کے برخلاف حصص کے اجراء کے لیے درخواست دینا ہے۔

مشق کی مدت: ولیٹنگ کے بعد کی مدت جس کے اندر اندر ملازم کو ملازمین کے اسٹاک آپشن پلان کی تقلید کرتے ہوئے، اسے دیئے گئے اختیار کے برخلاف حصص کے لیے درخواست دینے کا حق ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

مشق کی قیمت: وہ قیمت جو ملازمین کے اسٹاک آپشن پلان کی پیروی میں حاصل اختیار استعمال کرنے کے لیے ملازم کے ذریعے ادا کی جائے۔

آپشن کی قدر: مارکیٹ کی قیمت اور سیکوریٹی کی اجرائی قیمت کے درمیان فرق

© NCERT not to be republished

## 1.7 ضبطی حصص

ایسے حالات بھی رونما ہوتے ہیں کہ جب کوئی حصہ دار ایک یا اس سے زائد اقساط ادا کرنے سے قاصر ہوتا ہے۔ یعنی زر الاٹمنٹ یا زر قسط طالبی۔ ایسے حالات میں کمپنی ان کے حصص ضبط کرسکتی ہے یعنی ان کا الاٹمنٹ رد کر کے اس پر اب تک حاصل شدہ رقم کمپنی کے ذریعے ضبط کرلی جاتی ہے جو کمپنی آرٹیکل کے مجوزہ قانون کے دائرہ میں ہوتا ہے۔ ان کا اہتمام عام طور پر جدول F کے قوانین پر منحصر ہوتے ہیں جو ڈائریکٹرز کو اقساط کی عدم ادائیگی کی صورت میں حصص کو ضبط کرنے کا اختیار دیتی ہے۔ اس مقصد کے لیے انھیں بنائے گئے طریقۂ کار پر سختی سے عمل درآمد کرنا ہوتا ہے۔

جب حصص ضبط کر لیے جاتے ہیں تب تمام ضبط شدہ حصص سے متعلقہ اندراجات پریمیم کے علاوہ جو پہلے سے حسابی ریکارڈ میں درج ہیں، ہر حالت میں برعکس (Reverse) اندراج کر دینا چاہیے۔ لہٰذا شیئر کیپٹل کھاتہ طلب کردہ کھاتہ کے ساتھ ضبط شدہ حصص کے سلسلے میں ڈیبٹ کر دینا چاہیے اور انفرادی غیر ادا شدہ کھاتہ یا کالس ان ایریرس کھاتہ کریڈٹ کرنا چاہیے۔ لہٰذا روزنامچہ اندراج مندرجہ ذیل ہوگا۔

(a) ضبطی حصص کا پر پراجرا

شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ

شیئر ضبطی کھاتہ سے............ (طلب کردہ رقم)

شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے........ (ادا شدہ رقم)

شیئر کال کھاتہ (انفرادی) سے

(......حصص زر الاٹمنٹ اور زر اقساط طالبی کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ضبط کیے گئے)

نوٹ: اگر کمپنی میں کالس ان ایریرس، کھاتہ قائم ہے تو مندرجہ بالا اندراج میں 'شیئر الاٹمنٹ' اور یا 'شیئر کال یا کالس کھاتہ' کے بجائے کالس-ان -ایریرس، کھاتہ کو کریڈٹ کیا جائے گا۔

جب تک ضبط کردہ حصص کا مکرر اجرا نہیں ہوجاتا تب تک ضبط کردہ حصص کی بقایا رقم کمپنی کے کل ادا شدہ سرمایہ میں تختہ توازن کے واجبات کی جانب شیئر کیپٹل کے عنوان کے تحت اضافی طور پر ظاہر کی جائے گی۔

### مثال 10

ہونڈا لمیٹڈ نے 10,000 ایکوٹی حصص 100 روپے فی حصہ درج ذیل طور پر ادائیگی کے لیے جاری کیے گئے۔ درخواست پر 20 روپے، الاٹمنٹ پر 30 روپے، 20 روپے قسط طالبی اول اور 30 روپے قسط طالبی دوم اور آخر پر 10,000 حصص کی درخواستیں دی گئیں جن پر الاٹمنٹ کر دیا گیا۔ تمام واجب رقم حاصل ہوئی سوائے 300 حصص کے لیے سُپریا کی دونوں اقساط طالبی کے ان حصص کو ضبط

## ہونڈا لمیٹڈ کے کھاتے

## روزنامچہ

| | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر درخواست کھاتہ<br>(10,000 حصص پر 25 روپے فی حصہ کے حساب سے زر درخواست موصول ہوا) | | 2,00,000 | 2,00,000 |
| | شیئر کیپٹل کھاتے سے ڈیبٹ<br>(زر درخواست حصہ سرمایہ میں منتقل کیا گیا) | | 2,00,000 | 2,00,000 |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(10,000 حصص بحساب 30 روپے حصہ الاٹمنٹ پر زر واجب الادا) | | 3,00,000 | 3,00,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>(10,000 حصص کا بحساب 30 روپے حصہ الاٹمنٹ پر زر موصول) | | 3,00,000 | 3,00,000 |
| | شیئر فرسٹ کال کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(10,000 حصص کا بحساب 20 روپے فی حصہ قسط طالبی اید پر رقم واجب الادا) | | 2,00,000 | 3,00,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے<br>(قسط طالبی اول کی رقم موصول سوائے 300 حصص کے) | | 1,94,000 | 1,94,000 |

© NCERT not to be republished

| تاریخ | تفصیل | ل.ف. | ڈیبٹ | کریڈٹ |
|---|---|---|---|---|
| | شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(10,000 حصص پر 30 روپے فی حصہ کے حساب سے رقم قسط طالبی اول وآخر واجب الادا) | | 3,00,000 | 3,00,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ سے<br>(زر اقساط طالبی دوم وآخر موصول) | | 2,91,000 | 2,91,000 |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے<br>شیئر سیکنڈ کال کھاتے سے<br>شیئر ضبطی کھاتہ سے<br>(300 حصص ضبط کیے گئے) | | 30,000 | 6,000<br>9,000<br>15,000 |

**ضبط شدہ حصص کا پریمیم پر اجرا:** جہاں ابتدا میں پریمی پر حصص جاری کیے گئے ہوں اور ان کی رقم مکمل طور پر وصول کر لی گئی ہو اور بعد میں عدم ادائیگی کی وجہ سے کچھ حصص ضبط کر لیے گئے ہوں۔ ضبط شدہ حصص کے لیے حسابی عمل اسی طرز پر کیا جائے گا جیسا کہ مساوی حصص کے معاملے میں ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں قابل غور بات یہ ہے کہ شیئر پریمیم کھاتہ اسی وقت ڈیبٹ نہیں کرنا ہوتا اگر اس سلسلے میں ضبط کیے گئے حصص کا پریمیم موصول ہو گیا ہے۔

ہاں اگر ضبط کردہ حصص پر پریمیم کی رقم پوری یا جزوی طور پر وصول نہ ہوئی ہو تو شیئر پریمیم کھاتہ کو بھی ڈیبٹ کیا جائے گا پریمیم کی اس رقم کے ساتھ جو ضبطی کے وقت ریز رو شیئر کیپٹل کھاتہ کے ساتھ جو رقم وصول نہیں ہوئی۔ ایسا جب ہوگا کہ جب الاٹمنٹ پر واجب رقم موصول نہ ہوئی ہو لہٰذا جاری کردہ حصص کی ضبطی کا روزنامچہ اندراج کا ریکارڈ جن پر کہ پریمیم پوری طرح وصول نہیں ہوئی ہے، مندرجہ ذیل ہوگا۔

شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ

سیکورٹیز ریز رو پریمیم کھاتہ ڈیبٹ

شیئر ضبطی کھاتہ سے

© NCERT not to be republished

شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے

اور/ یا

شیئر کالس کھاتہ (انفرادی) سے

(—الاٹمنٹ اور اقساط طالبی کی رقم کی عدم ادائیگی نہ حصص ضبطی)

**نوٹ:** جہاں کالس ان ایریرس (بقایا اقساط طالبی) کھاتہ موجود ہوتا ہے تو وہاں کالس ان ایریرس کھاتہ کریڈٹ کیا جاتا ہے نہ کہ شیئر الاٹمنٹ اور قسط طالبی/ اقساط طالبی کھاتہ کو۔

## مثال 11

ایک حصہ دار ساحل کہ جسے 1,000 حصص بحساب 120 روپے (ظاہری قیمت 100 روپے فی حصص) پر جاری کیے تھے۔ 20 روپے فی حصہ کے حساب سے اقساط طالبی دوم و آخری ادا کرنے میں ناکام ہوگا۔ اس کے حصص اقساط طالبی دوم و آخر کے بعد ضبط کر لیے گئے۔ حصص ضبطی کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔

**حل:**

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر فرسٹ و فائنل کال کھاتہ سے<br>دوسری اور شیئر ضبطی کھاتے سے<br>(آخری قسط طالبی کی عدم ادائیگی کی وجہ سے 1000 حصص ضبط کیے گئے) | | 1,00,000 | <br>20,000<br>80,000 |

## مثال 12

سیتا کے پاس 10 روپے والے 500 حصص تھے۔ جس کی وہ 4 روپے فی حصہ (2 روپے فی حصہ پریمیم شامل) اور 3 روپے فرسٹ اور فائنل کال کی ادائیگی نہیں کر پائی۔ فرسٹ اور فائنل کال کے بعد اس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ حصص ضبطی کے لیے روزنامچہ میں اندراج کیجیے۔

© NCERT not to be republished

**حل:**

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | شیئر کیپٹل ریزرو کھاتہ ڈیبٹ<br>سیکورٹیز پریمیم کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>شیئر فرسٹ وفائنل کھاتے سے<br>شیئر ضبطی کھاتے سے<br>(پہلی وآخری کال کی عدم ادائیگی کی وجہ سے 500 حصص ضبط کیے گئے) | | 5,000<br>1,000 | <br><br>2,000<br>1,500<br>2,500 |

## مثال 13

اشوک لمیٹڈ نے 2 روپے کے پریمیم پر 10 روپے فی حصہ کے حساب سے 3,00,000 ایکوٹی حصص جاری کیے جو درخواست پر 3 روپے، الاٹمنٹ پر 5 روپے (پریمیم شامل) اور باقی دو مساوی رقم کی اقساط طالبی پر قابل ادا تھے۔

4,00,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں تمام درخواست دہندگان کو عارضی الاٹمنٹ دے دیا گیا۔ زائد زرِ درخواست الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ کر دیا گیا۔ مکیش جسے 800 حصص تفویض کیے گئے تھے دونوں کالس کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہا اور سیکنڈ کال کے بعد اس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ اشوک لمیٹڈ کے کھاتوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے اور تختہ توازن بھی ظاہر کیجیے۔

**حل:**

### اشوک لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>ایکوٹی شیئر درخواست کھاتہ سے<br>(4,00,000 حصص پر زرِ درخواست موصول) | | 12,00,000 | <br>12,00,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 12,00,000 | |
| | اکیوٹی کیپٹل کھاتہ سے | | | 9,00,000 |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 3,00,000 |
| | (3,00,000 حصص کا زر درخواست حصہ سرمایہ کھاتے میں منتقل۔ زائد رقم حصص تفویض کھاتہ میں ایڈجسٹ کی گئی) | | | |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 15,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 9,00,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتے سے | | | 6,00,000 |
| | (3,00,000 حصص پر زر تفویض واجب الادا) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 12,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ ریزرو کھاتہ | | | 12,00,000 |
| | (درخواست پر زائد موصول رقم ایڈجسٹ کرنے کے بعد زر تفویض موصول ہوا) | | | |
| | اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ ڈیبٹ | | 6,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 6,00,000 |
| | (3,00,000 حصص پر قسط طالبی اول واجب الادا) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 5,98,400 | |
| | کالس ان ایریریس (بقایا اقساط طالبی) کھاتہ | | 1,600 | |
| | اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے | | | 6,00,000 |
| | (2,99,200 حصص پر زر قسط طالبی اول موصول ہوا) | | | |

© NCERT not to be republished

| | تفصیلات | | ڈیبٹ رقم | کریڈٹ رقم |
|---|---|---|---|---|
| | اکیوٹی شیئر سیکنڈ و فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ | | 6,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 6,00,000 |
| | (دوسری زر قسط طالبی واجب الادا) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 5,98,400 | |
| | کالس ان ایریرس (بقایا اقساط طالبی) کھاتہ | | | 6,00,000 |
| | اکیوٹی شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ سے | | 1,600 | |
| | (2,99,200 حصص کی رقم موصول ہوئی) | | | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ | | 8,000 | |
| | ضبطی کھاتہ سے | | | 4,800 |
| | کال ان ایریرس کھاتہ سے | | | |
| | (800 حصص کی ضبط) | | | 3,200 |

## اشوک لمیٹڈ کی بیلنس شیٹ..........

| تفصیلات | | نوٹ | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|
| **1. اکیوٹی اور واجبات** | | | |
| 1. حصص داران کے فنڈ | | | |
| (a) شیئر سرمایہ | | 1 | 29,96,800 |
| (b) ذخائر اور فاضلات | | 2 | 6,00,000 |
| | | | 35,96,800 |
| **II اثاثے** | | | |
| I. جاری اثاثے | | 3 | 35,96,800 |
| نقد اور نقد کے مساوی | | | 35,96,800 |

© NCERT not to be republished

## کھاتوں کے نوٹس

| | | | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|
| 1۔ شیئر سرمایہ | | | |
| منظور شدہ سرمایہ | | | |
| (Authorized Capital) | | | |
| ۔۔۔دس دس روپیہ کے ایکوٹی شیئر | | | |
| اجرا شدہ سرمایہ | | | |
| 10، 10 روپیہ کے 3,00,000 ایکوٹی شیئر | | | **30,00,000** |
| وصول شدہ سرمایہ | | | |
| وصول شدہ اور پورے طور پر ادا شدہ | | | 29,92,000 |
| دس دس روپیہ کے 2,99,200 | | | 4,800 |
| اضافہ (Add.) ضبطی شیئر کھاتے | | | 29,96,800 |
| 2۔ ذخائر اور فاضلات | | | **6,00,000** |
| سیکیورٹیز پریمیم ریزرو | | | |
| 3۔ نقد اور مساوی نقد | | | |
| بینک میں نقد | | | **35,96,800** |

### مثال 14

ہائی لائٹ انڈیا لمیٹڈ نے 100 روپے فی حصہ کے ڈیبٹ حساب سے 20 روپے پریمیم پر 30,000 حصص کے لیے درخواست دہندگان کو حصص کے لیے مندرجہ طور پر ادائیگی کے لیے مدعو کیا۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 40 روپے (10 روپے پریمیم شامل) |
| الاٹمنٹ پر | 30 روپے (10 روپے پریمیم شامل) |
| فرسٹ کال | 30 روپے |
| سیکنڈ اور فائنل کال | 20 روپے |

© NCERT not to be republished

40,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں اور 35,000 درخواستوں پر عارضی تفویض (الاٹمنٹ) کر دیا گیا۔ زائد زر درخواست الاٹمنٹ میں استعمال کر لی جاتی ہے۔

روہن جسے 600 حصص تفویض کیے گئے تھے زر الاٹمنٹ ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے اور الاٹمنٹ کے بعد اس کے حصص ضبط کر لیے جاتے ہیں۔

امان جس نے 1,050 حصص کے لیے درخواست دی تھی فرسٹ کال کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے اور اس کے حصص فرسٹ کال کے بعد ضبط کر لیے جاتے ہیں۔

سیکنڈ اور فائنل کال طلب کر لی گئی۔ سیکنڈ کال کی تمام واجب رقم موصول ہوئی۔

ضبط کیے گئے حصص میں سے 1,000 حصص کا مکرر اجرا مکمل ادا شدہ 80 روپے فی حصہ لیا گیا جس میں امان کے تمام حصص شامل ہیں۔

ہائی لائٹ انڈیا لمیٹڈ کے روزنامچہ کھاتوں میں ضروری اندراجات کیجیے۔

**حل:**

## ہائی لائٹ انڈیا کمپنی کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 16,00,000 | |
| | شیئر درخواست کھاتہ سے | | | 16,00,000 |
| | (40,000 حصص پر زر درخواست موصول) | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>سیکورٹیز اور پریمیم ریزرو کھاتہ سے<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے<br>(زردرخواست حصہ سرمایہ کھاتے میں منتقل، سیکورٹیز پریمیم کھاتہ اور زائد رقم حصہ تفویض (شیئر الاٹمنٹ) کھاتہ میں منتقل) | | 14,00,000 | <br>9,00,000<br>3,00,000<br>2,00,000 |
| | شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>بینک کھاتہ سے<br>(500 حصص کی رقم واپس کی گئی) | | 2,00,000 | <br>2,00,000 |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ سے<br>(تفویض حصص پر رقم واجب الادا) | | 9,00,000 | <br>6,00,000<br>3,00,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>(زرتفویض الاٹمنٹ موصول) | | 6,86,000 | <br>6,86,000 |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ<br>سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>شیئر ضبطی کھاتہ سے<br>(زرتفویض الاٹمنٹ کی عدم ادائیگی کی وجہ سے روہن کے 600 حصص ضبط) | | 30,000<br>6,000 | <br><br>14,000<br>22,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | شیئر فرسٹ کال کھاتہ ڈیبٹ | | 8,82,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 8,82,000 |
| | (29,400 حصص پر فرسٹ کال واجب) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 8,55,000 | |
| | شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے | | | 8,55,000 |
| | (28,500 حصص پر فرسٹ کال کی رقم موصول ہوئی) | | | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ | | 72,000 | |
| | شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے | | | 27,000 |
| | شیئر ضبطی کھاتہ سے | | | 45,000 |
| | امان کے 900 حصص ضبط کیے گئے | | | |
| | شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ | | 5,70,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 5,70,000 |
| | (28,500 حصص پر سیکنڈ اور فائنل کال کی رقم واجب) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 5,70,000 | |
| | شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ سے | | | 5,70,000 |
| | (واجب الادا رقم موصول ہوئی) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 80,000 | |
| | شیئر ضبطی کھاتہ | | 20,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | (1,000 ضبط شدہ حصص کو مکرر جاری کیا گیا) | | | |
| | شیئر ضبطی کھاتہ ڈیبٹ | | 28,667 | |
| | کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) کھاتہ سے | | | 28,667 |
| | (1,000 مکرر جاری کردہ حصص کا منافع سرمایہ واپسی منتقل) | | | |

© NCERT not to be republished

بنیادی اشارے:

**(i) روہن کی درخواست پر زائد رقم موصول**

روہن کو 600 حصص الاٹ کیے گئے۔

اسے درخواست کرنی چاہیے تھی $600 \times \frac{35,000 \text{ روپے}}{30,000 \text{ روپے}}$ 700 حصص

| | | |
|---|---|---|
| روہن سے وصول شدہ رقم | 700 x 40 = روپے | 28,000 |
| درخواست پر رقم ایڈ جسٹ کی گئی | 600 x 40 = روپے | (24,000) |
| الاٹمٹ پر رقم ایڈ جسٹ کی گئی | | **4,000** |
| الاٹمنٹ پر رقم واجب | 600 x 30 = روپے | 18,000 |
| رقم ایڈ جسٹ کی گئی | | (4,000) |
| الاٹمنٹ پر رقم واجب | | **14,000** |

**(ii) الاٹمنٹ پر رقم وصول**

| | | |
|---|---|---|
| الاٹمنٹ پر کل رقم واجب | 30,000 x 30 = روپے | 9,00,000 = |
| درخواست پر رقم موصول | | (2,00,000) |
| | | 7,00,000 |
| روہن کے حصہ کی رقم موصول نہیں ہوئی | | (14,000) |
| فرسٹ کال رقم موصول | | **6,86,000** |

**(iii) 29,400 حصص پر فرسٹ کال کی رقم واجب**

| | | |
|---|---|---|
| | 29,400 x 30 روپے= | 8,82,000 |
| 900 حصص پر زر درخواست موصول نہیں ہوا | 900 x 30 روپے | (27,000) |
| | | **8,55,000** |

(iv) 1,000 حصص مکرر جاری کیے گئے جس میں 900 امان کے اور 100 روہن کے حصص شامل تھے۔

| | | |
|---|---|---|
| 100 حصص پر منافع | | 3,667 |
| 900 حصص پر منافع | = | 45,000 |
| | | 48,667 |
| منہا: 1,000 حصص کے اجرا پر نقصان | | (20,000) |
| | | **28,667** |

(v) 500 حصص کا ضبطی کھاتہ میں بقایا (بیلنس)

روپے = 18,333 روپے

**آپ اسے خود کیجیے**

1۔ ایک کمپنی نے 10 روپے والے 100 ایکوٹی حصص 20% پریمیم پر جاری کیے 5 روپے کی فائنل (پریمیم شامل) کی عدم ادائیگی کی وجہ سے حصص ضبط کر لیے گئے۔ حصص کے ضبط کرنے سے متعلق روزنامچہ اندراج کیجیے۔

2۔ ایک کمپنی نے 10 روپے والے 800 ایکوٹی حصص 10% بٹہ سے جاری کیے جو 2 روپے کی دو اقساط طالبی کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ضبط کر لیے گئے کمپنی کے ذریعے ضبط کی گئی رقم کا حساب لگا کر ضبطی حصص کے لیے روزنامچہ اندراج کیجیے۔

## مثال 15

X لمیٹڈ نے 40,000 ایکوٹی حصص 2 روپے کے پریمیم پر 10 روپے فی حصہ عوامی چندہ کے لیے جاری کیے، جو مندرجہ ذیل طریقہ پر قابل ادا تھے۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 4 روپے فی حصہ |
| الاٹمنٹ پر | 5 روپے فی حصہ (پریمیم شامل) |
| کال پر | 3 روپے فی حصہ |

60,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ 48,000 درخواست دہندگان کو تناسبی الاٹمنٹ کر دیا گیا، باقی

درخواستیں مسترد کردی گئیں۔درخواستوں پر زائد ادا رقم واجب الادا الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ کردی گئی۔

سری چٹنی جن کو 1,600 حصص الاٹ کیے گئے تھے وہ اقساط طالبی کی ادائیگی میں ناکام رہے اور شری جگدل جن کو 2,000 حصص الاٹ کیے وہ قسط طالبی ادا نہیں کر پائے یہ حصص بعد میں ضبط کر لیے گئے۔

مندرجہ بالا لین دین کا اندراج کمپنی کے کھاتوں میں درج کیجیے۔

**حل:**

## ایکس لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 2,40,000 | |
| | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ سے | | | 2,40,000 |
| | (60,000 حصص پر 4 روپے فی حصہ کے حساب سے زر درخواست موصول) | | | |
| | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 2,40,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 1,60,000 |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 32,000 |
| | بینک کھاتے سے | | | 48,000 |
| | (زر درخواست حصہ سرمایہ میں منتقل رد کردہ درخواستوں کی رقم واپس کی اور زائد زر درخواست تناسبی تقسیم کے تحت حصص الاٹمنٹ میں کریڈٹ کیا) | | | |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 2,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 1,20,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ سے | | | 80,000 |
| | (40,000 حصص پر 5 روپے فی حصہ (پریمیم شامل) زر تفویض واجب الادا) | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 1,61,280 | | بینک کھاتہ ڈیبٹ | |
| | 6,720 | | کالس ان ایریرس (بقایا اقساط طالبی) کھاتہ | |
| 1,68,000 | | | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | |
| | | | (الاٹمنٹ کے نتیجہ میں پیسہ وصول) | |
| | 1,20,000 | | اکیوٹی شیئر کال کھاتہ ڈیبٹ | |
| 1,20,000 | | | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | |
| | | | (40,000 حصص پر 3 روپے فی حصہ کے حساب سے زرضبط طالبی اول موصول) | |
| | 1,09,200 | | بینک کھاتہ ڈیبٹ | |
| 10,800 | | | کالس ان ایریرس کھاتہ | |
| 1,20,000 | | | اکیوٹی شیئر کال کھاتہ سے | |
| | | | (قسط طالبی اول پر رقم موصول) | |
| | 36,000 | | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ | |
| | 3,200 | | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ | |
| 21,680 | | | ضبط کردہ کھاتہ سے | |
| 17,520 | | | کالس ان ایریرس کھاتہ سے | |
| | | | (3,600 ضبط کردہ حصص کی رقم کا اندراج) | |

بنیادی اشارے :                                                  روپے

**(I) الاٹمنٹ پر زر موصول**

(a) الاٹمنٹ پر رقم واجب — 2,00,000

40,000 حصص x5 روپیہ فی حصہ

(b) الاٹمنٹ پر حقیقی رقم واجب — 2,00,000

الاٹمنٹ پر واجب رقم

منہا کیجیے: زائد درخواست زر جس کا الاٹمنٹ پر اطلاق ہوا — 32,000

زر حقیقتاً واجب الادا — 1,68,000

(c) چٹنی کے الاٹمنٹ زر سے الاٹمنٹ کی رقم واجب 1,600 حصص x5 روپیہ فی حصہ — 8,000

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| منہا کیجیے: زائد زر درخواست ادا | |
| تناسبی تقسیم کی وجہ سے | 1,280 |
| (1,920 حصص-1,600 حصص) 4 x 320 | |
| الاٹمنٹ رقم واجب چٹنی سے | 6,720 |

تناسبی تقسیم کے تناسب کے مطابق (40,000 حصص 48,000 : حصص) الاٹ کیے جانے والے 16,000 حصص۔ چٹنی کو 1,920 حصص کے لیے درخواست دینی چاہیے تھی (1,600 حصص x 6 / 5)

| | |
|---|---|
| (d) الاٹمنٹ زر وصول | 1,68,000 |
| (الاٹمنٹ پر حقیقی رقم واجب) | |
| منہا کیجیے:- چٹنی کے ذریعے ادا نہ کی گئی رقم | (6,720) |
| رقم وصول کی گئی | 1,61,280 |

**(II) حصص ضبطی کھاتہ پر بقایا**

| | |
|---|---|
| چیٹرز کے ذریعہ ادا کی گئی رقم | |
| 1920 حصص کے لیے درخواست کی گئی 4x روپے فی حصہ | 7,680 |
| جگدل کے ذریعے ادا کی گئی رقم: | |
| 2,000 حصص x (4 روپے+3 روپے) 7 روپے فی حصہ | 14,000 |
| کل میزان | 21,680 |

نوٹ: جگدل کے حصص پر پریمیم رقم پر کوئی غور نہیں ہوگا۔ کیونکہ کمپنی کو یہ پوری رقم وصول ہوگئی ہے۔

### 1.7.1 ضبط کردہ حصص کا مکرر اجرا

کمپنی کے ڈائریکٹرز ضبط شدہ حصص یا تو منسوخ کر سکتے ہیں یا ان کا مکرر اجرا کر سکتے ہیں۔ تاہم زیادہ تر وہ مخصوص شیئرز کا مکرر اجرا کرتے ہیں جو مساوی قیمت پر، پریمیم پر یا بٹہ پر ہی ہو سکتا ہے۔ عام طور پر ضبط شدہ حصص کا اجرا پوری طرح ادا شدہ اور یا بٹہ پر کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں یہ بات قابل غور ہے کہ دی گئی چھوٹ اس رقم سے زائد نہیں ہو سکتی جو رقم ان کے اصل اجرا پر ضبطی سے حاصل ہوئی ہے اور یہ کہ ضبط شدہ حصص کے مکرر اجرا پر دی گئی چھوٹ ''حصص ضبطی کا کھاتہ'' میں ڈیبٹ ہونی چاہیے۔ اگر کوئی رقم حصص ضبطی کھاتہ میں باقی بچتی ہے تو اسے سرمایہ منافع گردانا جائے گا اور اسے سرمایہ معکوس (واپسی) کھاتہ میں منتقل کر دیا جانا چاہیے۔ مثال کے طور پر جب کوئی کمپنی 10 روپے فی

© NCERT not to be republished

حصہ والے 200 حصص جن پر 600 روپے وصول ہوئے تھے کو ضبط کرتی ہے تو یہ حصص کے مکرر اجرا پر زیادہ سے زیادہ 600 روپے کی کٹوتی (بٹہ) کی اجازت دے سکتی ہے۔ یہ مانتے ہوئے کہ کمپنی ان حصص کو 1,800 روپے پوری طرح ادا شدہ پر مکرر جاری کرتی ہے اس صورت میں ضروری اندراج ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| بینک کھاتہ | ڈیبٹ | 1,800 |
| حصص ضبطی کھاتہ | ڈیبٹ | 200 |
| شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | 2,000 |
| (200 ضبط شدہ حصص کا 9 روپے پوری طرح ادا شدہ حصص کا مکرر اجرا) | | |

اس سے حصص ضبطی کھاتہ میں 400 روپے باقی رہیں گے جو حصص واپسی کھاتے میں منتقل ہونا چاہیے۔ جس کا روزنامچہ اندراج مندرجہ ذیل ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| حصص ضبطی کھاتہ | ڈیبٹ | 400 |
| کیپٹل ریزرو کھاتہ سے | | 400 |
| (ضبط شدہ حصص کے مکرر اجرا پر منافع) | | |

اس سلسلے میں ایک دوسرا قابل غور نکتہ یہ ہے کہ سرمایہ منافع صرف ضبط شدہ حصص کے مکرر اجرا کی صورت ہی میں سامنے آتا ہے نہ کہ تمام ضبط شدہ حصص پر۔ لہٰذا جب ضبط شدہ حصص کے کسی جزوی حصہ کا مکرر اجرا کیا جاتا ہے تو حصص ضبطی کھاتہ کا تمام بقایا سرمایہ ریزرو میں منتقل نہیں کیا جا سکتا ہے۔ ایسی حالت میں یہ صرف بقایا متناسب رقم ہوتی ہے جو کہ ضبط شدہ حصص کے مکرر اجرا سے تعلق رکھتی ہے۔ جیسے سرمایہ ریزرو میں منتقل ہونا چاہیے۔ اس بات کی یقین دہانی کے بعد کہ حصص ضبطی کھاتے میں بچی بقایا رقم ان ضبط شدہ حصص کے مساوی ہے جن کا ابھی مکرر اجرا نہیں کیا گیا۔

## مثال 16

پولی پلاسٹک لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز نے 100 روپے والے 30 روپے فی حصہ کے 200 ایکوٹی حصص سیکنڈ اور فائنل اقساط طالبی کی رقم کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ضبط کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان میں سے 60 روپے فی حصہ کے حساب سے 150 حصص کا مکرر اجرا روہت کو دیا گیا۔

ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔

© NCERT not to be republished

حل:

## پولی پلاسٹک لمیٹیڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ<br>حصص ضبطی کھاتہ سے<br>شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ سے<br>(200 ضبطی حصص غیر ادا شدہ کی آخری طالبی 30 روپے فی حصہ) | | 20,000 | 14,000<br>6,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>حصص ضبطی کھاتہ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(100 روپے کے حساب سے 150 حصص کا مکرر مکرر اجرا پورے ادا شدہ 60 روپے فی حصہ کے حساب سے) | | 9,000<br>6,000 | 15,000 |
| | حصص ضبطی کھاتہ ڈیبٹ<br>کیپٹل ریزرو کھاتہ سے<br>(150 ضبط شدہ حصص پر منافع حصص ذخیرہ (ریزرو) میں منتقل) | | 4,500 | 4,500 |

بنیادی اشارے:

200 حصص کی کل رقم ضبط = 14,000 (70 x 200 روپے)

150 حصص کی رقم ضبط = 10,500 (70 x150 روپے)

150 حصص کے مکرر اجرا پر رقم خسارہ = 6,000 (40 x150 روپے)

مکرر جاری کیے گئے حصص کا منافع

© NCERT not to be republished

| | | | |
|---|---|---|---|
| سرمایہ ذخیرہ میں منتقل کیا گیا | | 4,500 | (10,500 - 6,000)روپے |
| 50 حصص کی رقم ضبط | = | 3,500 | (50 x 70 حصص) |
| حصص ضبط کھاتے میں باقی بچی رقم | | 3,500 | (14,000 - 6,000)روپے |
| (50 حصص پر ضبط شدہ حصص کے مساوی) | | | 4,500-روپے |

## مثال 17

یکم جنوری 2015 'X' لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز نے 10 روپے والے 50,000 ایکوٹی حصص 12 روپے فی حصہ پر عوام کو چندہ کے لیے جاری کیے، جو 5 روپے درخواست پر (پریمیم شامل) 4 روپے الاٹمنٹ پر اور باقی یکم مئی 2015 کو قسط طالبی پر قابل ادا تھے۔

10 فروری 2015 کو اندراجات بند ہو گئے اس تاریخ تک 70,000 درخواستیں موصول ہوئیں۔ وصول شدہ نقد میں سے 40,000 روپے واپس کر دیے گئے اور 60,000 روپے واجب الادا الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ کر دیے گئے۔ جس کی بقایا رقم 16 فروری 2015 کو ادا کی گئی۔

تمام حصہ داروں نے یکم مئی 2015 تک واجب الادا قسط طالبی ادا کر دی سوائے ایک 500 حصص کے حصہ دار کے۔

یہ حصص 29 ستمبر 2015 کو ضبط کر کے 8 روپے فی حصہ پر ایک نومبر 2015 کو دوبارہ یکم نومبر 2015 کو جاری کر دیے گئے۔

ایک کمپنی اپنی پالیسی کی وجہ سے کالس ان ایریرس (بقایا اقساط طالبی) کھاتہ نہیں رکھتی ہے۔

ان حصہ سرمایہ کے لین دین کی کمپنی کھاتوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے۔

**حل:**

### ایکس لمیٹیڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| 10 فروری | بینک کھاتہ<br>ایکوٹی شیئر درخواست کھاتہ سے<br>(پانچ روپے فی شیئر کے حساب سے 70,000 شیئر کی درخواست پر رقم وصول مع پریمیم) | | 3,50,000 | 3,50,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 16 فروری | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر سرمایہ کھاتہ<br>سیکورٹی پریمیم ذخیرہ کھاتہ<br>(الاٹمنٹ کے نتیجے میں شیئر سرمایہ اور پریمیم کھاتوں میں 50,000 حصص پر زر درخواست کی منتقلی) | | 2,50,000<br><br> | <br>1,50,000<br>1,00,000 |
| 16 فروری | اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ<br>بینک کھاتہ سے<br>اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>(زائد درخواست شیئر الاٹمنٹ میں کریڈٹ کرایا گیا اور مسترد درخواست پر زر واپس کر دیا گیا) | | 1,00,000<br><br> | <br>40,000<br>60,000 |
| 16 فروری | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر درخواست کھاتہ<br>(50,000 حصص کا زر الاٹمنٹ 4 روپے فی حصہ واجب) | | 2,00,000<br> | <br>2,00,000 |
| 16 فروری | بینک کھاتہ سے ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>(الاٹمنٹ پر رقم وصول) | | 1,40,000<br> | <br>1,40,000 |
| یکم مئی | اکیوٹی شیئر فرسٹ اور فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(قسط طالبی اول واجب) | | 1,50,000<br> | <br>1,50,000 |
| یکم مئی | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر فرسٹ و فائنل کال کھاتہ سے<br>(قسط طالبی اول پر رقم موصول) | | 1,48,500<br> | <br>1,48,500 |

© NCERT
not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 29 ستمبر | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ | | 5,000 | |
| | ضبط کردہ شیئر کھاتہ سے | | | 5,000 |
| | اکیوٹی شیئر فرسٹ و فائنل کال کھاتہ سے | | | 1,500 |
| | (قسط طالبی کی عدم ادائیگی کی وجہ سے 500 حصص ضبط) | | | |
| یکم نومبر | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 4,000 | |
| | ضبط کردہ کھاتہ | | 1,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 5,000 |
| | (500 ضبط کردہ حصص 4 روپے فی حصہ پوری طور پر ادا شدہ کا مکرر اجرا) | | | |
| یکم نومبر | شیئر ضبط کردہ کھاتہ ڈیبٹ | | 2,500 | |
| | کیپٹل ریزرو کھاتہ سے | | | 2,500 |
| | (ضبط کردہ حصص کھاتہ کی بقایا سرمایہ ذخیرہ میں منتقل) | | | |

## مثال 18

'O' لمیٹڈ نے 10 روپے کے 2,00,000 اکیوٹی حصص 2 روپے کے پریمیم پر جاری کرنے کی پیشکش کی جو مندرجہ ذیل طور پر قابل ادائیگی تھا۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 2.50 روپے فی حصہ |
| الاٹمنٹ پر | 4.50 روپے فی حصہ (پریمیم شامل) |
| فرسٹ کال (الاٹمنٹ کے 3 ماہ بعد) | 2.50 روپے فی حصہ |
| سیکنڈ کال (فرسٹ کال کے 3 ماہ بعد) | 2.50 روپے فی حصہ |

23 اپریل 2017 کو 3,17,000 حصص کا چندہ موصول ہوا اور 30 اپریل کو درج ذیل طور پر الاٹمنٹ کر دیا گیا۔
حصص تفویض کیے گئے:

| | | |
|---|---|---|
| (i) | مکمل الاٹمنٹ (دو امیدواروں نے 4,000 حصص کا زر الاٹمنٹ پورا ادا کر دیا) | 38,000 |
| (ii) | درخواست کیے گئے ہر تین شیئرز پر دو شیئرز الاٹ کیے گئے | 1,60,000 |
| (iii) | درخواست کیے گئے ہر 4 شیئرز پر ایک شیئر کا الاٹمنٹ کیا گیا | 2,000 |

© NCERT not to be republished

6 مئی 2017 کو 77,500 روپے کی نقد رقم (31,000 حصص پر زر درخواست وصول کر کے جن پر کہ الاٹمنٹ نہیں دیا گیا) امیدواروں کو واپس کر دی گئی۔

حصہ دار حضرات (Allotees) سے طلب کی گئی تمام رقم واجب تاریخ 15 نومبر 2017 کو یہ حصص ضبط کر لیے گئے اور 16 نومبر کو 9 روپے فی حصہ کی ادائیگی پر مکرر جاری کر دیے گئے۔

'O' لمیٹڈ کے کھاتوں میں روزنامچہ اندراجات، نقد رقم کے علاوہ کیجیے اور یہ بھی دکھائیے کہ تختہ توازن میں لین دین کا اندراج کیسے ظاہر کیا جاتا ہے۔ یہ مانتے ہوئے کہ کمپنی 31 اکتوبر 2017 اس پر واجب سود ادا کرے گی۔

**حل:**

## O لمیٹڈ کا کھاتہ

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| 30 اپریل 2017 | شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 7,92,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 5,00,000 |
| | بینک کھاتہ سے | | | 77,500 |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 2,09,000 |
| | کالس ان ایڈوانس کھاتہ سے | | | 6,000 |
| | (الاٹمنٹ کے بعد زر درخواست کی حصہ سرمایہ میں منتقلی اور 86,000 حصص کا واجب زر درخواست مساوی الاٹمنٹ پر شیئر الاٹمنٹ کھاتہ میں کریڈٹ کیا) | | | |
| | اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 9,00,000 | |
| | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 5,00,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ سے | | | 4,00,000 |
| | (2,00,000 حصص پر 4.50 روپے فی حصہ کے حساب سے (پریمیم شامل) کا زر الاٹمنٹ واجب) | | | |

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| 31 جولائی | اکیوٹی شیئر فرسٹ کال کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(2,00,000 حصص پر بحساب 2.50 روپے فی حصہ قسط طالبی اول واجب) | | 5,00,000 | 5,00,000 |
| 31 اکتوبر | اکیوٹی شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتے ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(2,00,000 حصص پر 2.50 روپے فی حصہ قسط طالبی دوم واجب) | | 5,00,000 | 5,00,000 |
| 31 اکتوبر | کالس ان ایڈوانس کھاتہ ڈیبٹ<br>کالس ان ایریرس کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر سیکنڈ و فائنل کال کھاتہ<br>(8,000 شیئرز پر پیشگی ضبط طالبی کی رقم زرواجب قسط طالبی دوم میں ایڈجسٹ) | | 21,000<br>250 | 21,000 |
| 15 نومبر | اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر ضبطی کھاتہ سے<br>کالس ان ایریرس کھاتہ سے<br>(قسط طالبی کی رقم کی عدم ادائیگی کی صورت میں 100 حصص ضبط کیے گئے) | | 1,000 | 250<br>750 |
| 16 نومبر | شیئر ضبطی کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(A پر 100 حصص کے مکرر اجرا پوری طرح ادا شدہ 9 روپے فی حصہ کے حساب سے رقم واجب) | | 100 | 100 |
| 16 نومبر | شیئر ضبطی کھاتہ ڈیبٹ<br>کیپٹل ریزرو (ذخیرہ) کھاتہ سے<br>(ضبط کردہ حصص بند) | | 650 | 650 |

© NCERT not to be republished

| نقدی کھاتہ (کیش بک) | | | |
|---|---|---|---|
| وصولی | رقم (روپے میں) | ادائیگی | رقم (روپے میں) |
| اکیوٹی شیئر درخواست | 7,92,500 | اکیوٹی شیئر درخواست | 77,500 |
| اکیوٹی شیئر الاٹمنٹ | 6,91,000 | باقی لائی گئی آگے کی C/d | 24,00,650 |
| طلب اڈوانس میں | 40,000 | | |
| اکیوٹی شیئر فرسٹ کال | 4,75,000 | | |
| اکیوٹی شیئر سیکنڈ وفائنل کال | 4,78,750 | | |
| اکیوٹی شیئر کیپٹل | 900 | | |
| | **24,78,150** | | **24,78,150** |

بنیادی اشارے:

1۔ زائد زردرخواست

| الاٹمنٹ کا درجہ | اپلائی کیے گئے حصص کی تعداد | الاٹ کردہ حصص کی تعداد | الاٹمنٹ کا تناسب |
|---|---|---|---|
| (1) | 38,000 | 38,000 | 100% |
| (ii) | 2,40,000 | 1,60,000 | 2/3 |
| (iii) | 8,000 | 2,000 | 1/4 |
| | **2,00,000** | **2,86,000** | |

لہٰذا زردرخواست کی واپسی = (2,86,000–3,17,000) x 2.50روپے

= 77,500روپے

زردرخواست موصول = 7,15,000روپے

(2,86,000 حصص@ 2.50روپے فی حصہ)

زردرخواست واجب الادا = 5,00,000 روپے

(2,00,000 حصص @ 2.50 فی حصہ)

زائد درخواست 2,15,000 روپے

2۔ زرپیشگی فوری طلب

جیسا کہ دو حصہ دار حضرات جن کے پاس 4,000 حصص تھے، نے زر الاٹمنٹ پورا کر دیا اس طرح پیشگی فوری طلب ہوگا۔

(8,000 حصص 2.50 روپے 2.+50 روپے =40,000 روپے)

**حصص کی خرید واپسی :** جب کوئی کمپنی اپنے خود کے حصص خرید لے اسے حصص فروخت واپسی کہتے ہیں۔ کمپنی ایکٹ 2013 کی دفعہ 68 کمپنیوں کو اس طرح کی سہولت فراہم کرتی ہے اور وہ اپنے خود کے حصص مندرجہ ذیل کسی بھی طریقہ پر خرید سکتی ہے۔

(a) موجودہ عمومی حصہ داروں سے متناسب شرح پر

(b) کھلے بازار پر

(c) خردہ کھیپ حصہ داروں سے

(d) کمپنی کے ملازمین سے

کمپنی اپنے ہی حصص کو واپس آزاد ذخیرہ (فری ریزرو) سے سیکورٹیز پریمیم سے اور کسی حصہ کے حاصل سے یا دیگر مخصوص سیکورٹیز سے خرید سکتی ہے۔ اگر حصص فری ریزرو سے واپس لیے جاتے ہیں تو کمپنی ایک رقم جو خریدے گئے حصص کی عمومی قیمت کے مساوی ہو۔ سرمایہ واپسی ذخیرہ کھاتہ (Capital Redemption Reserve A/c) میں منتقل کرنی چاہیے۔

حصص کی واپس خرید کے لیے مندرجہ ذیل ضابطے مقرر کیے گئے ہیں۔

(a) کمپنی کو آرٹیکل آف ایسوسی ایشن نے حصص خرید واپس کا اختیار دیا ہو۔

(b) کمپنی کی سالانہ مجلس عامہ میں ایک مخصوص قرارداد لازمی طور پر منظور کی جانی چاہیے۔

© NCERT not to be republished

(c) واپس خرید حصص کی رقم اداشدہ سرمایہ اور فری ریزرو کے 25 فی صد سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے۔

(d) عمومی قرض تناسب واپس خرید حصص کے 2:1 کے تناسب سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(e) خرید واپس کے تمام حصص پوری طرح اداشدہ ہونے چاہئیں۔

(f) خرید واپس حصص مخصوص قرارداد کی منظوری کے 12 ماہ کے اندر مکمل ہوجانی چاہیے۔

(g) کمپنی کو کمپنی رجسٹرار اور ایس ای بی آئی (SEBI) کے ساتھ ایک اعلان مقدرت (ساکھ داری) دائر کرنا چاہیے جس پر کم از کم دو ڈائریکٹرز کے دستخط ہوں۔

## مثال 19

گریما لمیٹڈ نے ایک پراسپیکٹس جاری کرکے 20 روپے اور 100 والے پریمیم پر 3,000 حصص کے لیے مندرجہ ذیل طرز ادائیگی پر چندہ کے لیے درخواستوں کی پیشکش کی۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 20 روپے فی حصہ |
| الاٹمنٹ پر | 50 روپے فی حصہ (مع پریمیم) |
| فرسٹ کال پر | 20 روپے فی حصہ |
| سیکنڈ کال پر | 30 روپے فی حصہ |

4,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں اور 3,600 حصص کے امیدواروں کو تناسبی شرح الاٹمنٹ کیا گیا، باقی درخواستیں مسترد کرکے، درخواستوں پر موصول رقم الاٹمنٹ پر واجب رقم ایڈجسٹ کردی گئی۔

رینو کا جسے 360 حصص الاٹ کیے گئے تھے، زر الاٹمنٹ اور فوری طلب کی ادائیگی میں ناکام رہتی ہے، جس کی وجہ سے اس کے حصص ضبط کرلیے جاتے ہیں، امیدوار کنیکا 200 حصص دو فوری طلب (Two calls) کی ادائیگی میں ناکام رہتی ہے اور اس کے حصص ضبط کرلیے جاتے ہیں۔ یہ تمام حصص 80 روپے فی حصہ کے حساب سے ثمن کو فروخت کردیے گئے۔ کمپنی کے کھاتوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے۔

**حل:**

## گریما لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 80,000 | |
| | شیئر درخواست کھاتہ سے | | | 80,000 |
| | (4,000 حصص 20 روپے فی حصہ زر درخواست موصول) | | | |
| | شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 80,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 60,000 |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے | | | 12,000 |
| | بینک کھاتے سے | | | 8,000 |
| | (3,000 حصص کا زر درخواست سرمایہ حصہ کھاتے میں منتقل، 600 حصص کا الاٹمنٹ کھاتے میں اور 400 حصص کی رقم واپس کی گئی) | | | |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,50,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 90,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتے سے | | | 60,000 |
| | (3,000 حصص پر 50 روپے فی حصہ، 20 روپے فی حصہ پریمیم شامل زر الاٹمنٹ واجب) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,21,440 | |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے | | | 1,21,440 |
| | (حصص الاٹمنٹ پر رقم موصول دیکھیے اشارہ 1) | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے<br>(2,440 حصص پر زر قسط طالبی موصول) | | 48,800 | 48,800 |
| | شیئر سیکنڈ و فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر کیپٹل کھاتہ سے<br>(3,000 حصص پر 30 روپے فی حصہ قسط طالبی واجب) | | 90,000 | 90,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر سیکنڈ و فائنل کال کھاتہ سے<br>(2,440 حصص پر اقساط طالبی اول و دوم موصول) | | 73,200 | 73,200 |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ<br>سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے<br>شیئر فرسٹ کال کھاتہ سے<br>شیئر سیکنڈ و فائنل کال کھاتہ سے<br>شیئر ضبطی کھاتہ سے<br>(560 حصص ضبط) | | 56,000<br>7,200 | <br><br>16,560<br>11,200<br>16,800<br>18,640 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>شیئر ضبطی کھاتہ سے<br>شیئر کیپٹل کھاتہ<br>(ضبط کردہ 560 حصص کا مکرر اجرا) | | 44,800<br>11,200 | <br><br>56,000 |
| | شیئر ضبطی کھاتہ ڈیبٹ<br>کیپٹل ریزرو کھاتہ سے<br>ضبط کردہ حصص اور 560 حصص کے مکرر اجرا پر منافع | | 7,440 | 7,440 |

© NCERT not to be republished

بنیادی اشارے:

| | | |
|---|---|---|
| | الاٹمنٹ پر واجب رقم کا حساب درج ذیل طور پر کیا جائے گا: | (روپے) |
| | الاٹمنٹ پر کل رقم (پریمیم شامل) واجب | 1,50,000 |
| منہا: | 600 حصص پر موصول زر درخواست الاٹمنٹ رقم کی طرف ایڈ جسٹ | (1,2,000) |
| | 3,000 حصص پر خالص الاٹمنٹ کی رقم واجب | 1,38,000 |
| منہا: | 3,600 حصص پر زر الاٹمنٹ واجب رینوکا کو الاٹ کیے گئے مگر موصول نہیں ہوئے $\frac{360}{3,000}$ x 1,38,000 | 16,560 |
| | 2,640 حصص پر خالص رقم موصول | 1,21,440 |

کیونکہ الاٹمنٹ کی رقم جس میں سیکورٹیز پریمیم 20 روپے فی حصہ شامل ہے موصول نہیں ہوئے۔ رینوکا کے 360 حصص (جو ضبط کر لیے گئے) اصول کے مطابق شیئر پریمیم کھاتہ میں ڈیبٹ کر دیے گئے۔

ضبط کردہ رقم کا حساب مندرجہ ذیل طریقے سے کیا جائے گا

| | |
|---|---|
| رینوکا سے زر درخواست موصول h: $\left[360 \times \frac{360}{3000}\right]$ روپے | 8,640= روپے |
| کنیکا سے 200 حصص کا زر درخواست اور الاٹمنٹ موصول | 10,000 روپے |
| ضبط کردہ حصص پر کل رقم موصول | 18,640 روپے |

## آپ اسے خود کیجیے

ایکسیل کمپنی لمیٹڈ نے 10 روپے فی حصہ کے حساب سے 1,00,000 ایکوٹی حصص جاری کرائے جو درج ذیل طریقہ پر قابل ادا تھے۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 2.50 روپے فی حصہ |
| الاٹمنٹ پر | 2.50 روپے فی حصہ |
| فرسٹ و فائنل کال پر | 5.00 روپے فی حصہ |

X حصہ دار جو 400 حصص کا مالک ہے، قسط طالبی ادا نہ کر سکا جس کی وجہ سے اس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ ضبط کردہ حصص میں سے 200 حصص پوری ادائیگی پر 8 روپے فی حصہ کے حساب سے دوبارہ جاری کیے گئے۔ کمپنی کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے اور حصہ سرمایہ اور حصہ ضبطی کھاتہ تیار کیجیے۔

© NCERT not to be republished

**اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—III**

(a) اگر 10 روپے والا شیئر جس پر 8 روپے طلب کردہ ہیں اور اس کے 6 روپے ادا ہو گئے اسے ضبط کرلیا جاتا ہے تو بتایئے کہ حصہ سرمایہ کھاتہ کتنی رقم سے ڈیبٹ کیا جا سکتا ہے۔

(b) اگر ایک 10 روپے والا شیئر جس کے 6 روپے ادا کر دیے گئے ضبط کر لیا گیا یہ کم از کم کتنی قیمت پر دوبارہ جاری کیا جا سکتا ہے۔

(c) اہلو والیہ لمیٹڈ نے پوری طرح ادا شدہ 100 روپے فی حصہ کے حساب سے 1,000 حصص 100,000 روپے کی پلانٹ اور مشینری کے بدلے خریداری کے لیے جاری کیے۔ کمپنی کے روزنامچہ میں کیا اندراج کیا جائے گا۔

**مثال 20**

سن رائز کمپنی لمیٹڈ نے 10,000 حصص 10 روپے فی حصہ کے حساب سے عوام کو 11 روپے فی حصہ پر پیش کیے۔ رقم کی ادائیگی درج ذیل تھی۔

3 روپے درخواست پر

4 روپے الاٹمنٹ پر (پریمیم شامل)

4 روپے فرسٹ اور فائنل کال پر

12,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں اور ڈائریکٹرز نے تناسبی الاٹمنٹ کیا۔

مسٹر احمد 120 حصص کے امیدوار، الاٹمنٹ اور فرسٹ کال کی رقم ادا نہیں کر سکے، اور مسٹر باسو 200 حصص کے مالک کال کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ یہ تمام حصص ضبط کر لیے گئے۔

ضبط کردہ حصص میں سے 150 حصص (مسٹر احمد کے تمام حصص شامل) 8 روپے فی حصہ پر دوبارہ جاری کر دیے گئے۔ مندرجہ بالا لین دین کا روزنامچہ درج کیجیے اور شیئر ضبطی کھاتہ بھی تیار کیجیے۔

**حل:**

## سن رائز کمپنی لمیٹڈ کے کھاتے
## روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 36,000 | |
| | شیئر درخواست کھاتہ سے | | | 36,000 |
| | (12,000 حصص پر 3 روپے فی حصہ زر درخواست موصول) | | | |
| | شیئر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 36,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 30,000 |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 6,000 |
| | (10,000 حصص پر زر درخواست حصہ سرمایہ کھاتہ میں منتقل اور باقی الاٹمنٹ کھاتہ میں) | | | |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 40,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | 6,000 | |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتے سے | | | 30,000 |
| | (10,000 حصص پر 4 روپے فی حصہ، 1 روپیہ پریمیم شامل، الاٹمنٹ کی رقم واجب) | | | 10,000 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 33,660 | |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 33,600 |
| | (شیئر الاٹمنٹ پر رقم وصول دیکھیے نوٹ 1) | | | |
| | شیئر فرسٹ اور فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ | | 40,000 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 40,000 |
| | (10,000 حصص پر 4 روپے فی قسط طالبی کی رقم واجب) | | | |

© NCERT not to be republished

| تاریخ | تفصیلات | | ڈیبٹ | کریڈٹ |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 38,000 | |
| | شیئر فرسٹ اور فائنل کال کھاتہ سے | | | 38,000 |
| | (9,700 حصص پر زرقسط طالبی موصول) | | | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ | | 3,000 | |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ ڈیبٹ | | 100 | |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 340 |
| | شیئر فرسٹ و فائنل کال کھاتہ سے | | | 1,200 |
| | شیئر ضبطی کھاتہ سے | | | 1,560 |
| | (300 حصص ضبط) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,200 | |
| | شیئر ضبطی کھاتہ | | 300 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتہ سے | | | 1,500 |
| | (150 ضبط کردہ حصص کا مکرر اجرا) | | | |
| | شیئر ضبطی کھاتہ ڈیبٹ | | 360 | |
| | کیپٹل ریزرو کھاتہ سے | | | 360 |
| | (150 حصص کے ضبط اور مکرر اجرا پر منافع منتقل) | | | |

## حصص ضبطی کھاتہ

| تاریخ | تفصیلات | رقم (روپے میں) | تاریخ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) | 300 | | متفرقات | | 1,560 |
| | کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) | 360 | | | | |
| | بقایا | 900 | | | | |
| | | **1,560** | | | | **1,560** |

© NCERT not to be republished

بنیادی اشارے:

1۔ الاٹمنٹ پر موصول رقم کا حساب مندرجہ ذیل طریقے پر کیا جائے گا: (روپے)

| | | | |
|---|---|---|---|
| | 10,000 حصص پر 4 روپے فی حصہ کے حساب سے رقم واجب | | 40,000 |
| منہا: | 2,000 حصص پر موصولہ زر درخواست الاٹمنٹ کی رقم میں ایڈ جسٹ | | (6,000) |
| | الاٹمنٹ پر خالص رقم واجب | | 34,000 |
| منہا: | ایک امیدوار سے 120 حصص کی رقم واجب جسے محض 100 حصص جاری کیے گئے | | |
| | 34,000 | 100 | (340) |
| | الاٹمنٹ پر موصول رقم | 10,000 | 33,660 |

2۔ مسٹر احمد کو 100 حصص الاٹ کیے گئے سیکورٹیز پریمیم کھاتے سے صرف 100 روپے ڈیبٹ کیے گئے جن سے زر الاٹمنٹ (پریمیم سمیت) موصول نہیں ہوا۔

3۔ حصص ضبطی کھاتہ کا مطلب ہے ضبط کیے گئے حصص (پریمیم کے علاوہ) سے حاصل شدہ رقم اس کا حساب درج ذیل طریقے سے لگایا جاتا ہے۔ (روپے)

| | |
|---|---|
| مسٹر احمد نے 120 حصص پر 3 فی حصہ زر درخواست ادا کیا ہے | 360 |
| مسٹر باسو نے 200 حصص پر 6 روپے فی حصہ کے حساب سے زر درخواست اور الاٹمنٹ (پریمیم کے علاوہ) ادا کیا ہے | |
| کل رقم حاصل ہوئی | 1,560 |

4۔ مسٹر احمد سے 100 ضبط کردہ حصص کی رقم وصول اور مکرر جاری کردہ رقم جو مسٹر باسو کے | 360

50 ضبط کردہ حصص سے وصول کی گئی رقم روپے | 300

150 حصص پر کل رقم موصول جو ڈیبٹ ضبط کر لی گئی تھی اور بعد میں دوبارہ جاری کر دی گئی

660

منہا: مکرر جاری کردہ حصص پر بٹہ (150x 2 روپے) | 300

سرمایہ منافع کی رقم جو سرمایہ ریزرو میں منتقل کیا گیا | 360

© NCERT not to be republished

## مثال 21

مسٹر سدھیر کے ضبط شدہ شیئرز لکشے کو 8 روپے فی شیئر کے حساب سے کامل ادائیگی کے ساتھ دوبارہ جاری کر دیے گئے۔
بقیہ درخواست دہندگان کو فائنل کال کی گئی جن کی وصولیابی بھی ہوگئی، صرف امیت کے 1,000 شیئرز باقی رہ گئے جنہیں ضبط کر لیا گیا۔ ضبط شدہ شیئرز میں سے 1,500 شیئرز 12 روپے فی شیئر کامل ادائیگی کے ساتھ دیویکا کو دوبارہ جاری کر دیے گئے، لکشے کے تمام شیئرز کو شامل کر لیا گیا، کمپنی کے کھاتوں میں اس کا اندراج کیجیے۔

دیوم لمیٹڈ نے ایک پراسپیکٹس جاری کر کے 30,000 ایکوٹی شیئرز کی درخواستیں طلب کیں، ہر شیئر کی قیمت 4 روپے اور پریمیم 10 روپے تھی جسکی ادائیگی اس طرح ہوئی۔

| | |
|---|---|
| درخواست کے ساتھ (بشمول پریمیم 1 روپیہ) | 3 روپے |
| الاٹمنٹ پر (بشمول پریمیم 1 روپیہ) | 4 روپے |
| پہلی کال پر (بشمول پریمیم 1 روپیہ) | 4 روپے |
| دوسری اور فائنل کال پر (2x1) | بیلنس 3 روپیے |

45,000 شیئرز کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ جن میں سے 20% کو رد کر دیا گیا اور زر درخواست واپس کر دیا گیا۔ بقیہ درخواستوں کو مناسب تناسب سے حصص تقسیم کر دیے گئے۔

مسٹر سدھیر جنہوں نے 600 شیئر کے لیے درخواست دی تھی، زر الاٹمنٹ ادا کرنے میں ناکام رہے جس کی وجہ ان کے شیئرز کو فوراً ہی ضبط کر لیا گیا۔

مس مسکان کو 750 شیئرز الاٹ کیے گئے تھے، انہوں نے پہلی کال کے زر کی ادائیگی نہیں کی جسکی وجہ سے ان کے بھی شیئرز کو ضبط کر لیا گیا۔

## دیوام لمیٹیڈ کھاتے

### روزنامچہ

| مؤرخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>ایکوٹی شیئر درخواست کھاتے سے<br>(45,000 شیئرز کی زر درخواست موصول ہوئی) | | 1,35,000 | 1,35,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | اکیوٹی شیئرز درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 1,35,000 | |
| | اکیوٹی شیئرز سرمایہ کھاتے سے | | | 60,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتے سے | | | 30,000 |
| | اکیوٹی شیئرز الاٹمنٹ کھاتے سے | | | 18,000 |
| | بینک کھاتہ سے | | | 27,000 |
| | (30000 شیئرز کی زر درخواست کو 9,000 واپسی کیے گئے شیئرز سرمایہ کھاتہ اور سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ میں منتقل کیا گیا اور بقیہ زر کو شیئرز الاٹمنٹ کھاتہ میں ایڈجسٹ کرلیا گیا) | | | |
| | اکیوٹی شیئرز الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,20,000 | |
| | اکیوٹی شیئرز اصل سرمایہ کھاتے سے | | | 90,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو سے | | | 30,000 |
| | (30,000 شیئرز پر واجب الادا زر الاٹمنٹ 4 روپے فی شیئرز کے حساب سے بشمول پریمیم کے) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,00,300 | |
| | اکیوٹی شیئرز الاٹمنٹ کھاتے سے | | | 1,00,300 |
| | (زر درخواست موصول ہونے اور زر کو ایڈجسٹ کرنے کے بعد زر الاٹمنٹ موصول ہوا۔ سدھیر کے شیئرز کے علاوہ) | | | |
| | اکیوٹی شیئرز سرمایہ کھاتہ ڈیبٹ | | 2,500 | |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتے | | 500 | |
| | اکیوٹی شیئرز الاٹمنٹ کھاتے سے | | | 1,700 |
| | ضبط شدہ شیئرز کھاتہ سے | | | 1,300 |
| | (سدھیر کے 500 شیئرز کی ضبطی) | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | اکیوٹی شیئرز فرسٹ کال کھاتے ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئرز سے سرمایہ کھاتہ<br>سیکورٹیز پریمیم ریزرو سے<br>(فرسٹ کال زر واجب الادا 29,500 شیئرز پر) | | 1,18,000 | <br>88,500<br>29,500 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئرز فرسٹ کال کھاتہ سے<br>(فرسٹ کال زر موصول ہوا 28,750 شیئرز پر) | | 1,15,000 | <br>1,15,000 |
| | اکیوٹی شیئرز سرمایہ کھاتہ ڈیبٹ<br>سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ<br>اکٹیوٹی شیئرز فرسٹ کال کھاتہ سے<br>ضبط شدہ شیئرز فرسٹ کال کھاتے سے<br>(مسکان کے 750 ضبط شدہ شیئرز) | | 6,000<br>750 | <br><br>3,000<br>3,750 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>ضبط شدہ شیئرز کا کھاتہ<br>اکیوٹی شیئرز سرمایہ کھاتہ سے<br>(سدھیر کے 500 ضبط شدہ شیئرز کا دوبارہ اجرا) | | 4,000<br>1,000 | <br><br>5,000 |
| | اکیوٹی شیئرز سیکنڈ اور فائنل کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئرز سرمایہ کھاتہ سے<br>سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ سے<br>(28,750 شیئرز پر واجب الادا سیکنڈ اور فائنل کال زر) | | 86,250 | <br>57,500<br>28,750 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>اکیوٹی شیئرز سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ سے<br>سیکنڈ اور فائنل کال زر موصول ہوا 27,750 شیئرز پر | | 83,250 | <br>83,250 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | اکیوٹی شیئر سرمایہ کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو | | 1,000 | |
| | اکیوٹی شیئر سیکنڈ اور فائنل کال کھاتہ سے ضبط | | | 3,000 |
| | شدہ شیئر کھاتہ سے | | | 8,000 |
| | (امیت کے 1000 ضبط شدہ شیئر) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 18,000 | |
| | اکیوٹی شیئر سرمایہ کھاتہ سے | | | 15,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم ریزرو کھاتہ سے | | | 3,000 |
| | (ضبط شدہ 1500 شیئرز کا دوبارہ اجرا لکشے کے 1000 شیئرز اور مسکان کے 500 شیئرز سمیت) | | | |
| | ضبط شدہ شیئر کھاتہ ڈیبٹ | | 10,500 | |
| | سرمایہ ریزرو سے | | | 10,500 |
| | (1500 دوبارہ جاری کیے گئے شیئرز کا نفع اصل سرمایہ ریزرو کو منتقل کیا گیا) | | | |

بنیادی اشارے:

1. الاٹمنٹ پر موصول زر

(a) الاٹمنٹ پر واجب زر

30,000 شیئرز x 4 روپے فی شیئرز 1,20,000

(b) الاٹمنٹ پر حقیقی واجب زر

الاٹمنٹ پر واجب زر 1,20,000

مہنا: الاٹمنٹ کے لیے دی گئی درخواستوں کا فائنل زر 18,000

صحیح واجب زر 1,02,000

(c) سدھیر پر واجب الادا زر = 600

© NCERT not to be republished

سدھیر کے ذریعے اپلائی کیے گئے شیئرز
سدھیر کو الاٹ کیے گئے شیئرز
سدھیر ذریعے الاٹمنٹ ذر = $600 \times \frac{30,000}{36,000} = 500$

= 500

(d) الاٹمنٹ پر واجب الادا حقیقی زر 1,02,000
سدھیر کا غیر اداشدہ نفی زر 1,700
الاٹمنٹ پر موصول زر 1,00,300

2. 1,500 شیئرز دوبارہ جاری کیے گئے جن میں اِمت کے 1,000 شیئرز تھے اور بقیہ 500 شیئرز مسکان کے تھے۔
اِمت کے 1,000 شیئرز کا نفع 8,000
مسکان کے 500 شیئرز کا نفع = $500 \times \frac{3,750}{750}$ = 2,500
10,500

3. مسکان کے 250 ضبط شدہ شیئر کھاتہ کا بیلنس = $250 \times \frac{3,750}{750}$ = 1,250

## آپ اسے خود کیجیے

1۔ ایک کمپنی کے ڈائریکٹرز 10 روپے فی حصہ والے 200 حصص ضبط کیے، جن پر 800 روپے ادا کیے گئے تھے، ان حصص کا 1,500 روپے کی ادائیگی پر مکرر اجرا کر دیا گیا۔ روزنامچہ میں متعلقہ اندراج کیجیے۔

2۔ A کے پاس 10 روپے والے 100 حصص ہیں جن پر کہ اس نے 1 روپیہ زر درخواست پر 1 روپیہ کے حساب سے ادا کیا۔ B کے پاس 10 روپے والے 200 شیئرز ہیں جس میں اس نے 1 روپیہ درخواست پر اور 1 روپیہ الاٹمنٹ پر ادا کیا۔ C کے پاس 10 روپے والے 300 شیئرز ہیں جس نے درخواست پر 1 روپیہ، الاٹمنٹ پر 2 روپے اور فرسٹ کال پر 3 روپے ادا کیے۔ یہ سب اپنی بقایا جات اور 4 روپے فی حصہ کی سیکنڈ کال بھی ادا کرنے میں ناکام رہے۔ B,A اور C کے تمام شیئرز ضبط کر لیے گئے اور بعد میں 11 روپے فی حصہ مکمل ادائیگی پر دوبارہ جاری کر دیے گئے۔ مندرجہ بالا لین دین کا روزنامچہ اندراج کیجیے۔

© NCERT not to be republished

## باب میں متعارف کرائی گئیں اصطلاحات

| | | |
|---|---|---|
| 1 | مشترک سرمایہ کمپنی | Joint Stock Company |
| 2 | سرمایہ حصص | Share Capital |
| 3 | منظور اصل سرمایہ | Authorised Capital |
| 4 | اجرائی سرمایہ | Issued Capital |
| 5 | غیر اجرائی سرمایہ | Unissued Capital |
| 6 | وصول شدہ سرمایہ | Subscribed Capital |
| 7 | مکمل ادائرہ اور وصول شدہ | Subscribed and fully paid -up |
| 8 | غیر مکمل شدہ لیکن وصول شدہ | Subscribed but not fully paid - up |
| 9 | ادا شدہ وصول سرمایہ | Paid-up Capital |
| 10 | ریزرو (ذخیرہ) سرمایہ | Reserve Capital |
| 11 | حصص (شیئرز) | Shares |
| 12 | ترجیحی حصہ | Preference Shares |
| 13 | نا قابل واپسی ترجیحی حصہ | Non–redeemable Preference/ Shares |
| 14 | عمومی (اکیوٹی شیئرز) | Equity Shares |
| 15 | بدل پر حصص کا اجرا علاوہ نقد | Issue of Shares for Consideration Other than Cash |
| 16 | حصص پر پریمیم | Premium on Shares |
| 17 | زر درخواست | Application Money |
| 18 | خفیف ترین چندہ | Minimum Subscription |
| 19 | حصص پر اقساط طالبی | Calls on Shares |
| 20 | بقایا اقساط طالبی | Calls in Arrears |
| 21 | پیشگی اقساط طالبی | Calls in Advance |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 22 | زائد چندہ | Over–Subscription |
| 23 | کم چندہ | Under Subscription |
| 24 | حصص کی ضبطی | Forfeiture of Shares |
| 25 | ضبط شدہ حصص کا مکرر اجرا | Re–issue of Forfeited Shares |
| 26 | واپس خرید حصص | Buy-back of Shares |

## خلاصہ

**کمپنی:** افراد پر مشتمل ایک تنظیم جو کمپنی کے حصص رکھنے کی بدولت 'حصہ دار' کہلاتے ہیں اور جو ایک قانونی فرد کے طور پر کاروبار سے متعلق ایک منتخب بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ذریعے کام کرتے ہیں۔

**حصص:** سرمایہ کا جزوی حصہ اور کمپنی کے اندر مالکانہ حقوق کی بنیاد کی تشکیل کرتا ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2013 کے مطابق حصص دو قسم کے ہوتے ہیں یعنی ایکویٹی شیئرز (عمومی حصص) اور ترجیحی حصص، ترجیحی حصص بھی اپنے حقوق کی تغیر پذیری کی بنیاد پر جو ان سے منسلک ہے مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔

ایک کمپنی کا سرمایہ حصص یا تو لوگوں کے مخصوص گروہ کو نجی Placement سے یا عوام کو چندہ کی پیشکش کرکے اکٹھا کیا جاتا ہے۔ لہٰذا حصص کا اجرا کسی کمپنی کے سرمایہ کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ حصص نقد ہو یا پھر نقد کے علاوہ بدل پر جاری کیے جاتے ہیں۔ اول الذکر زیادہ عام ہے۔ حصص نقد کے علاوہ بدل جاری شدہ اس صورت میں کہلاتے ہیں جب کمپنی کوئی کاروبار یا کچھ اثاثہ/ اثاثے خریدتی ہے اور تاجر کمپنی کے پوری طرح پرادا شدہ حصص کی ادائیگی کی شکل میں رضامند ہو جاتا ہے۔

**حصص اجرا مراحل:** نقد کے لیے حصص کا اجرا مقرر کردہ قوانین کے طریقہ کی مطابقت کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ جب نقد کے لیے حصص جاری کیے جاتے ہیں تو ان پر رقم مندرجہ ذیل ایک یا ایک سے زیادہ مراحل میں اکٹھی کی جاتی ہے۔

(i) درخواست برائے حصص
(ii) حصص کی تفویض (الاٹمنٹ)
(iii) حصص پر کال/ کالس (فوری طلب/ اقساط طالبی)

**بقایا اقساط طالبی:** کبھی کبھی الاٹمنٹ یا اقساط طالبی پر حصہ دار کی طلب کردہ پوری رقم موصول نہیں ہوتی۔ اس طرح سے غیر موصولہ رقم اجتماعی طور پر غیر ادا شدہ یا بقایا اقساط طالبی کہلاتا ہے۔ تاہم کمپنی کے لیے یہ لازمی نہیں ہے کہ وہ بقایا اقساط طالبی کھاتہ مرتب کرے۔ ایسی بھی مثالیں ملتی ہیں جب کچھ حصہ دار الاٹ کیے گئے حصص کی غیر طلب کردہ رقم کا کچھ یا کل حصہ محتاط ہونے کی وجہ سے قبل از وقت ادا کر دیتے ہیں۔ حصہ دار کے ذریعے الاٹمنٹ یا اقساط طالبی پر کوئی بھی زائد ادا کردہ رقم پیشگی اقساط طالبی کے نام سے جانی جاتی ہے جس کے

لیے ایک علاحدہ کھاتہ مرتب کیا جاتا ہے۔ کمپنی کو بقایا اقساط طالبی پر سود وصول کرنے کی قدرت حاصل ہوتی ہے اور پیشگی اقساط طالبی پر سود ادا کرنے کی اخلاقی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اگر وہ اسے کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے اہتمام کے مطابق منظور کرتی ہے۔

**زائد چندہ:** ایسا بھی ہوتا ہے کہ کمپنی کو زائد چندہ موصول ہوتا جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ پراسپیکٹس میں چندہ کے لیے پیش کی گئی درخواستوں کی تعداد سے زیادہ درخواستیں حاصل ہو جانا۔

اگر خفیف ترین چندہ کی رقم 90 فی صد کی حد ایک موصول نہیں ہوتی تو اجرا میں رخنہ پڑ جاتا ہے۔ اگر عوام کو پیش کی گئی مجوزہ درخواستوں سے کم درخواستیں موصول ہوتی ہیں تو اجرا کو 'کم چندہ' کہا جاتا ہے۔

**پریمیم پر حصص کا اجرا:** بلالحاظ امر واقعہ کہ حصص نقد کے علاوہ بدل جاری ہوتے ہیں یہ مساوی قیمت یا پریمیم پر بھی جاری کیے جاسکتے ہیں۔ مساوی قیمت پر اجرا حصص سے مراد حصص کی ظاہری قیمت یا عمومی قیمت کے بالکل مساوی رقم پر جاری کیے گئے ہیں۔ اگر حصص پریمیم پر جاری کیے گئے ہیں یعنی ظاہری اور عمومی قیمت سے زائد قیمت پر تو پریمیم ریزرو کی رقم ایک الگ کھاتہ ''سیکورٹیز پریمیم کھاتہ'' میں کریڈٹ کی جائے گی جس کا استعمال سختی کے ساتھ قانون کے دائرہ میں ہوتا ہے۔

**بٹہ پر حصص کا اجرا:** حصص بٹہ پر بھی جاری کیے جاسکتے ہیں یعنی حصص کی ظاہری قیمت سے کم پر۔ اس سلسلے میں کمپنی کو فراہم کردہ اصولوں کی مکمل تعمیل کرنا لازمی ہوتی ہے۔ اس تعمیل کے علاوہ کمپنی کے حصص عموماً بٹہ پر جاری نہیں کیے جاسکتے۔ کمپنی ایکٹ 2013 کے مطابق بٹہ پروف سویٹ ایکوٹی شیئرز بھی جاری کیے جاسکتے ہیں۔ جب حصص بٹہ پر جاری کیے جاتے ہیں تو بٹہ کی رقم ''بٹہ پر حصص اجرا کھاتہ'' میں ڈیبٹ کیا جاتا ہے جو کمپنی کو سرمایہ کا نقصان ہے۔

**حصص کی ضبطی:** کبھی کبھی حصہ دار انھیں الاٹ کیے گئے حصص پر اقساط ادا کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں، اس صورت میں کمپنی کو عہد شکن حصہ داروں کے حصص ضبط کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔ اس کو 'ضبطی حصص' کا نام دیا جاتا ہے۔ ضبطی کا مطلب ہے معاہدہ شکنی کی وجہ سے الاٹمنٹ کا رد کیا جانا اور اس صورت میں پہلے سے موصولہ رقم کو کمپنی کا ضبط کر لینا۔ ضبط کیے گئے حصص کا مختصر حسابی عمل ان حالات پر منحصر ہوتا ہے کہ جس میں حصص جاری کیے گئے ہیں۔ یعنی مساوی قیمت پر، پریمیم پر یا بٹہ پر۔ پہلے سے وصول شدہ رقم حصص ضبطی کھاتہ میں کریڈٹ کر دی جاتی ہے۔

**حصص کا مکرر اجرا:** کمپنی انتظامیہ کمپنی کے ذریعے ضبط کردہ حصص کے مکرر اجرا کے لیے اختیارات عطا کرتی ہے جو اس سے متعلق آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کی شرائط کے دائرہ میں ہوتا ہے۔ حصص کا مکرر اجرا بٹہ پر بھی کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ منظور کردہ بٹہ کی رقم ضبط کردہ حصص کے کریڈٹ بیلنس سے تجاوز نہ کرتی ہو اور جو مکرر جاری کیے گئے حصص سے متعلق ہو۔ لہٰذا ضبط کردہ حصص کے مکرر اجرا پر دیے گئے بٹہ کی رقم ضبط کردہ حصص کھاتہ میں ڈیبٹ کی جاتی ہے۔

ایک بار تمام ضبط شدہ حصص دوبارہ جاری کر دیے گئے تو ضبط کردہ حصص پر کوئی بھی کریڈٹ بیلنس سرمایہ ریزرو (ذخیرہ) میں منتقل کیا جاتا ہے جو ضبطی حصص پر منافع ظاہر کرتا ہے۔ تمام ضبط کردہ حصص کے مکرر جاری نہ ہونے کی صورت میں ضبط کردہ حصص پر

کریڈٹ رقم کھاتے ان حصص سے متعلق جو ابھی دوبارہ جاری نہیں کیے گئے آگے بڑھا دیا جاتا ہے اور صرف کھاتہ کا بقایا بیلنس سرمایہ ریزرو کھاتہ میں کریڈٹ کر دیا جاتا ہے۔

## مشقی سوالات

### مختصر جوابی سوالات

1۔ پبلک کمپنی کسے کہتے ہیں؟

2۔ پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کسے کہتے ہیں؟

3۔ شیئرز ضبط کب ہو سکتے ہیں؟

4۔ کالس ان ایریرس سے کیا مراد ہے؟

5۔ مندرج کمپنی (Listed Company) سے کیا مراد ہے؟

6۔ سیکورٹیز پریمیم کے استعمال کون کون سے ہیں؟

7۔ حصص کی واپسی خرید کسے کہتے ہیں؟

8۔ 'خفیف ترین چندہ' پر مختصر نوٹ لکھیے۔

### طویل جوابی سوالات

1۔ لفظ کمپنی سے کیا مراد ہے؟ اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

2۔ وہ مخصوص درجات جن میں کمپنی کا حصہ سرمایہ منقسم ہوتا ہے، مختصراً بیان کیجیے۔

3۔ لفظ 'شیئر' (حصہ) سے کیا مراد ہے؟ حصص کی اقسام سے بحث کیجیے جو کمپنیز ایکٹ 2013 ترمیم شدہ کے تحت جاری کیے جاتے ہیں۔

4۔ زائد چندہ کی صورت میں کمپنی کے حصص کے الاٹمنٹ عمل کی وضاحت کیجیے۔

5۔ 'ترجیحی حصہ' کسے کہتے ہیں؟ مختلف قسم کے ترجیحی حصص کی وضاحت کیجیے۔

6۔ کالس ان ایریرس (بقایا اقساطی طالبی) اور کالس ان ایڈوانس (پیشگی اقساط طالبی) سے متعلق قانونی اہتمام کا عمل بیان کیجیے۔

7۔ 'زائد چندہ' اور 'کم چندہ' کے بارے میں سمجھائیے۔ ان کا حسابی عمل کیسے کیا جاتا ہے؟

8۔ وہ مقصد بیان کیجیے جس کے تحت کمپنی سیکورٹیز پریمیم کھاتہ استعمال کرتی ہے؟

9۔ وہ شرائط صاف طور پر بیان کیجیے جن کے تحت کمپنی بٹہ پر حصص جاری کرتی ہے۔

10۔ 'ضبطی حصص' اصطلاح کی وضاحت کیجیے اور ضبط حصص کا حسابی عمل بیان کیجیے۔

## عددی سوالات

1۔ انیش لمیٹڈ نے 100 روپے کے 30,000 حصص جاری کیے جو 30 روپے درخواست پر 50 روپے الاٹمنٹ پر اور 20 روپے فرسٹ اور سیکنڈ کال پر قابل ادا تھے تمام رقم مناسب طور پر وصول ہوئی۔

2۔ آدرش کنٹرول ڈیوائس لمیٹڈ 3,00,000 روپے کے منظور شدہ سرمایہ پر رجسٹریشن ہوا، جو 10 روپے والے 30,000 حصص پر منقسم تھا یہ حصص عوام کو چندہ کے لیے پیش کیے گئے۔ رقم قابل ادا تھی 3 روپے فی حصہ درخواست پر، 4 روپے فی حصہ الاٹمنٹ پر اور 3 روپے فی حصہ فرسٹ اور فائنل کال پر یہ حصص کا مکمل طور پر چندہ موصول ہوا۔ روزنامچہ اور کیش بک تیار کیجیے۔

3۔ سافٹ ویئر کے سولیوشن انڈیا لمیٹڈ نے 100 روپے والے 20,000 ایکوٹی حصص کی درخواستوں کے لیے عوام کو مدعو کیا۔ جو درخواست پر 40 روپے، الاٹمنٹ پر 30 روپے اور 30 روپے فی حصہ کال (قسط طالبی) پر قابل ادا تھے۔ کمپنی کو 32.000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ 2,000 حصص کے لیے درخواستیں رد کردی گئیں اور رقم امیدواروں کو لوٹا دی گئی۔ 10,000 حصص کے لیے درخواستیں پورے طور پر منظور کرلی گئیں اور الاٹمنٹ کیے گئے 20,000 حصص کے امیدواروں کو آدھی تعداد میں حصص الاٹ کردیے گئے اور زائد زر درخواست الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ کردیا گیا۔ الاٹ اور قسط طالبی پر تمام واجب الادا رقم موصول ہوئی۔ روزنامچہ و نقد کھاتہ تیار کیجیے۔

4۔ روپک لمیٹڈ نے 100 روپے فی حصہ 10,000 حصص 20 روپے فی حصہ درخواست پر، 30 روپے فی حصہ الاٹمنٹ پر اور باقی 25 روپے کی 2 کالس (اقساط طالبی) کی ادائیگی پر جاری کیے۔ زر درخواست و الاٹمنٹ پورا کا پورا موصول ہوا فرسٹ کال پر تمام لوگوں نے ادائیگی کردی سوائے ایک ممبر کے جس کے پاس 200 حصص تھے، جب کہ ایک دوسرا ممبر جس کے پاس 500 حصص تھے اس نے تمام بقایاجات پورے ادا کردیے فائنل کال (قسط طالبی آخر) طلب نہیں کی گئی۔ روزنامچہ اندراج کرکے نقد کھاتہ تیار کیجیے۔

5۔ موہت گلاس لمیٹڈ نے 10 روپے والے 20,000 حصص 110 روپے فی حصص کے حساب سے جاری کیے، جو 30 روپے درخواست پر 40 روپے الاٹمنٹ پر (پریمیم شامل) 20 روپے اقساط طالبی اول و آخر پر قابل ادا تھے۔ درخواست 24,000 حصص کے لیے موصول ہوئیں جس میں سے 20,000 حصص الاٹ کرکے 4,000 حصص مسترد کردیے اور ان کی رقم واپس کردی۔ تمام رقم مناسب طور پر موصول ہوئی۔ روزنامچہ اندراج کیجیے۔

6۔ ایک لمیٹڈ کمپنی نے 10 روپے فی حصہ کی قیمت والے 11,00,000 ایکوٹی حصص 2 روپے پریمیم پر چندہ کے لیے پیش کی اور 2,00,000 %10 ترجیحی حصص مساوی قیمت حصص پر۔

رقم مندرجہ ذیل طریقے پر قابل ادائیگی تھی:

| | اکیوٹی حصص | ترجیحی حصص |
|---|---|---|
| درخواست پر | 3روپے فی حصہ | 3روپے فی حصہ |
| الاٹمنٹ پر | 5روپے فی حصہ (پریمیم شامل) | 4روپے فی حصہ |
| فرسٹ کال (قسط طالبی اول پر) | 4روپے فی حصہ | 3روپے فی حصہ |

تمام حصص چندہ پر خرید لیے گئے۔طلب کیے گئے اورادا ہوئے۔
ان لین دین کو روز نامچہ اور نقد کھاتہ میں مندرج کیجیے۔

7۔ ایسٹرن کمپنی لمیٹڈ 10,00,000 روپے کا منظور اصل بطور حصص 10 روپے فی حصہ رکھتی ہے۔کمپنی نے 50,000 حصص 3روپے فی حصہ پریمیم مندرج طریقہ سے جاری کیے۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 3روپے فی حصہ |
| الاٹمنٹ پر (پریمیم شامل) | 5روپے فی حصہ |
| فرسٹ کال (الاٹمنٹ کے 3ماہ بعد واجب) | 3روپے فی حصہ |
| اور باقی طلب کرنے پر | |

60,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں اور ڈائریکٹرز حصص مندرجہ ذیل طریقے پر الاٹ کرتے ہیں۔
(a) 40,000 حصص کے امیدواروں کو پورے حصص ملے۔
(b) 15,000 حصص کے امیدواروں کو 8,000 حصص ملے۔
(c) 500 حصص کے امیدواروں کو 200 حصص الاٹمنٹ پر ملے زائد رقم واپس کر دی گئی۔
الاٹمنٹ پر تمام واجب رقوم موصول ہوئیں۔
فرسٹ کال طلب کی گئی اور اس پر رقم موصول ہوئی سوائے 100 حصص کی واجب کال کے۔
کمپنی کے لین دین کا اندراج روز نامچہ اور کیش بک میں کیجیے اور کمپنی کا تختہ توازن بھی تیار کیجیے۔

8۔ سمت مشین لمیٹڈ نے 100 روپے والے پریمیم پر 50,000 حصص 5% بٹہ پر جاری کیے۔حصص درخواست پر 25 روپے، الاٹمنٹ پر 50روپے، اور 30روپے فرسٹ اور فائنل کال پر،اجرا پوری طرح کامیاب رہا تمام رقم موصول ہوئی سوائے 400 حصص پر فائنل کال کے۔ پریمیم الاٹمنٹ پر ایڈ جسٹ کر دیا گیا۔روز نامچہ اندراج کیجیے اور تختہ توازن بھی بنائیے۔

9۔ کمار لمیٹڈ نے بھانو آئیل لمیٹڈ سے 6,30,000 روپے کے اثاثے جات خریدے۔ پوری طرح قابل ادا 100 اکیوٹی حصص بدل پر جاری کر دیے۔روز نامچہ میں کیا اندراج کیا گیا،اگر حصص جاری کیے گئے (a) مساوی قیمت پر (b) 20فی صد پریمیم پر
(جواب: جاری کیے گئے حصص (a) 6,300 (b) 5,250 )

10۔ بنسل ہیوی مشین لمیٹڈ نے ہونڈہ ٹریڈرس سے 3,20,000 روپے کی مشینری خریدی۔ادائیگی 50,000 نقد بقیہ رقم ایکوٹی حصص کے اجرا پر جس کی ظاہری قیمت 100 روپے فی حصہ پوری طرح ادا شدہ 90 روپے اجرا قیمت پر مندرجہ لین دین کے اندراج روزنامچہ میں درج کیجیے۔
(جواب: جاری کیے گئے حصص کی تعداد 3,000 حصص)

11۔ نمن لمیٹڈ نے 100 روپے کے 20,000 حصص جاری کیے جو 25 روپے درخواست پر، 30 روپے الاٹمنٹ پر، 25 روپے فرسٹ کال اور بقیہ فائنل کال پر قابل ادائیگی تھے۔تمام رقم موصول ہوئی سوائے انوبھا کے جس کے پاس 200 حصص تھے مگر الاٹمنٹ اور فرسٹ کال کی رقم ادا نہیں کر پائی اور کم کم جو 100 حصص کی مالکن تھی، دونوں کالس ادا نہیں کیں۔ڈائریکٹرز نے انوبھا اور کمکم دونوں کے حصص ضبط کر لیے۔اس کا روزنامچہ اندراج کیجیے۔

12۔ کشن لمیٹڈ نے 100 روپے فی حصہ والے 15,000 حصص 10 روپے کی پریمیم پر قابل ادائیگی درج پر جاری کیے۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 30 روپے |
| الاٹمنٹ پر (پریمیم شامل) | 50 روپے |
| فرسٹ و فائنل کال | 30 روپے |

تمام حصص خرید لیے گئے کمپنی کو تمام رقم موصول ہوئی۔سوائے 150 حصص کے زر الاٹمنٹ اور فوری طلب رقم کے۔یہ حصص، ضبط کر لیے گئے اور نیہا کو 12 روپے فی حصہ پوری ادائیگی پر مکرر جاری کر دیے گئے۔
کمپنی کے کھاتوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے۔
(جواب: سرمایہ ریزرو (ذخیرہ) 4,500 روپے)

13۔ آروشی کمپیوٹرز لمیٹڈ 100 روپے والے 10,000 ایکوٹی حصص 10% پریمیم پر جاری کیے۔قابل ادائیگی خالص رقم درج ذیل تھی۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 20 روپے |
| الاٹمنٹ پر | 50 روپے (40 روپے + پریمیم 10 روپے) |
| فرسٹ کال (فوری طلب رقم) | 30 روپے |
| فائنل کال پر | 10 روپے |

ایک حصہ دار نے جس کے پاس 200 حصص تھے فائنل کال ادا نہیں کی۔اس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ان میں سے 150 حصص سونیا کو 75 روپے فی حصہ کے حساب سے دوبارہ جاری کر دیے گئے۔
کمپنی کے کھاتوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے۔
(جواب: سرمایہ ریزرو (ذخیرہ) 9,750 روپے۔)

© NCERT not to be republished

14۔ رونق کاٹن لمیٹڈ نے ایک پراسپیکٹس جاری کر کے 100 روپے والے 6,000 ایکوٹی حصص 20 روپے کے پریمیم کی ادائیگی پر لوگوں کو درخواستوں کے لیے درج ذیل طور پر مدعو کیا۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 20 روپے |
| الاٹمنٹ پر | 30 روپے (پریمیم شامل) |
| فرسٹ کال پر | 30 روپے |
| فائنل کال پر | 20 روپے |

درخواستیں 10,000 حصص کے لیے موصول ہوئیں اور 8,000 حصص کا تناسبی الاٹمنٹ کیا گیا۔ بقیہ درخواستیں رد کر دی گئیں۔ درخواستوں پر موصولہ زائد رقم الاٹمنٹ واجب الادا میں ایڈجسٹ کر دی گئیں۔
روہت جسے 300 حصص تفویض کیے گئے تھے الاٹمنٹ اور فرسٹ کال کی ادائیگی میں ناکام رہا، اس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ اتیکا جس نے 600 حصص کے لیے درخواست دی تھی دو کالس کی ادائیگی میں ناکام رہی اور اس کے حصص بھی ضبط کر لیے گئے۔ یہ تمام حصص کارتک کو 80 روپے فی حصہ پوری ادائیگی پر بیچ دیے گئے۔
کمپنی کی کتابوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے۔
(جواب: سرمایہ ریزرو 15,500 روپے۔)

15۔ ہمالیہ کمپنی لمٹیڈ نے دو روپے فی شیئر کی پریمیم پر 10 روپے فی شیئر کے حساب سے 1,20,000 ایکوٹی شیئر کی عوامی خریداری کا اجرا کیا۔ جس کی تفصیل اس طرح ہے۔

| | |
|---|---|
| درخواست کے ساتھ | 3 روپے فی شیئر |
| تفویض پر (مع پریمیم کے) | 5 روپے فی شیئر |
| پہلی قسط طالبی پر | 2 روپے فی شیئر |
| دوسری اور آخری قسط طلبی پر | 2 روپے فی شیئر |

1,60,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ تناسبی بنیاد پر الاٹمنٹ کر دیا گیا۔ موصولہ زائد رقم الاٹمنٹ کے برخلاف ایڈجسٹ کر دی گئی۔ روہن جسے 4,800 حصص تفویض کیے گئے دو کالس کی ادائیگی میں ناکام رہا۔
یہ حصص سیکنڈ کال کی طلبی کے بعد ضبط کر لیے گئے۔ تمام ضبط کردہ حصص ٹینا کو درجہ 7 روپے فی حصہ کے حساب سے پوری ادائیگی دوبارہ جاری کر دیے گئے۔
کمپنی کی کتابوں میں روزنامچہ کے تمام اندراجات مکمل کیجیے۔
(جواب = 14,400 روپے)

16۔ پرنس لمیٹڈ نے ایک پراسپیکٹس جاری کر کے 10 روپے والے 20,000 ایکوٹی حصص 3 روپے کے پریمیم پر مندرجہ ذیل طریقے پر ادائیگی کے لیے لوگوں کو مدعو کیا۔

| | |
|---|---|
| درخواست کے ساتھ | 2 روپے |
| الاٹمنٹ (پریمیم شامل) | 5 روپے |
| فرسٹ کال پر | 3 روپے |
| سیکنڈ کال پر | 3 روپے |

درخواستیں 30,000 حصص کے لیے موصول ہوئیں اور الاٹمنٹ تناسبی بنیاد پر کیا گیا۔ درخواستوں پر ادا زائد رقم واجب الادا الاٹمنٹ میں ایڈجسٹ کر دی گئی۔

مسٹر روہت جسے 400 حصص الاٹ کیے گئے تھے، الاٹمنٹ اور فرسٹ کال کی رقم کی ادائیگی میں ناکام رہے اور فرسٹ کال کے بعد اس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ مسٹر جولی جس کو 600 حصص الاٹ کیے گئے تھے 2 کالس کی ادائیگی میں ناکام رہے لہٰذا ان کے حصص بھی ضبط کر لیے گئے۔

ان ضبط کردہ حصص میں سے 800 حصص مکمل ادائیگی پر سپریا کو 9 روپے فی حصہ پر مکرر اجرا کر دیا جاتا ہے جس میں مسٹر موہت کے تمام حصص شامل کیے گئے۔

کمپنی کی کتابوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے اور تختۂ توازن بھی تیار کیجیے۔

(جواب: ذخیرہ سرمایہ =2,000 روپے)

17۔ لائف مشین ٹولز لمیٹڈ نے 10 روپے والے 50,000 ایکوٹی حصص 12 روپے پر جاری کیے جو درخواست پر 5 روپے (پریمیم شامل)، الاٹمنٹ پر 4 روپے اور بقیہ فرسٹ و فائنل کالس پر قابل ادائیگی تھے۔

درخواستیں 70,000 حصص کے لیے موصول ہوئیں تھیں جو رقم حاصل ہوئی تھی اس میں 40,000 واپس کر دیے گئے اور 60,000 روپے والے واجب الادا الاٹمنٹ رقم میں لگائے گئے اور جس کا بقایا ادا کر دیا گیا۔ تمام حصہ داروں نے واجب کال ادا کر دی سوائے 500 حصص رکھنے والے ایک حصہ دار کے۔ یہ حصص ضبط کر لیے گئے اور مکمل ادائیگی 8 روپے فی حصہ کے حساب سے انھیں دوبارہ جاری کر دیے گئے۔ اس لین دین کا زر روزنامچہ اندراج کیجیے۔

(جواب: ذخیرہ سرمایہ =2,500 روپے)

18۔ دی اورینٹ کمپنی لمیٹڈ نے 10 روپے والے 20,000 حصص 10 فی صد پریمیم پر عوامی چندہ کے لیے پیش کیے جو 2 روپے درخواست پر، 4 روپے الاٹمنٹ پر، (پریمیم شامل) 3 روپے فرسٹ اور 2 روپے سیکنڈ اور فائنل کال پر قابل ادائیگی تھے۔ درخواستیں 2,600 حصص کے لیے موصول ہوئیں۔ 4,000 حصص کی درخواستیں مسترد کر دی گئیں۔ باقی بچی درخواستوں پر تناسبی

الاٹمنٹ کر دیا گیا۔ دونوں کالس طلب کر لی گئیں اور تمام رقم موصول ہوئیں سوائے 500 حصص پر فائنل کال کے جو ضبط کر لیے گئے۔ بعد میں پوری ادائیگی پر 9 روپے فی حصہ کے حساب سے 300 حصص دوبارہ جاری کیے گئے۔
روز نامچہ اندراج کر کے تختہ توازن تیار کیجیے۔
(جواب: سرمایہ ریزرو=2,100 روپے)

19۔ الفا لمیٹڈ نے 10 روپے والے 4,00,000 حصص کے لیے مندرجہ ذیل شرائط پر درخواستیں طلب کیں۔

| | |
|---|---|
| درخواست پر ادائیگی | 5 روپے فی حصہ |
| الاٹمنٹ پر ادائیگی | 3 روپے فی حصہ |
| فرسٹ اور فائنل کالس پر ادائیگی | 2 روپے فی حصہ |

5,00,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں اور یہ طے کیا گیا کہ:

(a) 20,000 حصص کے امیدواروں کا الاٹمنٹ نامنظور کرنا۔
(b) 80,000 حصص کے امیدواروں کو پورا الاٹمنٹ کرنا۔
(c) باقی دستیاب حصص دوسرے امیدواروں میں تناسبی الاٹمنٹ کرنا اور
(d) زائد زر درخواست کو الاٹمنٹ رقم کی جزوی ادائیگی میں استعمال کرنا اور

ایک امیدوار و جسے تناسب کی بنیاد پر الاٹمنٹ دیا گیا تھا وا جب زر الاٹمنٹ اور قسط طالبی ادا نہیں کر پایا اور اس کے 400 حصص ضبط کر لیے گئے۔ یہ حصص 9 روپے فی حصہ کے حساب سے مکرر جاری کر دیے گئے۔
روز نامچہ اور کیش بک میں اندراج درج کیجیے۔
(جواب: سرمایہ ریزرو (ذخیرہ)=2,100 روپے)

20۔ اشوک کمپنی لمیٹڈ جس نے 20 روپے فی حصہ والے ایکوٹی حصص 4 روپے کے پریمیم پر جاری کیے تھے اور 4 روپے فی حصہ کی فائنل کال کی عدم ادائیگی کی وجہ سے 400 ضبط کردہ حصص 14 روپے فی حصہ کے حساب سے دوبارہ جاری کیے گئے اور باقی بچے ہوئے 200 حصص 20 روپے فی حصہ کے حساب سے مکرر جاری کیے۔ ضبط حصص اور مکرر اجرا کے لیے روز نامچہ اندراج کریں اور سرمایہ ریزرو میں منتقل رقم اور باقی رقم حصص ضبطی کھاتہ میں ظاہر کریں۔
(جواب: سرمایہ ریزرو=6,400 روپے، حصص ضبطی کھاتہ میں باقی 4,800 روپے)

21۔ امت 10 روپے والے 100 حصص رکھتا ہے۔ جن پر اس نے ایک روپے فی حصہ کے حساب سے زر درخواست ادا کیا۔ بمل 10 روپے فی حصہ والے 300 حصص رکھتا ہے اور درخواست پر ایک روپے، الاٹمنٹ پر 2 روپے اور فرسٹ کال پر 3 روپے ادا کر چکا ہے۔ وہ سب لوگ اپنی بقایا رقوم اور 2 روپے فی حصہ سیکنڈ کال کی ادائیگی میں ناکام رہتے ہیں لہٰذا ڈائریکٹرز

© NCERT not to be republished

نے اس کے حصص ضبط کر لیے۔ حصص بعد میں 11 روپے فی حصہ کی مکمل ادائیگی پر دوبارہ جاری کر دیے جاتے ہیں۔ ان لین دین کا اندراج روزنامچہ کیجیے۔

(جواب: سرمایہ ریزرو 2,500 روپے)

22۔ اجنتا کمپنی لمیٹڈ 3,00,000 روپے کا سرمایہ رکھتی ہے۔ جسے اس نے 10 روپے فی حصہ والے 20,000 حصوں میں بانٹ کر عوام کو چندہ کے لیے پیش کیا۔ جو 2 روپے درخواست پر، 3 روپے الاٹمنٹ پر اور باقی دو اقساط طالبی پر 250 روپے کے حساب سے قابل ادائیگی ہیں کمپنی کو 24,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ 20,000 درخواستوں کو منظور کر کے پورے طور پر الاٹمنٹ دے دیا گیا۔ باقی درخواستیں مسترد کر کے ان کی رقم واپس کر دی گئی۔ تمام واجب رقوم موصول ہوئیں سوائے 600 حصص کی فائنل کال کے وہ قانونی خانہ پوری کرنے کے بعد ضبط کر لیے گئے۔ 600 ضبط کردہ حصص میں سے 400 حصص 9 روپے فی حصہ کے حساب سے دوبارہ جاری کر دیے گئے۔

روزنامچہ میں ضروری اندراجات درج کیجیے۔ تختہ توازن تیار کیجیے سرمایہ ریزرو اور ضبطی حصص کھاتہ میں منتقل کی گئی رقم ظاہر کیجیے۔

(جواب: سرمایہ ریزرو میں منتقل رقم =2,600 روپے)

23۔ بھوشن آئیل لمیٹڈ کے کتابوں میں مندرجہ ذیل لین دین کا روزنامچہ میں اندراج کیجیے۔

(a) 100 روپے فی قیمت والے 200 حصص 10 روپے کی پریمیم پر جاری کیے گئے تھے جو 60 روپے فی حصہ الاٹمنٹ کی عدم ادائیگی پر ضبط کر لیے گئے۔ ان حصص پر 20 روپے فی حصہ کی فرسٹ اور فائنل کال نہیں کی گئی۔ ضبط کردہ حصص 70 روپے فی حصہ کی پوری ادائیگی پر دوبارہ جاری کیے گئے۔

(b) 10 روپے والے 150 حصص 4 روپے فی حصہ کے حساب سے پریمیم پر جاری کیے گئے جو الاٹمنٹ کے ساتھ قابل ادا تھے جو 8 روپے فی حصہ (پریمیم شامل) الاٹمنٹ کی رقم کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ضبط کر لیے گئے، 4 روپے فی حصہ کی فرسٹ اور فائنل کال طلب نہیں کی گئی۔ ضبط شدہ حصص 15 روپے فی حصہ مکمل ادا شدہ رقم پر مکرر جاری کر دیے گئے۔

(c) 400 حصص 50 روپے فی حصہ کی مساوی قیمت پر جاری کیے گئے اور 10 روپے فی حصہ کی فائنل کال کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ضبط کر لیے گئے۔ یہ حصص 45 روپے فی حصہ مکمل ادائیگی پر دوبارہ جاری کر دیے گئے۔

(جواب: سرمایہ ریزرو (a) صفر (b) 300 روپے (c) 14,000 روپے)

24۔ ایشا لمیٹڈ 100 روپے کی قیمت والے 40,000 حصص کا 20 فی حصہ پریمیم پر اجرا کرتی ہے جو درخواست پر 40 روپے، الاٹمنٹ پر 40 روپے (پریمیم شامل) فرسٹ کال پر 25 روپے اور سیکنڈ و فائنل کال پر 15 فی حصہ پر قابل ادائیگی ہیں۔

50,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں ان کا تناسب کی بنیاد پر الاٹمنٹ کیا گیا۔ درخواست پر وصول زائد رقم الاٹمنٹ پر واجب الادا رقم میں ایڈجسٹ کر دی گئی۔

© NCERT not to be republished

روہت جسے 600 حصص تفویض کیے گئے تھے الاٹمنٹ کی رقم ادا کرنے میں ناکام ہوگیا اور الاٹمنٹ کے بعد اس کے تمام حصص ضبط کر لیے گئے۔ شمتا جس نے 1,000 حصص کے لیے درخواست دی تھی۔
دونوں کالس کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہا اور اس کے حصص بھی سیکنڈ کال کے بعد ضبط کر لیے گئے۔ ضبط کردہ حصص میں سے 85 روپے فی حصہ تمام ادا شدہ کی بنیاد پر کپل کو فروخت کر دیے گئے جس میں روہت کے تمام حصص شامل تھے۔
روزنامچہ میں ضروری اندراج درج کیجیے۔
(جواب: سرمایہ ریزرو=48,000 روپے، حصہ ضبطی کھاتہ میں باقی 12,000 روپے)

## جوابات: اپنی معلومات کی جانچ کیجیے

### اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—I

(a) درست (b) غلط (c) غلط (d) درست (e) درست (f) درست
(g) غلط (h) درست (i) غلط (j) درست (k) درست

### اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—II

(a) (ii)، (b) (iii)، (c) (i)، (d) (ii)، (e) (i)، (f) (iii)، (g) (iii)

### اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—III

(a) 8 روپے
(b) 4 روپے
(c) فروشندہ (Vendor) ڈیبٹ 1,00,000
شیئر کیپٹل کھاتہ سے 1,00,000

© NCERT not to be republished